**ترکیب استعمال**: ۱ تا ۲ گولی رات کو سوتے وقت پانی سے دیں۔

**حب شفاء**: دردِ سر کے لئے مفید ہیں۔ اکثر اعصابی وجعی مزمنہ میں مفید ہیں۔ شباب کو قائم رکھتی ہیں اور صحت کی محافظ ہیں۔ اس کے استعمال سے افیون کی عادت چھوٹ جاتی ہے۔

**ترکیب استعمال**: ایک گولی صبح نہار منہ پانی سے استعمال کرائیں۔

**روغن بنفشہ**: دردِ سر میں مفید ہے۔ دماغ کی خشکی کو دور کرتا ہے اور نیند لاتا ہے۔

**ترکیب استعمال**: سر اور پیشانی پر مالش کریں۔

**روغن کاہو**: گرمی سے پیدا ہونے والے دردِ سر کو دور کرتا ہے۔ دماغ کی خشکی کو دور کر کے ٹھنڈک پیدا کرتا ہے اور نیند لاتا ہے۔

**ترکیب استعمال**: بقدر ضرورت سوتے وقت سر اور پیشانی پر مالش کریں اور ناک کان میں بھی ایک دو قطرے ڈالیں۔

**روغن کدّو**: دماغ کی خشکی کو دور کر کے ٹھنڈک پیدا کرتا ہے اور نیند لاتا ہے۔ گرمی سے پیدا ہونے والے دردِ سر کو دور کرتا ہے۔

**ترکیب استعمال**: بقدر ضرورت سوتے وقت سر اور پیشانی پر مالش کریں اور ناک کان میں بھی ایک دو قطرے ڈالیں۔

**قرص مسکّن**: درد جسم کے کسی بھی حصّہ میں ہو اس دوا کے استعمال سے بہت جلد دور ہو جاتا ہے۔ عصبی سکون کے لئے مفید ہے۔

**ترکیب استعمال**: ایک قرص ۵ گرام خمیرہ گاؤزباں عنبری جواہر والا یا دہلوی گاؤزبانی عنبری جواہری-SF کے ساتھ کھلائیں۔

**مائگرا کیپ**: شقیقہ کے مرض میں جس میں شدید دھڑکن کے ساتھ سر کے ایک جانب درد ہوتا ہے فائدہ مند ہے۔ اس طرح کا درد آنکھ یا کنپٹی کے اطراف میں اچانک اٹھتا ہے اور پھر یہ نصف سر یا پورے سر میں پھیل جاتا ہے اور پھر بھوک کی کمی، متلاہٹ، قے اور غذا سے عدم رغبت وغیرہ پیدا ہو جاتی ہے۔

**ترکیب استعمال**: ایک یا دو کیپسول روزانہ دو بار پانی کے ساتھ دیں۔ ایک بار سورج نکلنے سے پہلے اور ایک بار سورج ڈھلنے کے بعد۔

**نوٹ**: مذکورہ ادویات کے علاوہ اطریفل اسطوخودوس، اطریفل ملیّن، حبّ جواہر، خمیرہ گاؤزباں عنبری، خمیرہ گاؤزباں عنبری جواہر والا، خمیرہ مروارید، دہلوی اطریفل جاروب دماغ - SF، دہلوی گاؤزبانی عنبر - SF، دہلوی گاؤزبانی عنبری جواہری-SF، دہلوی خمیرہ موتی-SF، دہلوی بلو بام، دہلوی جاروب دماغ (اسطوخودوس) کیپسول، دواء المسک معتدل، روغن گل، عرق عجیب، کشتہ مرجان، کشتہ مرجان جواہر، لیونڈر کیپسول، موصلی کیسر پراش، موصلی کیسر پراش-SF، موصلی کیسر کیپسول اور نورس کا استعمال بھی کرایا جا سکتا ہے۔

### ضعف دماغ (دماغ کی کمزوری)
### (Cerebral Atony)

**اطریفل مقوّی دماغ**: دماغ کو طاقت دیتا ہے۔ نظر کی کمزوری میں مفید ہے۔ دائمی نزلہ اور دردِ سر میں بھی مفید ہے۔

**ترکیب استعمال**: ۵ تا ۱۰ گرام سوتے وقت نیم گرم پانی یا دودھ سے استعمال کرائیں۔

**خمیرہ گاؤزباں سادہ**: دل و دماغ کو طاقت دیتا ہے۔ خفقان، گھبراہٹ اور مالیخولیا کو دور کرتا ہے۔ بینائی کو قائم رکھتا ہے۔

**ترکیب استعمال**: ۱۰ گرام صبح نہار منھ چاندی کے ورق میں لپیٹ کر کھلائیں۔ ۱۲۵ ملی لیٹر عرق بادیان یا تازہ پانی سے بھی استعمال کرا سکتے ہیں۔

**خمیرہ گاؤزباں عنبری**: دل و دماغ کو طاقت دیتا ہے۔

خفقان، گھبراہٹ اور خیالات کی پریشانی کو دور کرتا ہے۔ آنکھوں کو طاقت دیتا ہے۔ ذہن اور حافظہ کو تیز کرتا ہے۔ دماغی کام کرنے والوں کے لئے اس کا روزانہ استعمال مفید ہے۔

**ترکیب استعمال:** ۵ گرام صبح نہار منہ یا وقت ضرورت پانی سے استعمال کرائیں۔

**خمیرہ گاؤزباں عنبری جواہر والا:** دل و دماغ کی تقویت اور فرحت کے لئے نہایت مفید ہے۔ عام جسمانی کمزوری اور مالیخولیا کو دور کرتا ہے۔ دماغی کام کرنے والوں کے لئے اس کا روزانہ استعمال مفید ہے۔ نسیان (بھول) کے مرض میں مجرب ہے۔ آنکھوں کو طاقت دیتا ہے، دماغی کمزوری کو دور کرتا ہے اور ذہن کو تیز کرتا ہے۔

**ترکیب استعمال:** ۵ گرام صبح نہار منہ یا وقت ضرورت دودھ یا پانی کے ساتھ استعمال کرائیں۔

**دہلوی گاؤزبانی عنبر-SF:** صدیوں کا آزمودہ خمیرہ گاؤزباں عنبری کی ترقی یافتہ شکل ہے جو شگر فری شکل میں پیش کیا گیا ہے۔ خمیرہ گاؤزباں عنبری کی تمام ترخصوصیات کے ساتھ دہلوی گاؤزبانی عنبر-SF میں بس شکر نہیں ہے تاکہ اسے ذیابیطس کے مریض بھی استعمال کرسکیں۔

**ترکیب استعمال:** ۵ گرام صبح نہار منہ یا وقت ضرورت پانی سے استعمال کرائیں۔

**دہلوی گاؤزبانی عنبری جواہری-SF:** صدیوں کا آزمودہ خمیرہ گاؤزباں عنبری جواہر والا کی ترقی یافتہ شکل ہے جو شگر فری شکل میں پیش کیا گیا ہے۔ خمیرہ گاؤزباں عنبری جواہر والا کی تمام ترخصوصیات کے ساتھ دہلوی گاؤزبانی عنبری جواہری-SF میں بس شکر نہیں ہے تاکہ اسے ذیابیطس کے مریض بھی استعمال کرسکیں۔

**ترکیب استعمال:** ۵ گرام صبح نہار منہ یا وقت ضرورت دودھ یا پانی کے ساتھ استعمال کرائیں۔

**روغن بادام شریں:** اس کی مالش دماغ کو طاقت دیتی ہے اور تراوٹ پیدا کرتی ہے۔ اعصاب کی تھکن کو دور کرتا ہے اور نیند لاتا ہے۔ اندرونی طور پر استعمال کرانے سے آنتوں کی خشکی دور کرتا ہے۔ آنتوں کی خشکی سے اگر قبض رہتا ہو تو اس کو زائل کرنے میں مفید ہے۔

**ترکیب استعمال:** ۵ ملی لیٹر سے ۱۰ ملی لیٹر تک سر پر لگائیں۔ ناک اور کان میں ایک دو بوند ٹپکائیں۔ قبض دور کرنے کے لئے مقررہ مقدار ۲۵ ملی لیٹر دودھ میں ملا کر پلائیں۔

**نوٹ:** مذکورہ ادویات کے علاوہ آملینا، اطریفل اسطوخودوس، اطریفل کشنیزی، برینی، حبِّ عنبر مومیائی، دہلوی اطریفل جاروب دماغ (اسطوخودوس)-SF، دہلوی جاروب دماغ (اسطوخودوس) کیپسول، کشتہ طلا، کشتہ نقرہ، لیونڈر کیپسول، میمورائز اور نورس بھی مستعمل ہیں۔

## حبل شوکی کی کمزوری

**(Weakness of Spinal Cord)**

**دہلوی عنبر شیلاجیت کیپسول:** مرکزی اعصابی نظام (دماغ اور حبل شوکی) کو غذا فراہم کرتا ہے۔ یہ دوران خون کو بہتر بناتا ہے۔ اسی طرح یہ عام کمزوری اور سستی میں بھی مفید ہے۔

**ترکیب استعمال:** ایک یا دو کیپسول صبح پانی سے دیں۔

## افسردگی (ڈپریشن)

**(Depression)**

**ڈپریسونل:** قدرتی جڑی بوٹیوں کے امتزاج سے بنی ہوئی ایک عجیب وغریب دوا ہے جو افسردگی، احساسِ رنج وغم، نیند کی کمی یا بالکل بے خوابی، قلت اشتہاء اور اپنی بے وقعتی کے احساس کو کم کرتی ہے۔ یہ دوا مریض کو سکون بخشتی ہے، احساس کی شدت کو کم کرتی ہے، طبیعت کو موزوں بناتی ہے، خوشی ومسرت اور سب میں گھلنے ملنے کے جذبات کو بڑھاتی ہے۔ یہ دوا درد اور تھکاوٹ کو کم اور ذہنی توانائی کو زیادہ کرتی ہے۔ یہ مریض کے لئے زیادہ خوشگوار ہوتی ہے بہ نسبت اُن دواؤں کے جو افسردگی کو دور کرنے کے لئے دی جاتی ہیں کیونکہ یہ سو فیصد قدرتی اجزاء پر مشتمل ہوتی ہے اور اس میں کوئی مضر اثرات بھی نہیں ہوتے۔

**ترکیب استعمال:** روزانہ ایک یا دو کیپسول بعد غذا پانی کے ساتھ دیں۔ مندرجہ بالا طریقہ سے اس کا استعمال برابر جاری رکھیں جب تک کہ علامات مرض باقی رہیں۔ لیکن جب یہ علامات کم ہوجائیں تو رفتہ رفتہ اس کی خوراک کم کردیں۔ اس کا استعمال چند ہفتوں تک ہی رکھیں اور مقدار خوراک سے زیادہ اس کا استعمال مناسب نہیں ہے۔

**نوٹ:** مذکورہ ادویات کے علاوہ اسٹریسونل، دہلوی اعصاب پلس، لیونڈر کیپسول، ملیٹھی کیپسول اور نورس بھی مستعمل ہیں۔

## فکر (تشویش)

**(Anxiety)**

**تگر کیپسول:** اسے فکر، دماغی الجھن، ہسٹیریا، دماغی خلل، دماغی پریشانی، کام میں دل نہ لگنا، جوش وخروش اور ماہواری بند ہونے سے پیدا ہونے والی جذباتی پریشانیوں میں استعمال کیا جاتا ہے۔ دماغ کی غیر معمولی سرگرمیوں اور اعصابی جوش وخروش کو کم کرتی ہے اور اس طرح ان لوگوں کی خاطر خواہ مدد کرتی ہے جو دماغی سرگرمیوں کو چھوڑنا چاہتے ہیں۔ یہ ذہنی دباؤ سے متعلق ہر قسم کی تکلیفوں میں مفید ہے اور ذہن کو سکون بخشتی ہے۔ فکر کی بیشتر شکایات جیسے کپکپی، خوف وہراس، اختلاج قلب اور پسینہ پسینہ ہوجانے کا علاج اس سے کیا جاتا ہے۔ یہ بے خوابی کا بہترین علاج ہے خواہ فکر کی وجہ سے ہو

یا جوش وخروش کی وجہ سے ہو۔ یہ ماہواری سے قبل کی پریشانیوں کا بھی علاج ہے۔ یہ اعصابی تشنج کو دور کرتی ہے اور ہائی بلڈ پریشر کی وجہ سے بڑھے ہوئے خون کے دباؤ کو کم کرتی ہے۔

**ترکیب استعمال**: ایک کیپسول دن میں دو بار کھانے کے بعد پانی کے ساتھ دیں۔ نیند نہ آنے کی صورت میں بستر پر جانے سے تقریباً ایک گھنٹہ قبل ۲ کیپسول دیں۔ اس وقت الکحل، باربیچوریٹس یا کوئی مسکن دوا نہ لیں۔

**کام-ڈائون**: مزمن اعصابی تناؤ کو بلا کسی ردِّ عمل کے کم کرتا ہے۔ اس میں ایسی جڑی بوٹیاں شامل ہیں جو ذہنی وجسمانی دباؤ اور بعض دماغی تفکرات کو غُدودی رطوبات کی اصلاح کر کے کم کرنے میں مدد دیتی ہیں۔ یہ دوا ذہنی سکون بھی عطا کرتی ہے اور مریض کو قدرتی نیند کی طرف مائل کرتی ہے اور جسمانی و دماغی قوت کے درمیان ایک توازن پیدا کرتی ہے۔

**ترکیب استعمال**: ایک یا دو کیپسول دن میں دو بار غذا کے بعد پانی کے ساتھ دینا چاہیئے۔ چھ سال سے کم عمر کے بچوں کو ایک کیپسول دن میں دو بار دینا چاہیئے۔ اس دوا کی معینہ مقدار مذکورہ بالا ہدایات کے مطابق اس وقت تک دی جانی چاہیئے جب تک کہ مذکورہ امراض کی علامات پائی جاتی رہیں۔

نوٹ: مذکورہ ادویات کے علاوہ اسٹریسونل، اسرول کیپسول، اشواندھا کیپسول، ایز جی ایڈ، بابونہ کیپسول، دہلوی اعصاب پلس، شنکھ پشپی کیپسول اور نورس بھی مستعمل ہیں۔

## ذہنی دباؤ

## (Stress)

**اسٹریسونل**: اس میں ایسی ادویہ ہیں جو اس سلسلہ میں بڑی قیمتی اور توانائی بخش ہوتی ہیں۔ یہ اجزاء ذہنی دباؤ اور فکر و پریشانی دفع کرنے میں مفید ہوتے ہیں اور دیرپا بیماریوں کو دور کرتے ہیں۔ اس طرح کے دباؤ کی علامات میں چڑ چڑاپن، فکر و پریشانی دردسر، موڈ کا جلدی جلدی تبدیل ہونا، گھبراہٹ، ہاضمہ کی خرابی، اختلاج قلب، کولیسٹرول کا بڑھنا، آدھا سیسی کا درد، عضلات کا درد اور نیند کی کمی وغیرہ قابل ذکر ہیں۔ اگر ذہنی دباؤ کا ٹھیک سے علاج نہیں کیا جائے گا تو مزید بیماریوں کا اندیشہ ہوتا ہے۔

**ترکیب استعمال**: ایک سے دو کیپسول دن میں دو بار پانی کے ساتھ دیں۔ جب تک شکایت متعلقہ کی علامات پائی جائیں اس کی متعینہ خوراک پابندی کے ساتھ دیا کریں اور جب ان علامات میں کمی واقع ہو جائے تو اس کی خوراک بھی بتدریج گھٹا دیں۔ اگر علامات بالکل ختم بھی ہو جائیں تب بھی چند ہفتہ تک اس کا استعمال جاری رکھیں۔ متعینہ خوراک سے زیادہ ہرگز نہ دیں۔

نوٹ: مذکورہ ادویات کے علاوہ ارجن آملہ رس، ارجن رس، اسرول کیپسول، اشوگندھا کیپسول، ایز جی۔ایڈ، آملینا، بابونہ کیپسول، برینی، تلسی کیپسول، دہلوی اعصاب پلس، ڈپریسونل، شنکھ پشپی کیپسول، لیونڈر کیپسول اور نورس بھی مستعمل ہیں۔

## بے خوابی (نیند نہ آنا)

## (Insomnia)

**بابونہ کیپسول**: اعصابی تناؤ کو دور کرنے اور پرسکون نیند کے لئے مفید ہے۔ فکر (تشویش)، بچوں میں بےچینی اور ذہنی دباؤ میں بھی مفید ہے۔

**ترکیب استعمال**: روزانہ ایک کیپسول دو بار کھانے سے پہلے پانی کے ساتھ دیں۔

**روغن اربعہ**: دماغ کی خشکی کو دور کر کے ٹھنڈک پیدا کرتا ہے۔ بے خوابی کی شکایت میں مفید ہے۔ چند روز استعمال سے خوب گہری نیند آنے لگتی ہے۔ دردسر میں بھی مفید ہے۔

**ترکیب استعمال**: بقدر ضرورت سوتے وقت سر اور پیشانی پر مالش کریں اور ناک کان میں بھی ایک دو قطرے ڈالیں۔

**روغن خشخاش**: گرمی سے پیدا ہونے والے دردسر کو دور کرتا ہے۔ دماغ کی خشکی دور کر کے نیند لاتا ہے۔

**ترکیب استعمال**: بقدر ضرورت سوتے وقت سر پر مالش کریں اور ناک کان میں بھی ایک دو قطرے ڈالیں۔

**روغن لبُوب سبعہ**: دماغ کی خشکی کو دور کر کے ٹھنڈک پیدا کرتا ہے۔ بے خوابی کی شکایت میں مفید ہے۔ چند روز استعمال سے خوب گہری نیند آنے لگتی ہے۔ دردسر میں بھی مفید ہے۔

**ترکیب استعمال**: بقدر ضرورت سوتے وقت سر اور پیشانی پر مالش کریں اور ناک کان میں بھی ایک دو قطرے ڈالیں۔

نوٹ: مذکورہ ادویات کے علاوہ اسٹریسونل، اسرول کیپسول، برشعشا، تگر کیپسول، دواء الشفاء، ڈپریسونل، روغن بادام شیریں، روغن بنفشہ، روغن کاہو، روغن کدو، شنکھ پشپی کیپسول، کام۔ڈاؤن اور لیونڈر کیپسول بھی مستعمل ہیں۔

## نسیان (بھول)

## (Amnesia)

**آملینا**: آج کی تیز رفتار جدید سماجی زندگی کی وجہ سے انسانی صحت کو خودساختہ مضر اثرات نے متاثر کیا ہے۔ آملینا سر سے پیر تک تندرستی دیتا ہے اور انسانی جسم کی ضرورتوں کو پورا کرتا ہے۔ آملینا قوّت لحمیّہ کی غزائیت میں کمی کو پر کرتا ہے کیونکہ اس میں لحمیّہ (پروٹین)، کاربوہائڈریٹ اور حیاتین (وٹامن) خصوصاً وٹامن 'سی' موجود ہیں۔ آملینا کا خصوصی ہربل فارمولا جسم کو وہ تمام ضروری اجزاء فراہم کرتا ہے جو بدن اور پٹھوں کے تناؤ میں مفید ہے۔ آملینا ان تمام لوگوں کے لئے یکساں مفید ہے جو دماغی کام میں مشغول رہتے ہیں مثلاً طلبا، سائنسداں، وکلاء، اکاؤنٹنٹ اور انجینئر وغیرہ۔ زیادہ

وقت تک ذہنی مشقت ایک طرح کی خالی الذہنی کی کیفیت پیدا کر دیتی ہے جسکی وجہ سے دماغ بوجھل ہو جاتا ہے جو ذہنی تھکاوٹ کی خاص پہچان ہے۔ یہ دوا کھلاڑیوں، جسمانی محنت کش افراد، گھریلو خواتین وغیرہ کے لئے بھی یکساں طور پر مفید ہے جنکے پٹھوں کو قوّت کی کافی ضرورت ہوتی ہے۔ یاداشت کی کمزوری، تناؤ، تھکاوٹ، طبیعت میں گراوٹ، کمزوری، سستی و بے حسی، بے خوابی، بھوک کی کمی، بینائی کی کمزوری، کھانسی اور دستوں وغیرہ میں بھی آملینا مفید ہے۔

**ترکیب:** روزانہ صبح وشام ۲۰ گرام کھلائیں۔

**برھمی کیپسول:** برہمی ۳۰۰۰ سال سے آیورویدک، یونانی اور چینی دواؤں میں استعمال کیا جاتا رہا ہے۔ یہ دماغ اور اعصاب کے خلیوں کو توانا اور بحال رکھنے کی خاص جڑی بوٹی مانی جاتی ہے اور اسی لئے اس نے یونانی اور آیوروید ذریعہء علاج میں بڑھاپے کی تقریباً سبھی بیماریوں کے علاج میں بہت ہی اہم کردار نبھایا ہے۔ بے شمار تحقیقات نے یہ ثابت کیا ہے کہ برہمی پروٹین کے عمل اور پروٹین کے کیمیا کو خاص طور سے دماغ کے خلیہ میں بڑھانے میں مدد کرتی ہے جو درازی عمر، ذہانت اور قوت حافظہ کو بڑھاتی ہے اور بڑھاپے وشیخوخت کے اثرات کو کم کرتی ہے۔ برہمی مسکن بھی ہے لیکن دیگر مصنوعی مسکنات کے برعکس جن کے اندر دماغ کو ناکارہ بنا دینے والے مضر اثرات ہوتے ہیں یہ دماغ کو جلا بخشتی ہے۔ فکرو پریشانی کو دور کرنے اور بچوں کی بے چینی دور کرنے کے لئے بھی استعمال کیا جاتا ہے نیز اسے مختلف قسم کے دماغی فتور کا علاج کرنے کے لئے بھی استعمال کیا جاتا ہے۔

**ترکیب استعمال:** روزانہ ایک کیپسول کھانے کے وقت دیں۔

**برینی:** دوا نہیں بلکہ ایک بے مثال نباتاتی ٹانک ہے۔ برینی خصوصی طور پر ان افراد کو ذہن میں رکھ کر تیار کیا گیا ہے جنہیں روزمرہ کے معمولات کے لئے زیادہ دماغی قوت کی ضرورت ہوتی ہے۔ ایسے افراد مثلاً وکیل، انجینئر، طالب عالم جو دیر تک دماغی کام کرتے کرتے دماغی تھکاوٹ، بوجھل پن وخالی الذّہنی محسوس کرتے ہیں، جو یقینی طور پر دماغی تھکاوٹ کی علامت ہے، کے لیے برینی ایک مفید وکاآمد مرکب ہے۔ برینی جسمانی محنت کرنے والے افراد جیسے کھلاڑی، دستکار وگھریلو کام کاج کرنے والی عورتوں کے لئے بھی اتنا ہی مفید ہے۔ برینی چنندہ جڑی بوٹیوں جیسے برہمی، جسکا دماغی قوّتوں کو مزید پراثر بنانے کی صفت تحقیقات سے ثابت ہو چکی ہے، کا مرکب ہے۔

**ترکیب استعمال:** روزانہ صبح شام ۲۰ گرام کھلائیں۔

**شنکھ پشپی کیپسول:** یہ دماغی صلاحیت جیسے قوت حافظہ، ذہانت اور ذہنی ہوشیاری کو بڑھاتا ہے۔ یہ بے خوابی، بے چینی اور مرگی میں انتہائی مفید ہے کیونکہ یہ دماغ کو سکون بخشتا ہے۔ یہ ایک طبعی مسکن ہے جو گہری اور پرسکون نیند لاتا ہے۔ دماغ پر بہت زیادہ بار ہونے، بات بات پر مشتعل ہو جانے اور بے سکونی کی حالت میں اس کے استعمال کی سفارش کی جاتی ہے۔

**ترکیب استعمال :** روزانہ ایک کپسول دوبار کھانے سے پہلے پانی کے ساتھ دیں۔

**کشتہ مرجان جواھر:** دل ودماغ کو طاقت دیتا ہے، دماغ کی کمزوری اور ضعف قلب دور کرتا ہے۔ قوت حافظہ بڑھاتا ہے۔ ضعف دماغ کی وجہ سے رہنے والے دردسر، کھانسی اور نزلہ زکام میں بھی مفید ہے۔

**ترکیب استعمال:** ۳۰ ملی گرام تا ۶۰ ملی گرام یا ایک تا دو قرص خمیرہ گاؤزباں عنبری ۵ گرام کے ساتھ صبح وشام استعمال کرائیں۔

**میمورائز:** اس میں کچھ ایسے اجزاء شامل ہیں جن کو اچھی طرح جانچ پرکھ لیا گیا ہے۔ یہ اجزاء دماغ کی اعصابی لہروں کو بڑھاتے ہیں بالخصوص اس مرکب کی مقدار کو بڑھاتے ہیں جو عضلات کے عمل کو تیز کرتے ہیں۔ اس طرح یہ دماغ کی طرف دورانِ خون کو بھی تیز کرتے ہیں جس سے دماغ کے افعال اور اس کی قوت یادداشت میں اضافہ ہوتا ہے۔ یہ دوا خاص طور سے ان لوگوں کے لئے تیار کی گئی ہے جن کی روزمرہ کی مصروفیات ذہنی توانائی کی زیادہ متقاضی رہتی ہیں۔ یہ دماغ کی کھوئی ہوئی قوت کو بحال کرتی ہے اور ذہنی الجھنوں کو دور کرتی ہے۔ یہ دوا بہت ہی منتخب اجزاء سے بنائی گئی ہے جس میں خاص طور سے برہمی بوٹی قابل ذکر ہے۔ سن رسیدہ وہ لوگ جو ذہنی تھکاوٹ کا شکار ہوں انہیں بھی اس سے بہت راحت ملتی ہے۔

**ترکیب استعمال:** دو کیپسولس دن میں دوبار غذا کے ساتھ دیں۔ جب تک مذکورہ بالا شکایات باقی رہیں اس دوا کو دیتے رہیں۔ مقدار خوراک کو زیادہ نہ کریں۔

نوٹ: مذکورہ ادویات کے علاوہ آملہ کپسول، خمیرہ گاؤزباں عنبری، خمیرہ گاؤزباں عنبری جواہر والا، دہلوی گاؤزبانی عنبر-SF، دہلوی گاؤزبانی عنبری جواہری-SF، شربت اسطوخودوس، لیونڈر کپسول، موصلی کیسر پراش، موصلی کیسر پراش-SF، موصلی کیسر کپسول اور نورس بھی ''نسیان'' میں مستعمل ہیں۔

## سکتہ الشّمس (لولگ جانا)

## (Sun Stroke)

**شاھی گلبرگ:** تازہ پھلوں سے تیار کیا گیا ہے۔ دل کو قوت اور فرحت بخشتا ہے۔ پیاس بجھاتا ہے۔

**ترکیب استعمال:** ۵۰ ملی لیٹر یہ شربت پانی میں ملا کر پلائیں۔

**شربت انار شیریں:** دل اور جگر کو طاقت دیتا ہے، فرحت بخشتا ہے اور پیاس کو بجھاتا ہے۔ خونی دستوں اور قے ومتلی کو روکتا ہے۔

**ترکیب استعمال:** ۲۵ ملی لیٹر ٹھنڈے پانی میں ملا کر پلائیں۔

**شربت خس:** اس شربت کا ایک گھونٹ حلق سے اترتے ہی فرحت محسوس ہوتی ہے۔ پیاس بجھاتا ہے۔

**ترکیب استعمال:** ۵۰ ملی لیٹر شربت پانی میں ملا کر استعمال کرائیں۔

**شربت صندل**: خفقان اور گھبراہٹ کو دور کرتا ہے۔جگر اور معدے کی گرمی کو تسکین دیتا ہے اور گرمی کے دردسر کو دور کرتا ہے۔
**ترکیب استعمال**: ۵۰ ملی لیٹر ٹھنڈے پانی میں ملا کر پلائیں۔
**شربت کیوڑہ**: دل کو قوت وفرحت بخشتا ہے۔دل کی گھبراہٹ اور دھڑکن کو دور کرتا ہے۔ پیاس کو بجھاتا ہے۔
**ترکیب استعمال**: ۵۰ ملی لیٹر تھوڑے ٹھنڈے پانی میں ملا کر پلائیں۔
**شربت گلاب**: دل کو قوت اور فرحت بخشتا ہے۔ پیاس بجھاتا ہے۔
**ترکیب استعمال**: ۵۰ ملی لیٹر یہ شربت پانی میں ملا کر پلائیں۔
**شربت نیلوفر**: صفراوی بخاروں میں صفراء کی تیزی کو کم کرتا ہے اور پیاس بجھاتا ہے۔بغیر بخار کے بھی بڑھی ہوئی گرمی کو تسکین دیتا ہے۔مقوّی قلب ہے اور لو لگنے کی شکایت میں فائدہ مند ہے۔
**ترکیب استعمال**: ۲۵ ملی لیٹر سے ۵۰ ملی لیٹر تک پانی میں ملا کر ٹھنڈا کر کے پلائیں۔

## سرسام (دماغی جھلّیوں کا ورم)
## (Meningitis)

**روغن گل**: سرسام کی ابتداء میں اور دماغ کی جھلّیوں کی سوزش کی حالت میں مفید ہے۔گرمی سے پیدا ہونے والے دردسر کو دور کرتا ہے۔
**ترکیب استعمال**: سرسام کے شروع میں روغن گُل ،عرق گلاب اور سرکہ خالص ملا کر روئی بھگو کر بار بار سر پر رکھیں۔ دردسر میں سر اور پیشانی پر لگائیں۔

## مالیخولیا (جنون)
## (Melancholia)

**دواء الشفاء**: پاگل پن کی مشہور دوا ہے۔صرع (مرگی)، مالیخولیا، اختناق الرّحم (ہسٹیریا)، بے خوابی وغیرہ میں بھی مفید ہے۔ضغط الدّم قوی (ہائی بلڈ پریشر) کو کم کرتی ہے۔
**ترکیب استعمال**: ایک قرص سوتے وقت پانی سے کھلائیں۔
**شربت احمد شاہی**: سوداوی بیماریوں بالخصوص مالیخولیا اور دائمی قبض میں مفید ہے۔دل ودماغ کو طاقت دیتا ہے۔
**ترکیب استعمال**: ۲۵ ملی لیٹر عرق گاؤزبان ۱۲۵ ملی لیٹر یا پانی میں ملا کر پلائیں۔
**معجون نجاح**: پاگل پن، مالیخولیا و دوسرے سوداوی امراض میں مفید ہے۔مرگی اور اختناق الرّحم میں بھی مستعمل ہے۔
**ترکیب استعمال**: ۵ گرام تا ۱۰ گرام رات کو سوتے وقت پانی سے کھلائیں۔

نوٹ: مذکورہ ادویات کے علاوہ اسرول کیپسول، اطریفل زمانی، برشعشا، خمیرہ آبریشم حکیم ارشد والا، خمیرہ گاؤزباں سادہ، خمیرہ گاؤزباں عنبری جواہر والا، دواء المسک معتدل، دواء المسک متعدل جواہر والی، دہلوی ارشد گولڈ پلز، دہلوی آبریشم ارشدی-SF، دہلوی گاؤزبانی عنبری جواہری -SF، دہلوی دواء المعتدل جواہری-SF، دہلوی ڈی۔ایم۔ایم۔جواہری کیپسول، دہلوی صحہ ٹون، کشتہ مروارید اور ہارٹ۔کیئر بھی مستعمل ہیں۔

## صرع (مرگی)
## (Epilepsy)

**ایپی کیپ**: اکثر مرگی کا دورہ اس وقت پڑتا ہے جب دماغی خلیات سے ایک خاص قسم کی برقی لہریں اٹھنے لگتی ہیں جن کا کنٹرول کرنا فی الوقت ممکن نہیں ہوتا۔ اس دورے سے ہوش وحواس، حرکات وسکنات اور قوتِ حِس وغیرہ سب متاثر ہو جاتے ہیں۔ایپی کیپ اسی متاثرہ اعصابی نظام میں تحریک پیدا کرتی ہے اور ایک دافع تشنج دوا کا کام کرتی ہے۔اپنی اسی خصوصیت کی بناء پر یہ عام تشنج، اعصابی تشنج، مرگی، اُم الصبیان (بچوں کی مرگی) اور اعصابی رعشہ میں بے حد مفید ہے۔
**ترکیب استعمال**: دو کیپسولس دن میں دوبار پانی سے دیں۔
**حب صرع**: مرگی واُم الصبیان کی کامیاب دوا ہے۔مرگی کے دوروں کی شدت کو رفتہ رفتہ کم کر کے مرض کا ازالہ کرتی ہیں۔
**ترکیب استعمال**: ۱ تا ۲ گولی صبح وشام خمیرہ گاؤزباں عنبری جدوار عود صلیب والا یا دہلوی گاؤزبانی عنبری جدواری-SF ۵ گرام کے ساتھ استعمال کرائیں۔ بچوں کو ۲/۱ تا ۱ گولی ماں کے دودھ میں گھس کر پلائیں۔ دودھ، دہی، مرچ اور تیل والی اشیاء سے پرہیز واجب ہے۔ ثقیل اور دیر ہضم غذا سے پرہیز کرائیں۔
**خمیرہ گاؤزباں عنبری جدوار عود صلیب والا**: صرع (مرگی) میں خاص طور پر مفید ہے۔ فالج، لقوہ، اُم الصّبیان (بچوں کی مرگی) رعشہ اور اختناق الرحم (ہسٹیریا) کی شکایتوں میں بھی مفید ہے۔اعصاب اور دماغ کو قوت دیتا ہے۔
**ترکیب استعمال**: ۵ گرام صبح نہار منہ ۱۲۵ ملی لیٹر عرق گاؤزبان یا دودھ کے ساتھ استعمال کرائیں۔
**دہلوی گاؤزبانی عنبری جدواری** -SF: صدیوں کا آزمودہ خمیرہ گاؤزباں عنبری جدوار عود صلیب والا کی ترقی یافتہ شکل ہے جو شگر فری شکل میں پیش کیا گیا ہے۔خمیرہ گاؤزباں عنبری جدوار عود صلیب والا کی تمام تر خصوصیات کے ساتھ دہلوی گاؤزبانی عنبری جدواری-SF میں بس شکر نہیں ہے تا کہ اسے ذیابیطس کے مریز بھی استعمال کر سکیں۔
**ترکیب استعمال**: ۵ گرام صبح نہار منہ ۱۲۵ ملی لیٹر عرق گاؤزبان یا

دودھ کے ساتھ استعمال کرائیں۔

نوٹ: مذکورہ ادویات کے علاوہ اسرول کیپسول، شنکھ پشپی کیپسل اور عاقرقرحا کیپسول بھی مستعمل ہیں۔

## خدر (سن بھری)
## (Neuritis)

حب صرع، خمیرہ گاؤزباں عنبری جدوار عود صلیب والا، دہلوی گاؤزبانی عنبری جدواری-SF، روغن زیتون اور عاقرقرحا کیپسول ''خدر'' کی شکایت میں مفید ہیں۔

## عرق النساء
## (Sciatica)

**حب اسگند**: وجع المفاصل، گٹھیا، کمر کے درد اور عرق النساء میں مفید ہیں۔بلغمی اور ریاحی امراض میں بھی فائدہ کرتی ہیں۔

**ترکیب استعمال**: ایک تا دو گولیاں صبح وشام پانی سے کھلائیں۔

**حب سورنجان**: وجع المفاصل (جوڑوں کے درد)، عرق النساء و گٹھیا کی شکایت میں مفید اور مجرب ہیں۔قبض کو رفع کرتی ہیں۔

**ترکیب استعمال**: ۱ تا ۲ گولیاں صبح وشام پانی کے ساتھ استعمال کرائیں۔

نوٹ: مذکورہ ادویات کے علاوہ ایلو ویرا کیپسول، ایلو ویرا جیلی، آسٹو پین آینٹمنٹ، آسٹو پین ٹیبلیٹس، آسٹو پین مساج آئیل، حب اذاراقی، دہلوی بلو بام، دہلوی پی آر ٹیبلیٹس، دہلوی روغن فاسفورس، دہلوی سورنجان مفاصل کیپسول، روغن درد، روغن سرخ، روغن سورنجان، روغن کیمیا، روغن مالکنگنی، قرص مسکّن، معجون اذاراقی، معجون جوگراج گوگل، معجون چوب چینی، معجون سورنجان اور نوپین ٹیبلیٹس بھی ''عرق النساء'' میں مستعمل ہیں۔

## فالج، لقوہ و رعشہ
## (Paralysis, Facial Paralysis & Chorea)

**حب اذاراقی**: مقوّی و محرّک اعصاب ہیں۔فالج، لقوہ و اعصابی دردوں میں مفید ہیں۔

**ترکیب استعمال**: ایک تا دو گولی صبح وشام پانی سے کھلائیں۔

**حب اعصاب نقرئی**: مقوّی اعصاب و دماغ ہیں۔فالج، لقوہ، گٹھیا و عرق النساء میں مفید ہیں۔

**ترکیب استعمال**: ۱ تا ۲ گولی صبح وشام پانی سے کھلائیں۔

**روغن سرخ**: فالج، لقوہ، گٹھیا، عرق النساء، نقرس اور کمر درد میں مفید ہے۔چوٹ کا درد بھی اس کے استعمال سے دور ہو جاتا ہے۔

**ترکیب استعمال**: نیم گرم روغن آہستہ آہستہ مالش کرکے اوپر سے روئی گرم کرکے باندھیں۔

**روغن سورنجان**: فالج، لقوہ، عرق النساء اور کمر کے درد میں مفید ہے۔چوٹ کا درد بھی اس کے استعمال سے دور ہو جاتا ہے۔

**ترکیب استعمال**: بقدر ضرورت گرم کرکے درد کے مقام پر مالش کریں۔

**روغن کیمیا**: ریحی درد، وجع المفاصل اور فالج میں مفید ہے، مقامی دوران خون کو بڑھاتا ہے۔نظام اعصاب و عضلات پر اسکی مالش کا فوری اثر ہوتا ہے۔

**ترکیب استعمال**: بقدر ضرورت لے کر فالج زدہ حصہ پر اس کی تقریباً دس منٹ تک نیم گرم مالش کریں۔

**عاقرقرحا کیپسول**: فالج، لقوہ، رعشہ، مرگی، گٹھیا و دوسرے اعصابی دردوں میں مفید ہے۔ایستادگی میں کمی، سستی، سرعت انزال، منی کی خرابی اور ضعف باہ میں بھی مفید ہے۔

**ترکیب استعمال**: روزانہ ایک کیپسول دو بار کھانے سے پہلے پانی کے ساتھ دیں۔

**معجون اذاراقی**: مقوّی و محرّک اعصاب ہے۔فالج، لقوہ، رعشہ، گٹھیا و دوسرے اعصابی و بلغمی دردوں میں مفید ہے۔وجع المفاصل میں بھی مفید ہے۔سردیوں کے موسم میں عمر رسیدہ آدمیوں کو اس کا استعمال سردی کے نقصان سے محفوظ رکھتا ہے۔

**ترکیب استعمال**: ۳ گرام تا ۵ گرام صبح ناشتہ کے بعد یا دونوں وقت کھانے کے بعد پانی سے استعمال کرائیں۔

**معجون تلخ**: فالج، لقوہ، رعشہ اور مرگی میں مفید ہے۔معدہ، جگر اور کمر کے درد کو دور کرتی ہے۔

**ترکیب استعمال**: ۵ گرام صبح یا رات سوتے وقت پانی سے استعمال کرائیں۔

**معجون جوگراج گوگل**: فالج، لقوہ، رعشہ، گٹھیا وغیرہ عصبی و بلغمی امراض میں مفید ہے۔نظام اعصاب پر اچھا اثر ڈالتی ہے۔جوڑوں کے درد اور آتشک میں بھی فائدہ کرتی ہے۔

**ترکیب استعمال**: ۵ گرام صبح یا رات کو پانی سے استعمال کرائیں۔

**معجون لنا**: فالج، لقوہ، رعشہ و آتشک میں مفید ہے۔وجع المفاصل میں فائدہ کرتی ہے۔مقوی باہ ہے۔

**ترکیب استعمال**: ۵ گرام پانی سے استعمال کرائیں۔

نوٹ: مذکورہ ادویات کے علاوہ جوہر مُقّی، خمیرہ گاؤزباں عنبری جدوار عود صلیب والا، دہلوی گاؤزبانی عنبری جدواری-SF، روغن مالکنگنی اور کشتہ

گٹھیا میں بھی استعمال کرائے جاسکتے ہیں۔

## سکتہ
## (Apoplexy)

حب صرع، خمیرہ گاؤزباں عنبری جدوار عودصلیب والا، دہلوی گاؤزبانی عنبری جدواری-SF، دہلوی دینار-SF، شربت دینار اور معجون جوگراج گوگل ''سکتہ'' کی حالت میں مفید ہیں۔

## مدافعتی نظام کے امراض
## (Immunodeficiency Diseases)
## مدافعتی نظام کی کمزوری
## (Dysfunction of the Immune System)

**امیونو بوسٹ**: یہ قدرتی یونانی ادویہ کا ایک منفرد مجموعہ ہے جو ہمارے جسم میں ایک قوی مدافعتی نظام برقرار رکھنے کیلئے تیار کیا گیا ہے، تاکہ امراض سے جلد شفاء حاصل ہو سکے، اور امراض کے بار بار حملہ آور ہونے سے نجات مل سکے۔ اس طرح امیونو بوسٹ قدرتی طریقہ سے قوتِ مدافعت کو مضبوط کرنے میں مدد کرتا ہے۔ یہ لمبے وقت تک استعمال کرانے کیلئے محفوظ ہے۔

**ترکیب استعمال**: ۱-۲ کیپسول روزانہ صبح پانی کے ساتھ دیں۔

**امیونوہلدی (ہلدی رس)**: فعل ہضم میں مدد کرتا ہے اور آنکھوں کی روشنی کو تیز کرتا ہے۔ یہ بیماری پیدا کرنے والے جراثیم کو تباہ کر کے خون کی صفائی کرتا ہے۔ اسکے علاوہ بے خوابی، سائنوسائٹس، کھانسی، سردی و زکام اور سانس کی جملہ بیماریوں میں بھی مفید ہے۔ امیونو ہلدی خون کو گاڑھا ہونے سے روکتا ہے اور خون میں چکنائی (کولسٹرول) کی سطح کو بڑھنے نہیں دیتا۔ معدہ کی حفاظت کرتا ہے۔ زخموں کو مندمل کرتا ہے۔ ورم اور تہیج میں مفید ہے۔ چونکہ اس میں فولاد کثیر مقدار میں موجود ہے، اسلئے خون کی کمی میں بھی مفید ہے۔ اسکے علاوہ سمّی اثرات سے جگر کی حفاظت کرتا ہے، خاص طور پر سیسہ جیسی بھاری دھاتوں کو خارج کرتا ہے۔ صفراء کی روانی کو موزوں رکھتا ہے۔ ایام حیض کے دوران ہونے والی تکالیف سے نجات کی وجہ سے خواتین اسکی تعریف کرتی ہیں۔ یہ حیض کی بے قاعدگی کو بھی درست کرتا ہے۔ محلل ورم خصوصیات کی وجہ سے یہ جوڑوں کے درد وسوجن اور گٹھیا میں بھی مفید ہے۔

ہلدی جسم کی قوت مدافعت کو بڑھا کر جوڑوں کے درد، الرجی، دمہ، امراض قلب، ذیابیطس اور کینسر جیسے امراض کو کنٹرول کرنے میں مدد کرتا ہے۔ یہ ایک طاقتور اینٹی آکسیڈنٹ کے طور پر بھی جانا جاتا ہے۔ یہ جسم کی انحطاطی کیفیت کو کنٹرول کرتا ہے، کینسر جیسے امراض سے حفاظت کرتا ہے، اسکے علاوہ کیموتھیراپی سے ہونے والے نقصانات سے جسم کی حفاظت کرتا ہے۔ ہلدی کی اینٹی آکسیڈنٹ سرگرمی وٹامن سی اور وٹامن ای جیسے معیاری اینٹی آکسیڈنٹ کے مقابلے کی ہوتی ہے۔ یہ ماحولیاتی آلودگی سے تحفظ فراہم کرتا ہے اور وٹامن ڈی اور گردوں کے غدودی ہارمون کی ترکیب میں بھی مدد کرتا ہے۔ نتیجۃً ہائی بلڈ پریشر، شریانوں کی سختی اور امراضِ قلب سے حفاظت رہتی ہے۔ بطور اینٹی آکسیڈنٹ، ہلدی آزاد ذرات (Free Radicals) کو بے اثر کر دیتی ہے، جو کہ خاص طور پر جوڑوں کی سوجن و درد اور قطعی نقصان کے لئے ذمہ دار ہوتے ہیں۔

**ترکیب استعمال**: ۲ بڑے چمچے (۲۰ ملی لیٹر) ایک کپ دودھ میں ابال کر رات کو پلائیں۔ حاملہ عورتوں کو ر دودھ پلاتی ماؤوں کو اسکا استعمال نہ کرائیں۔

**ایکٹی-لائف کیپسول**: اس میں ہم آہنگ ہو جانے والے مشہور ومعروف اجزاء کو شامل کیا گیا ہے۔ اس میں نہ تو سمیاتی اجزاء ہیں اور نہ ہی اس کی عادی بنانے والی چیزیں۔ یہ جسم کو معمول کے مطابق بناتا ہے اور جسم کو اس طرح توانائی بخشتا ہے کہ اس کے معمول کے افعال پر کوئی خراب اثر نہیں پڑتا۔ انکی پوری تاثیر بیان کرنا بہت مشکل ہے کیونکہ ان کا اثر ہر شخص پر مختلف ہوتا ہے۔ اگر آپ ذہنی یا جسمانی تھکاوٹ محسوس کر رہے ہوں تو یہ کیپسولس آپ کے اندر چستی، توانائی اور زندگی کا جوش پیدا کرینگے لیکن اس تاثیر کے باوجود ان کا شمار ایک عام محرک یا ہیجان خیز میں نہیں ہوتا۔ اگر آپ کسی ذہنی دباؤ یا جذباتی تھکاوٹ کا شکار ہیں اور زندگی کی گاڑی ٹھیک ٹھاک نہیں چل رہی ہے تو ایکٹی-لائف کیپسول آپ کو راحت پہنچائے گا اور زندگی کو خوشگوار بنائے گا لیکن اس کے باوجود یہ ایک مسکن (Tranquilizer) نہیں ہیں اور ان کا اثر جسم پر نشیلی دواؤں جیسا بھی نہیں پڑتا۔ ان میں موجود تکسیدی عمل کے موانع جسم کو آزاد جذریوں سے لڑنے میں مدد دیتے ہیں جو جسم میں میٹابولزم کے تکسیدی عمل کے دوران خارج ہوتے رہتے ہیں اور جن سے بہت ساری بیماریاں پیدا ہوتی ہیں جیسے خلیوں میں خرابی، سرطان، قبل از وقت بڑھاپا اور بہت ساری بیماریاں۔ یہ مکمل طور سے محفوظ اور مؤثر ہیں۔

**ترکیب استعمال**: ایک یا دو کیپسولس صبح استعمال کرائیں۔ دو یا تین ماہ تک مسلسل استعمال کرائیں۔

**ایلو ویرا جوس**: قدرتی طریقہ سے جسم کو زہریلے اثرات سے پاک کرتا ہے۔ قوتِ مدافعت کو بڑھاتا ہے۔ بدہضمی، پیٹ پھولنا، قبض، سینہ کی جلن، تیزابیت اور معدہ وآنتوں کے زخم میں فائدہ مند ہے۔ وزن گھٹانے میں معاون ہے۔ اکزیما، مہاسے، پھوڑے پھنسی وغیرہ میں مفید ہے۔ جلد کا لچیلا پن برقرار رکھتا ہے اور بڑھاپے کے اثرات کو جلد پر نمایاں ہونے سے روکتا ہے۔ جوڑوں اور پٹھوں کو مضبوط بنا کر وجع المفاصل سے راحت دلاتا ہے۔

**ترکیب استعمال**: ۲۰-۲۰ ملی لیٹر دن میں دو مرتبہ۔ حسبِ ذائقہ ۲۰

ملی لیٹر پانی ملا کر بھی استعمال کرا سکتے ہیں۔شہد بھی شامل کیا جا سکتا ہے۔

**ایلو ویرا کیپسول:** قدرتی طریقہ سے جسم کو زہریلے اثرات سے پاک کرتا ہے۔قوتِ مدافعت کو بڑھاتا ہے۔قولنج، بدہضمی، معدے کا ورم، سینے میں جلن، ورم جگر، تیزابیت کا بہت زیادہ بڑھ جانا، شحمیات کا بڑھ جانا، آنتوں کی سوزش، معدے کے زخم، ضعف مدافعت کی وجہ سے مستقل تعفن، جسم پر سرخ دھبے، وجع المفاصل، السر اور پیشاب کی نالی کا تعفن میں بھی مفید ہے۔

**ترکیب استعمال:** ایک یا دو کیپسول صبح پانی کے ساتھ دیں۔

**آملہ ایلو ویرا رس:** آملہ اور ایلو ویرا رس کے جملہ خواص کا حامل ہے۔اسکے علاوہ بلڈ پریشر کو متوازن رکھتا ہے اور ذیابیطس میں مفید ہے۔

**ترکیب استعمال:** ۲۰-۲۰ ملی لیٹر دن میں دو مرتبہ۔حسبِ ذائقہ ۲۰-۳۰ ملی لیٹر پانی ملا کر بھی استعمال کرا سکتے ہیں۔شہد بھی شامل کیا جا سکتا ہے۔

**آملہ رس:** قدرتی وٹامن سی سے لبریز ہے۔جسم کی قوّتِ مدافعت کو بڑھاتا ہے۔بالوں کو قبل از وقت سفید ہونے اور گرنے سے روکتا ہے اور بالوں میں قدرتی چمک پیدا کرتا ہے۔قبل از وقت بڑھاپے کو روکتا ہے۔آنکھوں کی روشنی تیز کرتا ہے۔جگر کو زہریلے اثرات سے پاک کرتا ہے۔تیزابیت سے آرام دلاتا ہے اور ہاضمہ میں مدد کرتا ہے۔دماغ کو طاقت بخشتا ہے۔

**ترکیب استعمال:** ۲۰-۲۰ ملی لیٹر دن میں دو مرتبہ۔حسبِ ذائقہ ۲۰-۳۰ ملی لیٹر پانی ملا کر بھی استعمال کرا سکتے ہیں۔شہد بھی شامل کیا جا سکتا ہے۔

**آملہ کیپسول:** آملہ کا پھل ایک طبعی، نہایت مؤثر اور مانع تکسید بھی ہے جس میں وٹامن سی کی فراوانی اپنی طبعی شکل میں ہوتی ہے۔فکر، مالیخولیا، خون کے انجماد، ذیابیطس اور دست و پیچش میں استعمال کیا جاتا ہے۔طب کی قدیم کتابوں میں آملہ کو قبل از وقت بڑھاپا کو روکنے کی بہترین دوا بتایا گیا ہے۔اس کا مستقل استعمال جسم کو پر شباب بناتا ہے، یادداشت کو بڑھاتا ہے اور بینائی میں اضافہ کرتا ہے۔لوہے کے ساتھ یہ خون کی کمی، یرقان اور بدہضمی کا بہترین علاج ہے۔یہ جسم کے تمام اعضاء میں متضاد، مضر اور بیماری پیدا کرنے والے مادوں کو ختم کر کے انہیں چاک و چوبند اور صحت مند بناتا ہے۔یہ بھی کہا جاتا ہے کہ آملہ بالوں کی نشو و نما بڑھاتا ہے، انہیں چمکدار بناتا ہے اور بالوں کو قبل از وقت سفید ہونے سے روکتا ہے۔

**ترکیب استعمال:** ایک کیپسول دن میں دو بار کھانے سے پہلے پانی کے ساتھ دیں۔

**آیوش جوشاندہ:** اس میں تلسی، دارچینی، سونٹھ اور کالی مرچ ہے جو جسم کی قوّتِ مدافعت کو بڑھاتے ہیں۔کھانسی، نزلہ اور گلے کی خراش میں بھی فائدہ مند ہے۔ناک، گلے اور سانس کی تکلیف میں مفید ہے۔اسکی ٹیبلیٹس بھی دستیاب ہیں۔

**ترکیب استعمال:** 150 ملی لیٹر ابلتے پانی میں 3 گرام (نصف چمچہ) آیوش جوشاندہ پاؤڈر ملا کر چھان کر پلائیں۔ذائقہ کے لئے دہلوی نیچورل ملٹی فلورا شہد، گڑ، کشمش یا/اور لیموں کا رس شامل کر سکتے ہیں۔دو میں ایل یا دو مرتبہ چائے کی طرح پلائیں۔اسکے ایا ۲ ٹیبلیٹس بھی لے سکتے ہیں۔

**کرکما (ہلدی) کیپسول:** یہ بیماری پیدا کرنے والے جراثیم کو تباہ کر کے خون کی صفائی کرتا ہے۔اسکے علاوہ بے خوابی، سائنوسائٹس، کھانسی، سردی و زکام اور سانس کی جملہ بیماریوں میں بھی مفید ہے۔ہلدی جسم کی قوت مدافعت کو بڑھا کر جوڑوں کے درد، الرجی، دمہ، امراض قلب، ذیابیطس اور کینسر جیسے امراض کو کنٹرول کرنے میں مدد کرتا ہے۔یہ ایک طاقتور اینٹی آکسیڈنٹ کے طور پر بھی جانا جاتا ہے۔اسکے فوائد 'امیونو ہلدی' جیسے ہیں۔

**ترکیب استعمال:** ۲ کیپسول دن میں ۲ بار کھانے کے بعد پانی سے کھلائیں۔

**نوٹ:** مذکورہ ادویات کے علاوہ اسپیرولینا کیپسول، اسٹریسونل، بابونہ کیپسول، بیجبند کیپسول، بہمن کیپسول، تلسی کیپسول، جگران سیرپ، جگران۔SF، جگران کیپسول، شلاجیت کیپسول، شلاجیت کیئر، گلو کیپسول، لو۔اوَن ٹیبلیٹس، ملہٹھی کیپسول، نورس اور نیم کیپسول بھی استعمال کرائے جا سکتے ہیں۔

## دورانِ افرازی کے امراض
## (Diseases of the Endocrine System)
### تھائی رائیڈزم
### (Thyroidism)

**تھائی روکیپ:** یہ ایک ایسا ہربل مرکب ہے جو تھائی رائیڈ گلٹی کو متوازن کرنے کے لئے اسے غذایت دیتا ہے۔یہ ہائپو اور ہائپر دونوں قسم کے تھائی رائیڈ بیماریوں اور گلٹی کی بڑھوتری میں مفید ہے۔یہ تھائیروکزین (Thyroxine) کی پیداوار کو توازن پر لاتا ہے، جس سے آپکا وزن درست رکھتا ہے اور قلبی صحت برقرار رکھتا ہے۔

**ترکیب استعمال:** ایک یا دو کیپسولس صبح و شام پانی کے ساتھ دیں۔

## امراض چشم (آنکھوں کی بیماریاں)
## (Diseases of the Eyes)
### ضعف بصارت (نظر کی کمزوری)
### (Weakness of Eyesight)

**خمیرہ آبریشم سادہ:** آنکھوں کی بینائی کو بڑھاتا ہے۔دل اور دماغ کو قوت دیتا ہے۔خفقان اور گھبراہٹ اور بے چینی کی شکایت میں مفید ہے۔لیسدار بلغم کا اخراج کرتا ہے۔اعضائے رئیسہ کو طاقت دیتا ہے۔

**ترکیب استعمال:** ۵ گرام صبح نہار منہ یا رات کو سوتے وقت پانی سے

استعمال کرائیں۔

**کحل الجواھر**: قیمتی اجزاء سے تیار کیا جاتا ہے جو آنکھوں کی قوتوں کا محافظ ہے۔ بینائی کو بڑھاتا ہے اور اسے آخر عمر تک قائم رکھتا ہے۔ روزانہ استعمال سے آنکھوں کو تمام بیماریوں سے بچاتا ہے۔

**ترکیب استعمال**: صبح وشام سلائی سے آنکھوں میں لگائیں۔

**نور۔و۔نظر سرمہ**: یہ سرمہ قیمتی اجزاء سے تیار کیا جاتا ہے۔ آنکھوں کی قوتوں کا محافظ ہے۔ دھند، سرخی اور آنکھوں سے پانی بہنے میں مفید ہے۔ روزانہ لگانے سے آنکھیں تندرست رہتی ہیں اور آنکھوں کی کوئی بیماری نہیں ہونے پاتی۔ ہر عمر کے لیے یکساں مفید ہے۔

**ترکیب استعمال**: صبح وشام سلائی سے آنکھوں میں لگائیں۔

نوٹ: مذکورہ ادویات کے علاوہ اطریفل مقوی دماغ، آملہ کیپسول، آملینا، بریٹی، ترپھلا ایلو ویرا رس، ترپھلا رس، ترپھلا کیپسول، خمیرہ آبریشم شیرہ عناب والا، خمیرہ گاؤزباں سادہ، خمیرہ گاؤزباں عنبری، خمیرہ گاؤزباں عنبری جواہر والا، دہلوی آبریشم عنابی-SF، دہلوی گاؤزبانی عنبر-SF، دہلوی گاؤزبانی عنبری جواہری-SF اور عرق منڈی بھی ''ضعف بصارت'' میں استعمال کرائے جاسکتے ہیں۔

## سلاق، آنکھیں آنا اور گوہانجنی
## (Blepharitis, Conjunctivitis & Stye)

**اطریفل شاھترہ**: غلبۂ حرارت وفساد خون سے ہونے والی تکالیف اور آنکھوں کی سرخی، کھٹک، بے چینی وغیرہ میں مفید ہے۔ خارش، جلدی امراض اور آتشک میں بھی مفید ہے۔ مصفی خون ہے۔

**ترکیب استعمال**: ۵ گرام سے ۱۰ گرام تک رات کو سوتے وقت پانی سے کھلائیں۔

**عرق گلاب (آئی ڈراپ)**: آنکھوں میں جلن دور کرتا ہے اور آنکھوں میں مٹی وغیرہ کو صاف کرتا ہے۔ آنکھوں کی سرخی میں مفید ہے۔

**ترکیب استعمال**: دونوں آنکھوں میں ڈالیں اور ایک منٹ تک آنکھیں بند رکھیں۔

نوٹ: اس کے علاوہ اسکن کلئیر سیرپ، اسکن کلئیر-SF اور اسکن کلئیر کیپسول کا اندرونی استعمال کرایا جاسکتا ہے۔

## نزول الماء (موتیابند)
## (Cataract)

اطریفل کشنیزی، خمیرہ گاؤزباں عنبری جواہر والا، دہلوی گاؤزبانی عنبری جواہری-SF، کحل الجواہر اور نور۔و۔نظر سرمہ کا استعمال ''نزول الماء'' کی شکایت میں مفید ہے۔

# امراض اُذن (کان کی بیماریاں)
# (Diseases of the Ear)

## ورم اصل الاذن (کن پھیڑ)
## (Mumps)

اسکن کلئیر سیرپ، اسکن کلئیر-SF، اسکن کلئیر کیپسول، اطریفل شاہترہ، مصفی اعظم، معجون عشبہ اور معجون مصفی خاص کا استعمال ''کن پھیڑ'' کی شکایت میں مفید ہے۔

## وجع الاذن (کان درد)
## (Otalgia)

اطریفل کشنیزی، روغن بابونہ اور قرص مسکّن ''کان کے درد'' کو دور کرنے کے لیے مفید ہیں۔

## ثبور الاذن (کان کی پھنسیاں) اور سیلان الاُذن (کان بہنا)
## (Ulceration of the Ear & Otorrhoea)

اسکن کلئیر سیرپ، اسکن کلئیر-SF، اسکن کلئیر کیپسول، اطریفل شاہترہ، حب مصفی خون، شربت عناب، شربت مرکب مصفی خون، عرق چرائتہ، عرق شاہترہ، عرق مرکب مصفی خون، مصفی اعظم، معجون عشبہ اور معجون مصفی خاص ''کان کی پھنسیوں'' اور ''کان بہنے'' کو دور کرنے کے لیے مفید ہیں۔

## حکۃ الاُذن (کان کی کھجلی)
## (Itching in the Ear)

خارجی طور پر روح عرق گلاب ۵ قطرے میں پودینول یا عرق عجیب ۲ قطرے ملا کر نیم گرم کان میں ٹپکائیں۔ اس کے علاوہ جو دوائیں ''کان کی پھنسیوں'' میں درج ہیں وہ بھی مفید ہیں۔

## ثقل سماعت (اونچا سننا)
## (Loss of Hearing)

اطریفل زمانی، اطریفل کشنیزی، اطریفل ملین، خمیرہ گاؤزباں عنبری، دہلوی گاؤزبانی عنبر-SF اور روغن بادام شیریں ''اونچا سننا'' کی شکایت میں مفید ہیں۔

## طنین ودوی (کان بجنا)
## (Tinnitus)

اطریفل زمانی، اطریفل کشنیزی، اطریفل ملین، خمیرہ گاؤزباں عنبری، دہلوی

گاؤزبانی عنبری-SF اور روغن بادام شیریں ''کان بجنے'' کی شکایت میں مفید ہیں۔

## امراض انف (ناک کی بیماریاں)
## (Diseases of the Nose)

### عطاس (چھینکیں آنا)
### (Sneezing)

اطریفل اسطوخودوس، آیوش جوشاندہ، خمیرہ بنفشہ، دہلوی اطریفل جاروب دماغ-SF، دہلوی جاروب دماغ (اسطوخودوس) کیپسول، دہلوی جوشاندہ گرینولز، دہلوی نیچرل جوشاندہ، شربت نزلہ، کشتہ مرجان اور کشتہ مرجان جواہر ''عطاس'' کی شکایت میں مفید ہیں۔

### رعاف (نکسیر پھوٹنا)
### (Epistaxis)

**جوارش آملہ سادہ:** آنتوں کی کمزوری کو دور کرتی ہے۔ معدے کو قوت دیتی ہے اور دستوں کو روکتی ہے۔ دل اور جگر کی حرارت کو کم کرتی ہے۔ تبخیر، ضعف قلب اور اختلاج قلب میں مفید ہے۔ آملہ میں سیلان خون روکنے والا وٹامن سی سب سے زیادہ مقدار میں ہوتا ہے۔ اس وجہ سے یہ رعاف میں مفید ہے۔

**ترکیب استعمال:** ۵ گرام صبح شام عرق گاؤزبان ۴۰ ملی لیٹر یا پانی کے ساتھ استعمال کرائیں۔

**کشتہ فولاد:** خون کی کمی کو دور کرتا ہے، خون کے سرخ ذرات کو بڑھاتا ہے۔ بیماریوں سے اچھا ہونے کے بعد کی کمزوری کو دور کرتا ہے۔ جگر اور معدہ کو طاقت پہنچاتا ہے۔ قوت باہ کو بڑھاتا ہے۔

**ترکیب استعمال:** ۳۰ تا ۶۰ ملی گرام یا ایک تا دو قرص جوارش جالینوس ۵ گرام میں رکھ کر کھلائیں۔ بچوں کو ۷ تا ۱۵ ملی گرام یا چوتھائی قرص سے نصف قرص تک ۵ گرام مکھن میں ملا کر کھلائیں۔

نوٹ: مذکورہ ادویات کے علاوہ شربت انجبار، شربت عشبہ خاص، شربت فولاد، شربت نیلوفر، قرص بندش خون اور قرص کہربا بھی مستعمل ہیں۔

### نزلہ، زکام وانفلوئنزا
### (Cold, Catarrh & Influenza)

**اطریفل اسطوخودوس:** دائمی نزلہ میں خصوصیت سے مفید ہے۔ دماغ سے بلغمی رطوبات کو خارج کرتا ہے۔ سر کے بھاری رہنے اور پرانے دردسر میں مفید ہے۔ اگر مناسب عرصہ تک پابندی سے استعمال کرایا جائے تو بالوں کی سیاہی بھی قائم رکھتا ہے۔ اگر نزلہ یا کسی بیماری کی وجہ سے بال سفید ہو جائیں تو ان کو صحیح حالت پر واپس لاتا ہے۔ معدہ اور آنتوں کو قوت دیتا ہے اور قبض کو دور کرتا ہے۔

**ترکیب استعمال:** ۵ گرام سے ۱۰ گرام تک رات کو سوتے وقت ہلکے گرم پانی سے استعمال کرائیں۔

**برشعشا:** دائمی نزلہ، زکام، کھانسی، نسیان، فالج اور ضعف اعصاب، قولنج کے درد اور تمام عصبی دردوں میں مفید ہے۔ مالیخولیا کے لئے بھی نافع ہے۔

**ترکیب استعمال:** دس سال سے پندرہ سال تک کی عمر والوں کو ۱/۴ گرام، پندرہ سال سے زیادہ عمر والوں کو ۱/۲ گرام سے ایک گرام تک۔ نزلہ زکام کی حالت میں اس کی ایک خوراک خمیرہ گاؤزباں عنبری جواہر والا میں ملا کر، قولنج نیز معدہ اور آنتوں کے شدید درد میں عرق بادیان کے ساتھ یا نیم گرم پانی سے استعمال کرایا جائے۔

**حب طلائی:** نئے و پرانے دونوں قسم کے نزلہ میں مفید ہیں۔ نزلہ کی وجہ سے گلے اور سینہ پر جو اثر ہو جاتا ہے وہ بھی زائل ہو جاتا ہے۔

**ترکیب استعمال:** ۱۔۱ گولی صبح شام پانی سے استعمال کرائیں۔

**خمیرہ بنفشہ:** ہر قسم کے بخاروں، نزلہ، زکام، کھانسی، دمہ اور سینے کے امراض میں مفید ہے۔ ہلکا قبض کشا بھی ہے۔

**ترکیب استعمال:** ۲۵ گرام تا ۵۰ گرام پانی یا ۱۲۵ ملی لیٹر عرق بادیان کے ساتھ استعمال کرائیں۔

**خمیرہ خشخاش:** نزلہ اور زکام کو روکتا ہے۔ نزلہ کی کھانسی کو دور کرتا ہے۔

**ترکیب استعمال:** ۵ گرام سے ۱۰ گرام تک یہ صبح یا رات کو سوتے وقت کھلائیں۔

**دہلوی اطریفل جاروب دماغ (اسطوخودوس) SF-:** صدیوں کا آزمودہ اطریفل اسطوخودوس کی ترقی یافتہ شکل ہے جو شگر فری شکل میں پیش کیا گیا ہے۔ اطریفل اسطوخودوس کی تمام ترخصوصیات کے ساتھ دہلوی اطریفل جاروب دماغ SF- میں بس شکر نہیں ہے تا کہ اسے ذیابیطس کے مریض بھی استعمال کرسکیں۔

**ترکیب استعمال:** ۵ گرام سے ۱۰ گرام تک رات کو سوتے وقت ہلکے گرم پانی سے استعمال کرائیں۔

**دہلوی جاروب دماغ (اسطوخودوس) کیپسول:** صدیوں کی آزمودہ اطریفل اسطوخودوس کی تمام ترخصوصیات کے ساتھ دہلوی جاروب دماغ کیپسول بلا شبہ جدید دور کے تقاضوں کو پورا کرتی ہے۔ دائمی نزلہ میں خصوصیت سے مفید ہے۔ دماغ سے بلغمی رطوبات کو خارج کرتی ہے۔ سر کے بھاری رہنے اور پرانے دردسر میں مفید ہے۔ اگر مناسب عرصہ تک پابندی سے استعمال کرایا جائے تو بالوں کی

سیاہی بھی قائم رکھتی ہے۔ اگر نزلاوی امراض کی وجہ سے بال سفید ہو جائیں تو ان کو صحیح حالت پر واپس لاتی ہے۔ معدہ اور آنتوں کو قوت دیتی ہے اور قبض کو دور کرتی ہے۔

**ترکیب استعمال:** ایا ۲ کیپسول رات کو سوتے وقت ہلکے گرم پانی سے استعمال کرائیں۔

**دہلوی جوشاندہ گرینیوئلز:** صدیوں کے آزمودہ جوشاندہ کی ترقی یافتہ شکل ہے جو گرینیولز کی شکل میں پیش کی گئی ہے۔ جوشاندہ کی تمام تر خصوصیات کے ساتھ یہ بلاشبہ جدید دور کے تقاضوں کو پورا کرتی ہے۔ نزلہ، زکام اور کھانسی کی زود اثر دوا ہے۔

**ترکیب استعمال:** ایک پاؤچ آدھا کپ گرم پانی میں ملا کر صبح نہار منہ اور رات کو سوتے وقت استعمال کرائیں۔

**دہلوی نیچرل جوشاندہ:** نزلہ، زکام، کھانسی اور انفلوئنزا کے لیے مشہور جڑی بوٹیاں ہیں۔

**ترکیب استعمال:** ۱۲۵ ملی لیٹر کھولتے ہوئے پانی میں ادویات ڈال دیں اور ۵ منٹ تک برتن ڈھکا رہنے دیں۔ بعد میں صاف کپڑے میں چھان کر ہلکا گرم پلائیں۔

**شربت اسطوخودوس:** سوداوی اور بلغمی مادہ کو پکاتا ہے۔ دماغ کو فضلات سے صاف کرتا ہے۔ نسیان اور عقل کے فساد کو مفید ہے۔ دماغی امراض کے لئے بھی مفید ہے۔

**ترکیب استعمال:** ۲۵ ملی لیٹر پانی میں ملا کر پلائیں۔

**شربت بنفشہ:** بخار، کھانسی، نزلہ، زکام اور سینہ کے امراض مثلاً ذات الجنب میں مفید ہے۔

**ترکیب استعمال:** ۲۵ ملی لیٹر پانی میں ملا کر پلائیں۔

**شربت نزلہ:** جسم انسانی میں انتہائی پیچیدہ آرگینک اجزاء مثلاً چربی، پروٹین، کاربوئیڈریٹ وغیرہ کے بننے اور ٹوٹنے کا کیمیاوی عمل آغاز زندگی سے لے کر آخری لحات تک جاری رہتا ہے۔ اس کیمیاوی عمل کے نتیجہ میں جسم کے لیے مفید اجزاء کے ساتھ ساتھ مضر اجزاء بھی پیدا ہوتے رہتے ہیں جن کا اخراج صحت کے لیے اشد ضروری ہے۔ ایسے اجزاء کو خارج کرنے کے لیے جسم کا اپنا طریقہ ہے۔ جسم کے دوسرے حصوں کی طرح ہی دماغ میں بھی کیمیاوی عمل کے نتیجہ میں مضر اجزاء پیدا ہونے والی رطوبات اگر سینے کی طرف سے باہر نکلنے کا راستہ اختیار کرتی ہیں تو اس کو نزلہ اور اگر یہی رطوبتیں ناک کے راستے خارج ہوتی ہیں تو اس کو زکام کہتے ہیں۔ اس سے یہ ظاہر ہے کہ نزلہ اور زکام ایک ہی رطوبت کے دو مختلف نام ہیں جن کو اخراج کے راستہ کے مطابق نزلہ یا زکام کہتے ہیں۔

''شربت نزلہ'' رطوبتوں کے اخراج عمل میں تیزی لاتا ہے، ناک ٹھسی ہوئی ہونا، ناک بند ہونا یا ناک سے پانی بہنا، زکام، کھانسی۔ خشک یا بلغمی، دموی یا الرجی کی وجہ سے ہو، ان سب شکایتوں میں شربت نزلہ مفید ہے۔

**ترکیب استعمال:** ۱۰ ملی لیٹر سے ۲۰ ملی لیٹر تک صبح شام تھوڑے گرم پانی میں ملا کر پلائیں۔

**کشتہ مرجان:** نزلہ، زکام اور کھانسی میں مفید ہے۔ دل اور دماغ کو طاقت دیتا ہے۔

**ترکیب استعمال:** ۶۰ ملی گرام یا دو قرص خمیرہ گاؤزبان سادہ ۱۰ گرام میں رکھ کر کھلائیں۔

**گاؤزبان کیپسول:** اسکا عام استعمال بخار اور شریان قلب کے عارضہ میں ہوتا ہے۔ چونکہ اس میں نمکیات ہوتے ہیں اس لئے یہ گردہ کو فعال بناتا ہے اور اسی مقصد کے لئے بخار کی وجہ سے ہونے والے نزلہ زکام دفع کرنے کے لئے اس کا استعمال کیا جاتا ہے۔ اس کا داخلی استعمال غشاء مخاطی کے تعفن (بشمول تپ دق اور ذات الجنب)، منہ اور گلے کے تعفن، جلد کی خشکی، جگر کے ورم، ایام حیض سے قبل کی تکالیف، پیاس اور قدیم ورم جگر کی بیماریوں میں مفید ہے۔

**ترکیب استعمال:** روزانہ ایا ۲ کیپسول ناشتہ کے وقت دیں۔

**لعوق سپستان:** نزلہ، زکام اور کھانسی میں مفید ہے۔ گرم نزلہ میں رقیق رطوبت کو غلیظ کر کے خارج کرتا ہے۔

**ترکیب استعمال:** ۱۰۔۱۰ گرام صبح و شام ۱۲۵ عرق گاؤزباں کے ساتھ دیں۔

**لعوق معتدل:** نزلہ، زکام اور کھانسی میں مفید ہے۔ گرم نزلہ میں رقیق رطوبت کو غلیظ کر کے خارج کرتا ہے۔

**ترکیب استعمال:** ۱۰۔۱۰ گرام صبح و شام چٹائیں۔

نوٹ: مذکورہ ادویات کے علاوہ اطریفل زمانی، اطریفل کشنیزی، آیوش جوشاندہ، بیج بند کیپسول، تلسی کیپسول، دہلوی بلو بام، شربت صدر، کشتہ مرجان جواہر، کیلوٹ۔سی، لعوق سپتاں خیار شنبری، لہسن کیپسول اور لیونڈر کیپسول بھی استعمال کرا سکتے ہیں۔

## ورم جوف انفی (سائنس)

## (Sinusitis)

**سائنس۔آئی آئیل:** یہ اصلی نباتاتی تیلوں (Essential Oils) کا کامل مرکب ہے جو بلغمی رطوبات کو خارج کرتا ہے اور انفیکشن کو ختم کرتا ہے اور بالآخر جوف انف (Sinuses) کی ساخت کو بحال کر کے دوبارہ اصلی حالت پر لاتا ہے۔ یہ الرجی اور سائنس کے دائمی مریضوں کو مکمل صحت فراہم کرتا ہے۔

**ترکیب استعمال:** ۲۔۳ بوندے دب میں ۲۔۳ مرتبہ ناک میں ٹپکائیں۔

**سائنس۔آئی کیپسول**: اس میں ان اجزاء کو شامل کیا جاتا ہے جو ورم جوف انفی کے علاج میں استعمال کئے جاتے ہیں۔ یہ ناک کی ہڈیوں کے راستوں اور پھیپھڑے کی نالیوں کے لئے صحت بخش ہے جس سے کبھی غنودگی، بھوک کی کمی، گھبراہٹ یا درد معدہ وغیرہ کی شکایات پیدا نہیں ہوتی ہیں۔ یہ مقامی طور پر ایسی رطوبات پیدا کرتا ہے جن سے تری پیدا ہوتی ہے اور آئندہ کے لئے اس قسم کی تکالیف سے مریض مامون ہو جاتا ہے۔

**ترکیب استعمال**: ایک کیپسول دن میں دو بار دیں۔

**لیونڈر کیپسول**: اس کا استعمال افسردگی، ذہنی دباؤ اور اور نفسیاتی اضطراب کو دور کرنے کے لئے کیا جاتا ہے۔ اسے سر کے درد، ناک کی ہڈی کے جوف (سائنس)، اور مائگرین کے علاج کے لئے بھی استعمال کیا جاتا ہے۔ اس کے پھولوں کو 'جاروب دماغ' کہا جاتا ہے کیوں کہ یہ بلغم کی جملہ خرابیوں کو صاف کرتے ہیں، ناک بند ہونے سے روکتے ہیں اور دماغ کی کمزوری کا بہترین ٹانک ہیں۔ یہ دماغ کی غباوت کو ختم کرتا ہے اور ذکاوت کو بڑھاتا ہے۔ چونکہ اسطوخودوس کیپسول کی تاثیر میں ہم آہنگی اور توازن پیدا کرنا ہے اس لئے یہ اعصابی نظام میں بھی توازن کو برقرار رکھتا ہے۔ یہ اپنی تاثیر کے اعتبار سے معتدل ہے اس لئے یہ سستی اور کمزوری دور کر کے طبیعت کو معمول پر لاتا ہے۔ شدید جوش اور طبیعت میں ہیجان برپا ہونے پر یہ طبیعت کو اعتدال پر لاتا ہے۔ یہ ذہنی دباؤ سے نجات دلانے کے لئے بہترین جڑی بوٹی ہے اور نیند نہ آنے کی صورت میں خواب آور بھی ہے۔

نوٹ: اس کے علاوہ اطریفل اسطوخودوس، دہلوی اطریفل جاروب دماغ-SF اور دہلوی جاروب دماغ (اسطوخودوس) کیپسول بھی استعمال کرا سکتے ہیں۔

## ناک کی بدبو
## (Ozena)

اسکن کلئیر سیرپ، اسکن کلئیر-SF، اطریفل اسطوخودوس، اطریفل زمانی، اطریفل ملین، اطریفل شاہترہ، دہلوی اطریفل جاروب دماغ-SF اور دہلوی جاروب دماغ (اسطوخودوس) کیپسول ''ناک کی بدبو'' دور کرنے کے لئے مفید ہیں۔ اسکے علاوہ پودینول یا عرق عجیب کے دو قطرے روغن گل ۵ قطرے میں ملا کر صبح شام ناک میں ٹپکانے سے ''ناک کی بدبو'' دور ہو جاتی ہے۔

## ناک کے کیڑے
## (Nasal Worms)

اسکن کلئیر سیرپ، اسکن کلئیر-SF اور اطریفل شاہترہ کا استعمال ناک کے کیڑے پیدا ہو جانے کی شکایت میں مفید ہے۔

## خشم (سونگھنے کی قوت جاتی رہنا)
## (Anosmia)

اطریفل اسطوخودوس، پودینول، دہلوی اطریفل جاروب دماغ-SF، دہلوی جاروب دماغ (اسطوخودوس) کیپسول، عرق عجیب اور روغن گل کا استعمال ''خشم'' کی شکایت میں مفید ہے۔

## امراض الاسنان ولثہ
## (دانتوں اور مسوڑھوں کی بیماریاں)
## (Diseases of the Teeth & Gums)

## وجع الاسنان (دانتوں کا درد)
## (Toothache)

**روغن دارچینی**: داڑھ، دانت کے درد کو دور کرتا ہے۔ نیز بھڑ و بچھو جیسے زہریلے جانور کے کاٹے ہوئے مقام پر لگانے سے درد، سوزش اور جلن کو فوراً دور کرتا ہے۔

**ترکیب استعمال**: روئی کی پھریری روغن میں تر کر کے داڑھ پر رکھیں اور کیڑے کاٹے کی جگہ پر ایک دو قطرہ لگائیں۔

**روغن لونگ**: داڑھ، دانت کے درد کو تسکین دیتا ہے۔ دردسر کو دور کرتا ہے۔

**ترکیب استعمال**: روئی کی پھریری تر کر کے داڑھ پر رکھیں۔ دردسر میں پیشانی پر مالش کریں۔

**سنون جدید**: دانتوں کے درد اور مسوڑوں کے ورم کے لئے مفید ہے۔ زیادہ میٹھا استعمال کرنے سے جب دانت گلنے لگتے ہیں تو ایسی حالت میں بھی یہ مفید ہے۔

**ترکیب استعمال**: صبح و شام کلّی کر کے دانتوں پر ملیں اور آدھے گھنٹے تک پانی نہ لگنے دیں۔

نوٹ: مذکورہ ادویات کے علاوہ اطریفل شاہترہ اور قرص مسکن کا استعمال کرایا جا سکتا ہے۔

## دانتوں کا میل
## (Stained Teeth)

سنون جدید اور سنون سرخ کا استعمال دانتوں کے میل کو صاف کرنے میں مستعمل ہیں۔

## لثہ دامیہ (مسوڑھوں سے خون آنا)
### (Bleeding Gums)

**سنون سرخ**: دانتوں کی صفائی اور منہ کی بدبو کے لیے مفید ہے۔ مسوڑھوں سے خون آنے کو روکتا ہے۔ گندہ ذہنی کی وجہ سے پیدا شدہ منہ کے جراثیم کو ہلاک کرتا ہے۔ اس کے لگا تار استعمال سے ہلتے ہوئے دانت جم جاتے ہیں۔

**ترکیب استعمال**: صبح و شام کلّی کر کے دانتوں پر ملیں اور آدھے گھنٹے تک پانی نہ لگنے دیں۔

نـــــوٹ: اس کے علاوہ جوارش آملہ سادہ، سنون جدید اور قرص کہربا بھی استعمال کرائے جاسکتے ہیں۔

## تقیح لثہ (مسوڑھوں سے مواد آنا)
### (Pyorrhoea)

اطریفل شاہترہ، سنون جدید، سنون سرخ اور معجون عشبہ کا استعمال ''تقیح لثہ'' میں مفید ہیں۔

## ورم لثہ (مسوڑھوں کا ورم)
### (Gingivitis)

جوارش آملہ سادہ، جوارش زنجبیل، جوارش شاہی، جوارش طباشیر، جوارش مصطگی، دہلوی جوارش میٹک-SF، سنون جدید، سنون سرخ اور مصطگی کیپسول کا استعمال مفید ہے۔

## تحرک الاسنان (دانتوں کا ہلنا)
### (Loose Teeth)

''تحرک الاسنان'' میں سنون جدید اور سنون سرخ کا استعمال مفید ہے۔

# امراض الفم واللسان
# (منہ اور زبان کی بیماریاں)
# (Diseases of the Mouth & Tongue)

## قلاع (منہ آنا)
### (Thrush)

جوارش آملہ سادہ، جوارش شاہی اور کشتہ فولاد کا استعمال ''قلاع'' کی شکایت میں مفید ہے۔

## سیلان اللعاب (رال بہنا)
### (Ptyalism)

جوارش جالینوس، جوارش کمونی، جوارش کمونی مسہل، جوارش مصطگی، دہلوی کمون-SF، دہلوی کمون کیپسول، دہلوی گیلینوس-SF، دہلوی گیلینوس پلز، دہلوی جوارش میٹک-SF، مصطگی کیپسول اور معجون نانخواہ کا استعمال ''سیلان اللعاب'' روکنے میں مفید ہیں۔

## بخر الفم (منہ کی بدبو)
### (Halitosis)

جوارش جالینوس، جوارش بسباسہ، دہلوی فلاسفین - SF، دہلوی فلاسفین کیپسول، دہلوی گیلینوس-SF، دہلوی گیلینوس پلز، سنون جدید، سنون سرخ اور معجون فلاسفہ ''منہ کی بدبو'' دور کرنے کے لیے مفید ہیں۔

## ہونٹ پھٹنا اور ہونٹوں کی خشکی
### (Cracked & Dry Lips)

روغن کدو اور روغن گل کا استعمال ہونٹ پھٹنے اور ہونٹوں کی خشکی دور کرنے کے لیے مفید ہے۔

## لکنت (ہکلاپن)
### (Stammering)

کشتہ گئو دنتی کا استعمال ''لکنت کو دور کرنے کے لیے مفید ہے۔ ایک کیپسول عاقرقرحا کی کھول کر زبان پر ۵ منٹ تک رکھیں۔ اسکے بعد کلّی کرائیں۔

# امراض حلق و گلا
# (Diseases of the Pharynx & Throat)

## عظم لہاۃ (کوے کا لٹک جانا)
### (Elongation of the Uvula)

**شربت توت سیاہ**: گلے کے درد، خراش اور ورم کو زائل کرتا ہے۔

**ترکیب استعمال**: ۲۵ ملی لیٹر صبح و شام گرم پانی میں ملا کر پلائیں۔

## ورم لوزتین (گلے کے غدود کا سوجنا)
### (Tonsillitis)

**ٹونسیلن**: خالص دیسی دواؤں کا مرکب ہے جو گلے کی سرسراہٹ، خراش، گلے کے ورم اور زخم، ورم لوزتین (ٹونسلائٹس) اور ورم حنجرہ کے لیے اکسیری دوا ہے۔ بڑھے ہوئے غدود کے جن مریضوں کے لئے آپریشن کا

مشورہ دیا گیا ہے انہیں آپریشن سے پہلے اس دوا کا استعمال کرائیں۔
**ترکیب استعمال**: دن میں دو یا تین بار روئی کی پھریری سے گلے میں لگائیں یا ایک گلاس نیم گرم پانی میں آدھا چمچہ یہ دوا اور ۱/۴ چمچہ نمک ملا کر غرارے کرانا بھی مفید ہے۔
نوٹ: شربت توت سیاہ، لعوق سپستاں خیار شنبری، کف نو سیرپ، کف نو۔SF اور کف۔نو ٹیبلیٹس بھی ''ورم لوزتین'' میں مفید ہیں۔

## حلق کی پھنسیاں
**(Granular Pharyngitis)**

ٹونسیلن، شربت توت سیاہ اور لعوق سپستاں خیار شنبری ''حلق کی پھنسیوں'' میں بھی فائدہ دیتی ہیں۔

## ورم خنجرہ و بحتہ الصوّت (نرخرے کی سوجن وآواز بیٹھ جانا)
**(Laryngitis & Hoarseness of Voice)**

**حب بحتہ الصوّت**: آواز صاف کرتی ہے۔بلغم کو خارج کرتی ہے۔کھانسی اور دمہ کے لئے مفید ہے۔
**ترکیب استعمال**: ایک ایک گولی منہ میں رکھ کر چوسیں۔
نوٹ: ٹونسیلن، شربت توت سیاہ، لعوق بادام، لعوق سپستاں، لعوق سپستاں خیار شنبری، کف نو سیرپ، کف نو۔SF اور کف۔نو ٹیبلیٹس ''ورم خنجرہ و بحتہ الصوّت'' میں مفید ہیں۔آواز بیٹھنے کی صورت میں جلد فائدہ کے لئے کف۔نو ٹیبلیٹس کی ۲ ٹکیاں آدھا گلاس کھولتے ہوئے پانی میں ڈالیں اور اس کی بھاپ کا بھپارہ گلے میں دیں۔تھوڑی دیر تک کھانے پینے کی کوئی چیز نہ استعمال کرائیں۔پانی ٹھنڈا ہونے پر گھونٹ گھونٹ کر کے پلائیں۔

## خناق وبائی
**(Diphtheria)**

جو دوائیں اوپر ''ورم لوزتین'' کے لئے لکھی گئی ہیں وہ ''خناق وبائی'' میں بھی مفید ہیں۔

## امراض صدر (سینے کی بیماریاں)
**(Diseases of the Chest)**

### سعال (کھانسی)
**(Cough)**

**شربت صدر**: پھیپھڑوں کی خرابی اور پرانی کھانسی کے لئے مفید ہے۔دمہ کو فائدہ دیتا ہے۔
**ترکیب استعمال**: ۵۔۵ ملی لیٹر صبح وشام گرم پانی میں ملا کر پلائیں۔
**کشتہ ابرک سفید**: کھانسی اور دمہ میں مفید ہے۔دائمی نزلہ کو دور کرتا ہے۔
**ترکیب استعمال**: ۳۰ ملی گرام سے ۶۰ ملی گرام تک یا ایک قرص سے دو قرص تک یہ کشتہ شہد ۱۰ گرام میں ملا کر کھلائیں۔
**کشتہ ابرک سیاہ**: کھانسی اور دمہ کے لئے نہایت مفید ہے۔
**ترکیب استعمال**: ۳۰ ملی گرام سے ۶۰ ملی گرام تک یا ایک قرص سے دو قرص تک یہ کشتہ شہد ۱۰ گرام میں ملا کر کھلائیں۔
**کف نو سیرپ**: نزلہ، زکام، کھانسی کی زود اثر دوا ہے۔گلے کی خراش اور سانس کی نالی کے ورم میں مفید ہے۔پھیپھڑوں کو طاقت دیتا ہے۔بلغم آسانی سے خارج کرتا ہے۔سل اور دق جیسے خطرناک امراض کے حملوں سے بچاتا ہے۔
**ترکیب استعمال**: ۱۰ ملی لیٹر صبح وشام تھوڑے گرم پانی سے دیں۔
**کف نو۔SF**: کف نو کی مکمل خصوصیات کے ساتھ لیکن شوگر فری شکل میں۔
**ترکیب استعمال**: ۱۰ ملی لیٹر صبح وشام تھوڑے گرم پانی سے دیں۔
**کف۔نو ٹیبلیٹس**: ہر قسم کی کھانسی، سردی، نزلہ، زکام، گلے اور سینہ کی بیماریوں کی مؤثر دوا ہے۔اسے دیسی جڑی بوٹیوں کے جوہروں سے تیار کیا جاتا ہے۔اس میں موجود اجزاء موثرہ سانس کی نالیوں میں پہنچ کر بلغم کو اکھاڑ کر سینے کو صاف کرتے ہیں، نیز کھانسی کو سکون دیتے ہیں۔اس کے استعمال سے گلے کا درد، ناک اور ہوائی نالیوں کا ورم بھی دور ہو جاتا ہے۔
**ترکیب استعمال**: ۲۔۲ قرص صبح وشام منہ میں رکھ کر چوسنے کو کہیں۔بچوں کی کھانسی میں ایک قرص گرم پانی میں گھول کر پلائیں۔
نوٹ: اس کے علاوہ ایسما کیپ، آیوش جوشاندہ، تلسی کیپسول، خمیرہ آبریشم سادہ، خمیرہ آبریشم شیرہ عناب والا، دہلوی آبریشم عنابی-SF، دہلوی جوشاندہ گرینولز، دہلوی نیچرل جوشاندہ، شربت اعجاز، شربت توت سیاہ، شربت نزلہ، کشتہ زمرد، گاؤزباں کیپسول، لعوق بادام، لعوق سپستاں، لعوق سپستاں خیار شنبری، لعوق معتدل اور ملٹھی کیپسول بھی ''سعال'' کی اکسیری دوائیں ہیں۔

## ضیق النفس (دمہ)
**(Bronchial Asthma)**

**ایسما کیپ**: دمہ اور ہوائی نالیوں کی سوزش (برونکائٹس) میں مفید ہے۔اس کے اجزاء میں سانس کی نالیوں میں کشادگی، اعضاء تنفس میں ڈھیلا پن اور بلغم وغیرہ کا اخراج کرنے والی ادویہ شامل ہوتی ہیں جو کہ الرجی پیدا کرنے والی چیزوں کے خلاف پایہ دار قدرتی تحفظ کے اسباب فراہم کرتی

ہیں۔ایسا کیپ سانس کی نالیوں میں ورم اور تنگی کو دور کر کے تنفس کو آسان بنا دیتی ہے۔یہ دوا الرجی سے پیدا ہونے والے دمہ کے مرض کو موسمی حملہ سے بچاؤ کے اسباب پیدا کرتی ہے۔ چونکہ یہ ایک نبا تاتی دوا ہے اس لئے یہ ہر قسم کے ردِعمل سے محفوظ ہے اور عام طور پر اُن دواؤں سے بے اثر نہیں ہوتی جو مریض کو پہلے دی جا رہی ہیں۔ یہ دوا مکمل طور پر ایک محفوظ دوا ہے اور کافی مدت تک استعمال میں لائی جا سکتی ہے۔

**ترکیب استعمال**: ایک کیپسول دن میں دو یا تین بار استعمال کرائیں۔

**بیج بند کیپسول**: یہ دمہ، ہوائی نالیوں کی سوزش، نزلہ، کھانسی، فلو، قلتِ مدافعت کی وجہ سے مستقل تعفن اور خرخراہٹ خاص طور پر جب سانس باہر نکلتی ہے، میں مفید ہے۔

**ترکیب استعمال**: ا کیپسول دن میں دو بار۔

**حب ضیق النفس**: ضیق النفس (دمہ) اور کھانسی کے لئے مفید ہیں۔

**ترکیب استعمال**: ایک ایک گولی صبح وشام پانی کے ساتھ استعمال کرائیں۔

**خمیرہ آبریشم شیرہ عناب والا**: دماغ اور پھیپھڑوں کی کمزوری، خشک کھانسی، سل و دق میں مفید ہے۔خفقان، گھبراہٹ اور وحشت دور کرتا ہے۔معدہ کی تبخیر کے لئے بھی مفید ہے۔قوت بینائی کو بڑھاتا ہے۔

**ترکیب استعمال**: ۵ گرام صبح نہار منہ ۱۲۵ ملی لیٹر عرق گاؤزبان یا پانی سے استعمال کرائیں۔

**دھلو آبریشم عنابی-SF**: صدیوں کا آزمودہ خمیرہ آبریشم شیرہ عناب والا کی ترقی یافتہ شکل ہے جو شگر فری شکل میں پیش کیا گیا ہے۔ خمیرہ آبریشم شیرہ عناب والا کی تمام ترخصوصیات کے ساتھ دہلوی آبریشم عنابی-SF میں بس شکر نہیں ہے تاکہ اسے ذیابیطس کے مریض بھی استعمال کر سکیں۔

**ترکیب استعمال**: ۵ گرام صبح نہار منہ ۱۲۵ ملی لیٹر عرق گاؤزبان یا پانی سے استعمال کرائیں۔

**شربت زوفا سادہ**: ضیق النفس (دمہ) اور بلغمی کھانسی میں مفید ہے۔

**ترکیب استعمال**: ۲۵ ملی لیٹر نیم گرم پانی میں ملا کر پلائیں۔

**شربت زوفا مرکّب**: ضیق النفس (دمہ) اور بلغمی کھانسی میں مفید ہے۔سینہ کو بلغم سے صاف کرتا ہے۔

**ترکیب استعمال**: ۲۵ ملی لیٹر نیم گرم پانی میں ملا کر پلائیں۔

**کشتہ ابرک کلاں**: کھانسی اور دمہ کے لئے نہایت مفید ہے۔عام جسمانی کمزوری اور ضعف باہ کو دور کرتا ہے۔

**ترکیب استعمال**: ۶۰ ملی گرام یا دو قرص شہد ۱۰ گرام میں ملا کر کھلائیں۔ عام جسمانی کمزوری اور ضعف باہ میں ۱۵ گرام مکھن میں ملا کر کھلائیں۔

**لعوق سپستاں خیار شنبری**: نزلہ وزکام اور اس کی وجہ سے پیدا ہونے والی شدید کھانسی میں مفید ہے۔بلغم کو خارج کرتا ہے اور قبض کو رفع کرتا ہے۔حلق اور حنجرے کے ورم کو دور کرتا ہے۔

**ترکیب استعمال**: ۱۰ گرام صبح وشام تھوڑے گرم پانی میں ملا کر استعمال کرائیں۔

**لعوق کتان**: دمہ میں فائدہ دیتا ہے۔بلغم کو خارج کرتا ہے۔نیز قبض کو بھی دور کرتا ہے۔

**ترکیب استعمال**: ۱۰-۱۰ گرام صبح وشام چٹائیں۔

نوٹ: مذکورہ ادویات کے علاوہ تلسی کیپسول، عربین نسخہ، قیروطی آرد کرسنہ، کشتہ مرجان، کشتہ مرجان جواہر، گاؤزباں کیپسول اور ملٹھی کیپسول کا استعمال ''دمہ'' میں بھی کرایا جا سکتا ہے۔

## نفث الدم (خون تھوکنا)

**(Haemoptysis)**

**شربت انجبار**: خونی دستوں کو روکتا ہے۔منہ سے خون آنے (نفث الدّم) کے لئے مفید ہے۔معدہ اور جگر کو قوت دیتا ہے۔آنتوں کی مروڑ کو رفع کرتا ہے۔حرارت کی تسکین کرتا ہے۔

**ترکیب استعمال**: ۲۵ ملی لیٹر پانی میں ملا کر پلائیں۔

**قرص بندش خون**: منہ سے خون آنے (نفث الدّم) کے لئے مفید ہے۔کثرت حیض، نکسیر، پیشاب میں خون آنا اور بواسیر کو روکنے کے لئے بھی استعمال کرائی جا سکتی ہے۔

**ترکیب استعمال**: بوقت ضرورت ۲ قرص دودھ یا پانی سے کھلائیں۔ ۱-۱ قرص روزانہ صبح شام بھی کھلا سکتے ہیں۔

نوٹ: مذکورہ ادویات کے علاوہ جوارش آملہ سادہ، شربت اعجاز، کشتہ عقیق، کشتہ مرجان، کشتہ مرجان جواہر، کشتہ مروارید، قرص کہربا اور موچرس کیپسول بھی ''نفث الدّم'' کی شکایت میں مستعمل ہیں۔

## سِل ودق

**(Phthisis & Tuberculosis)**

**شربت اعجاز**: سل، دِق و خشک کھانسی میں مفید ہے۔

**ترکیب استعمال**: ۲۵ ملی لیٹر عرق گاؤزبان ۱۲۵ ملی لیٹر یا پانی میں ملا کر پلائیں۔

**صحت بخش**: دہلوی کی مایہ ناز ایجاد ہے۔ ہر قسم کے بخار میں مفید ہے۔یہ مریض کی قوت کو گھٹنے اور رطوبات اصلیہ و حرارت غریزی کو فنا ہونے

سے بچاتا ہے۔ اگر ''صحت بخش'' مرض دِق کے شروع میں استعمال کرادیا جائے تو دِق وسِل کے جراثیم بہت جلد فنا ہوجاتے ہیں اور رفتہ رفتہ پھیپھڑے کے زخم مندمل ہوکر حرارت اور کھانسی دور ہوجاتی ہے۔ بچوں کے سوکھا مسان اور ملیریا بخار میں بھی مفید ہے۔

**ترکیب استعمال**: ۳۰۔۳۰ ملی لیٹر صبح وشام پلائیں۔

**لعوق بادام**: سینہ کی خشکی اور خشک کھانسی میں مفید ہے۔ دماغ کو قوت دیتا ہے۔

**ترکیب استعمال**: ۱۰ گرام صبح وشام پانی سے استعمال کرائیں۔

نوٹ: مذکورہ ادویات کے علاوہ تلسی کیپسول، خمیرہ آبریشم شیرہ عناب والا، خمیرہ مروارید، دہلوی آبریشم عنابی -SF، دہلوی خمیرہ موتی -SF، شربت فولاد، کشتہ عقیق، کشتہ فولاد اور کشتہ مروارید ''سِل ودِق'' کی شکایت میں مفید ہیں۔

## ذات الریہ وذات الجنب (نمونیہ وپسلی کا درد)
## (Pneumonia & Pleurisy)

**قیروطی آرد کرسنہ**: نمونیہ (ذات الریہ)، پسلی کا درد (ذات الجنب)، ضیق النفس اور سینے کے درد میں مفید ہے۔ بلغم کو سینے سے نکالتی ہے۔

**ترکیب استعمال**: ۱۰ گرام یہ دوا لے کر ۵ ملی لیٹر روغن تارپین میں ملا کر پسلیوں اور سینے پر مالش کریں۔ اگر روغن تارپین نہ ہو تو تنہا دوا کی نیم گرم مالش کریں۔ اوپر سے گرم روئی باندھیں۔

**کشتہ قرن الایل**: سینہ اور پسلی کے درد میں مفید ہے۔ بلغمی کھانسی اور ذات الریہ میں مفید ہے۔ خنازیری گلٹیاں تحلیل کرتا ہے۔

**ترکیب استعمال**: ۶۰ ملی گرام یا دو قرص لعوق سپستاں خیارشنبری ۱۰ گرام میں رکھ کر کھلائیں۔

نوٹ: مذکورہ ادویات کے علاوہ دہلوی کبد دینار -SF، شربت بنفشہ، شربت دینار، کف نو سیرپ اور کف نو۔ SF بھی مستعمل ہیں۔

## امراض قلب (دل کی بیماریاں)
## (Diseases of the Heart)
### ضعف قلب (دل کی کمزوری)
### (Weakness of the Heart)

**ارجُنا آملہ رس**: آملہ اور ارجُنا رسوں کے جملہ خواص سے بھرپور ہے۔

**ترکیب استعمال**: ۲۰-۳۰ ملی لیٹر دن میں دو مرتبہ۔ حسبِ ذائقہ ۲۰-۳۰ ملی لیٹر پانی ملا کر بھی استعمال کراسکتے ہیں۔ شہد بھی شامل کیا جاسکتا ہے۔

**ارجُنا رس**: قلب کو صحیح حالت پر قائم رکھنے میں مدد کرتا ہے۔ تناؤ اور گھبراہٹ کو کم کرتا ہے۔ قلب کے فعل کو صحیح رکھتے ہوئے بلڈ پریشر کو اعتدال پر قائم رکھتا ہے۔ اس میں کولیسٹرول کو اعتدال پر قائم رکھنے کی خصوصیت بھی ہے۔ دل کے امراض سے حفاظت کرتا ہے۔ انجائنا (دل کا درد) میں مفید ہے۔

**ترکیب استعمال**: ۲۰-۳۰ ملی لیٹر دن میں دو مرتبہ۔ حسبِ ذائقہ ۲۰-۳۰ ملی لیٹر پانی ملا کر بھی استعمال کراسکتے ہیں۔ شہد بھی شامل کیا جاسکتا ہے۔

**ارجنا کیپسول**: یہ دل کے افعال کو بہتر بناتی ہے اور خون کے دباؤ کو حسب ضرورت رکھتی ہے۔ ارجن کی چھال کی ایک اہم خاصیت یہ ہے کہ یہ خون میں شحمیات کو جذب نہیں ہونے دیتی جو اس بات کا ثبوت ہے کہ اس میں کولیسٹرول کو نظم وضبط میں رکھنے کے خواص موجود ہیں۔ ارجن کی چھال ہائی بلڈ پریشر اور دل کے عضلات میں خون کی کمی کے باعث سینے میں درد خاص طور سے دل کی غیر منظّم دھڑکن، وجع القلب یا مایوکارڈیل انفارکشن کی صورت میں ایک دافع اسکیمیا اور محافظ قلب کی حیثیت سے بہت مفید ہے۔ یہ خون کے دباؤ اور دل کی دھڑکن کے لئے دوا پر انحصار کے رجحان کو کم کرتی ہے۔

**ترکیب استعمال**: ایک سے دو کیپسول دن میں دو بار کھانے سے پہلے پانی سے دیں۔

**بھمن کیپسول**: حالیہ سائنسی تحقیقات نے قلب میں دوران خون کی شکایات میں بہمن سرخ کے روایتی استعمال کی افادیت کی باقاعدہ تصدیق کردی ہے۔ شریان قلب میں دوران خون پر بہمن سرخ کا اثر انتہائی مؤثر ہے۔ یہ وجع القلب کی علامات کو کم کرتا ہے اور دل کے افعال میں سدھار پیدا کرتا ہے۔ اسے دل کے دورہ سے صحت یاب ہونے والے مریضوں کی بحالی کے لئے استعمال کیا گیا ہے اور یہ ظاہر ہوا ہے کہ اس خطرناک حالت میں بھی بہمن کیپسول نے قلب کے افعال کو سدھارنے میں مدد بہم پہنچائی ہے۔ طبّی جانچ سے یہ ثابت ہوا ہے کہ دل کا دورہ پڑنے کے بعد بہمن سرخ کو اصل دوا کے بجائے بطور معاون کے استعمال کرنا زیادہ مؤثر ثابت ہوا ہے۔ یہ شریان قلب میں دوران خون کے لئے خاص طور سے مفید ہے کیوں کہ یہ رگوں کو کھولتی ہیں اور دل کو خون کی فراہمی میں سدھار پیدا کرتی ہے اور اسی لئے یہ شریان قلب کے امراض میں کافی مؤثر ہے۔ گو کہ یہ خون کے دباؤ کو کم نہیں کرتی تاہم یہ خون کی شریانوں کو ڈھیلا کرتی ہے اور پورے جسم میں خون کی فراہمی کو بہتر بناتی ہے۔ یہ خون کو جمنے سے روکتی ہے اور مایوکارڈیل انفارکشن کا سدباب کرکے اس میں سدھار پیدا کرتی ہے۔

**ترکیب استعمال**: ۲ کیپسول دن میں دو بار کھانے سے پہلے پانی کے ساتھ دیں۔

**جوارش شاہی**: مفرح ومقوّی قلب ودماغ ہے۔ خفقان اور گھبراہٹ کو دور کرتی ہے اور تبخیر کو روکتی ہے۔

**ترکیب استعمال:** ۵ گرام تا ۱۰ گرام صبح نہار منہ تازہ پانی سے استعمال کرائیں۔

**جواھر مھرہ:** طب یونانی کی مشہور ترین اور اعلیٰ دواؤں میں سے ایک ہے۔ دل کو قوت دیتا ہے اور حرارت غریزی کو بڑھاتا ہے۔ مقوّی اعضائے رئیسہ اور مقوّی قویٰ ہے۔ عالم نزع میں عجیب وغریب اثر دکھاتا ہے۔

**ترکیب استعمال:** ۶۰ ملی گرام یا ایک قرص ۵ گرام خمیرہ گاؤزباں عنبری جواہر والا یا دواء لمسک معتدل جواہر والی میں ملا کر استعمال کرائیں۔ بچوں کو نصف خوراک کھلائیں۔

**حب جواھر:** اعضائے رئیسہ کو قوت دیتی ہیں۔ حرارت غریزی کی حفاظت کرتی ہیں۔ اختلاج قلب کی شکایت میں مفید ہیں۔ طویل بیماری کے بعد کی کمزوری اور عام جسمانی کمزوری میں بھی مفید ہیں۔

**ترکیب استعمال:** ایک ایک گولی صبح وشام ۵ گرام دواء المسک معتدل جواہر والی یا خمیرہ گاؤزباں عنبری جواہر والا کے ساتھ دیں۔ اوپر سے دودھ پلائیں۔

**خمیرہ آبریشم حکیم ارشد والا:** مقوّی قلب ومقوّی دماغ ہے۔ دماغ کے مختلف حصوں کو طاقت دے کر ان کے نقائص دور کرتا ہے۔ اعصاب کی بڑھی ہوئی حس کو درست کرتا ہے۔ قلب کی حرکات میں تنظیم اور باقاعدگی پیدا کرتا ہے۔ عام جسمانی کمزوری، خفقان (دل کی دھڑکن)، مالیخولیا، گھبراہٹ اور خیالات کی پریشانی کو بہت جلد دور کرتا ہے۔ جگر کو طاقت دے کر خون کی پیدائش میں مدد کرتا ہے۔ وجع الصدر اور بیماریوں کے بعد کی کمزوری میں مفید ہے۔

**ترکیب استعمال:** ۱ گرام سے ۳ گرام تک صبح نہار منہ دودھ یا پانی کے ساتھ استعمال کرائیں۔

**دھلوی ارشد گولڈ پلز:** دہلوی ارشد گولڈ پلز، صدیوں سے آزمودہ خمیرہ آبریشم حکیم ارشد والا کی شگر فری ترقی یافتہ شکل ہے۔ اسکی شکر کے بغیر ایک گولی ۵ گرام خمیرے کا مکمل متبادل ہے۔ خمیرہ آبریشم حکیم ارشد والا کی تمام تر خصوصیات کو ضائع کئے بغیر بہی، انار اور سیب رس کی جگہ ڈی ہائیڈریٹیڈ پھل استعمال کئے گئے ہیں۔ مقوّی قلب ومقوّی دماغ ہے۔ دماغ کو طاقت دے کر ان کے نقائص دور کرتی ہے۔ اعصاب کی بڑھی ہوئی حس کو درست کرتی ہے۔ قلب کی حرکات میں تنظیم اور باقاعدگی پیدا کرتی ہے۔ عام جسمانی کمزوری، خفقان (دل کی دھڑکن)، مالیخولیا، گھبراہٹ اور خیالات کی پریشانی کو بہت جلد دور کرتی ہے۔ جگر کو طاقت دے کر خون کی پیدائش میں مدد کرتی ہے۔ وجع الصدر اور بیماریوں کے بعد کی کمزوری میں مفید ہے۔

**ترکیب استعمال:** ایک گولی صبح نہار منہ دودھ یا پانی سے استعمال کرائیں۔

**دھلوی آبریشم ارشدی SF-:** صدیوں کا آزمودہ خمیرہ آبریشم حکیم ارشد والا کی ترقی یافتہ شکل ہے جو شگر فری شکل میں پیش کیا گیا ہے۔ خمیرہ آبریشم حکیم ارشد والا کی تمام تر خصوصیات کے ساتھ دہلوی آبریشم ارشدی-SF میں بس شکر نہیں ہے تاکہ اسے ذیابیطس کے مریز بھی استعمال کر سکیں۔

**ترکیب استعمال:** ۱ گرام سے ۳ گرام تک صبح نہار منہ دودھ یا پانی کے ساتھ استعمال کرائیں۔

**دھلوی ھارٹون۔ڈی آر:** دل کو طاقت دیتی ہے اور اس کے افعال اور حرکات میں تنظیم اور باقاعدگی پیدا کرتی ہے۔ کمزور دل والوں کو حرکت قلب بند ہونے سے محفوظ رکھتی ہے۔

**ترکیب استعمال:** ایک گولی ۵ گرام خمیرہ مروارید کے ساتھ صبح نہار منہ یا جس وقت ضرورت محسوس ہو پانی سے استعمال کرائیں۔ تنہا بھی گولی استعمال کرا سکتے ہیں۔

**عربین نسخہ:** ایک ایسا گھریلو علاج جو دل کی بند شریانوں، انجائنا اور مٹاپے کو روکتا ہے۔ قدیم زمانے سے استعمال ہونے والا ایسا بھروسہ مند نسخہ جو فاضل چربی کو گلا کر امراض قلب سے محفوظ کرتا اور پٹھوں کو مضبوط بنا کر جسم کو سڈول رکھتا ہے۔ اس کا استعمال غیر فطری کسرتوں اور ڈائٹنگ وغیرہ سے نجات دلاتا ہے۔ یہ بلڈ پریشر کو کنٹرول کرتا ہے، خون کو گاڑھا ہونے سے روکتا ہے اور فالج کے حملوں کو روکتا ہے، ہاضمہ درست کرتا ہے، جلد کے امراض کو روکتا ہے، آنتوں کی طاقت بڑھاتا ہے اور جوڑوں میں سختی اور درد کو کم کرتا ہے۔ اسے اچھی صحت برقرار رکھنے کے لئے احتیاطی طور پر استعمال کرایا جا سکتا ہے۔ اس میں جو سیب سرکہ استعمال کیا گیا ہے وہ 100% خالص اور اس سے بھی بڑھ کر خام، بغیر چھنا ہوا اور غیر پاسطوری ہے۔

**ترکیب استعمال:** پیک کے ساتھ ہے۔

**عرقِ عنبر:** مفرح ومقوّی قلب ہے۔ جگر، معدہ اور دماغ کو طاقت دیتا ہے۔ غشی اور عام جسمانی کمزوری کو دور کرتا ہے۔

**ترکیب استعمال:** ۶۰ ملی لیٹر صبح وشام ۲۰ ملی لیٹر شربت انار میں ملا کر پلائیں۔

**کارڈیو سِپ:** ایسا نسخہ جو صحت مند دل کو بہتر طور پر کام کرنے میں مدد کرتا ہے۔ یہ دل کے پٹھّوں کو غذا اور طاقت بخشتا ہے جس سے دورانِ خون تیز ہوتا ہے اور عضلات قلب میں آکسیجن کی زیادہ مقدار پہنچتی ہے۔ یہ اچھے کولیسٹرول اور ٹرائی گلیسرائیڈ کی سطح کو بڑھاتا ہے۔ سبھی کے لئے یکساں طور پر فائدہ مند ہے خصوصاً تناؤ بھری زندگی گزارنے والوں یا جن لوگوں کے خاندان میں دل کی بیماری کے مریض موجود ہیں، دل کی بیماریوں سے حفاظت کرنے میں معاون ہے۔

**ترکیب استعمال:** ۱۰ ملی لیٹر صبح وشام پلائیں۔

**کشتہ مروارید:** دل کو قوت وفرحت بخشتا ہے۔ دل دھڑکنے اور

پھڑکنے، نفث الدّم، سِل و دِق، جنون، مالیخولیا اور مردوں کے جریان اور عورتوں کے سیلان میں بہت مفید ہے۔

**ترکیب استعمال:** ۳۰ ملی گرام یا ایک قرص ۵ گرام خمیرہ گاؤزباں عنبری جواہر والا یا خمیرہ گاؤزبانی عنبری جواہری-SF میں رکھ کر کھلائیں۔

**کشتہ نقرہ:** دل، دماغ اور جگر کو طاقت دیتا ہے۔ دل کی دھڑکن اور گھبراہٹ کو دور کرتا ہے۔ قوت باہ کو بڑھاتا ہے۔ جریان، رقّت اور احتلام میں مفید ہے۔

**ترکیب استعمال:** ۶۰ ملی گرام یا دو قرص ۵ گرام خمیرہ گاؤزباں عنبری جواہر والا میں رکھ کر کھلائیں۔ قوت باہ کے لئے ۵ گرام لبوب کبیر میں رکھ کر کھلائیں اور اوپر سے دودھ پلائیں۔

**ھارٹ۔کئیر:** ایک ایسی دوا ہے جو قلب کو قوت بخشتی ہے اور اختلاج قلب، فکر و پریشانی، مالیخولیا اور درد دل میں فائدہ بخش ہوتی ہے۔ ہارٹ۔کیئر خون میں گندے کولیسٹرول (LDL) کو کم کرتی ہے اور اچھے کولیسٹرول (HDL) کو بڑھا کر دل کی حفاظت کرتی ہے۔ جسم انسانی کی قدرتی گرمی کو محفوظ رکھتی اور طویل بیماری کے بعد کی کمزوری کو دور کرتی ہے۔ یہ ہر طرح سے ایک محفوظ دوا ہے اور بلا کسی ردِّعمل کے طویل عرصہ تک اسے استعمال کیا جا سکتا ہے۔

**ترکیب استعمال:** ایک کیپسول روزانہ نہار منہ پانی سے دیں۔

نوٹ: مذکورہ ادویات کے علاوہ آملہ کیپسول، جوارش آملہ سادہ، حب خاص، خمیرہ آبریشم سادہ، خمیرہ آبریشم شیرہ عناب والا، خمیرہ گاؤزباں سادہ، خمیرہ گاؤزباں عنبری، خمیرہ مروارید، دواء المسک معتدل، دواء المسک معتدل جواہر والی، دہلوی آبریشم عنابی-SF، دہلوی گاؤزبانی عنبری-SF، دہلوی خمیرہ موتی - S F، دہلوی دواء المعتدل جواہری - S F، دہلوی ڈی۔ایم۔ایم۔جواہری کیپسول، دہلوی صحہ ٹون، روح عرق کیوڑہ، روح عرق گلاب، شربت احمد شاہی، شربت انار شیریں، شربت انگور شیریں، شربت صندل، شربت کیوڑہ، عرق بید مشک، عرق گلاب، عرق گاؤزبان، کشتہ عقیق، کشتہ مرجان جواہر، کیلوٹ۔سی، گوگل کیپسول، لیپو۔کیپ، موصلی کیسر پراش، موصلی کیسر پراش-SF، موصلی کیسر کیپسول اور نورس ''ضعف قلب'' میں استعمال کرائے جاسکتے ہیں۔

## اختلاج قلب (دل کی دھڑکن)

(Palpitation)

**دواء المسک معتدل:** معدہ، دل اور جگر کی کمزوری دور کرتی ہے۔ خفقان، مالیخولیا اور غشی میں مفید ہے۔ بیماری کے بعد کی کمزوری اور عام جسمانی کمزوری میں بھی مفید ہے۔

**ترکیب استعمال:** ۵ گرام صبح و شام ۱۲۵ ملی لیٹر عرق گاؤزبان یا پانی کے ساتھ استعمال کرائیں۔

**دواء المسک معتدل جواھر والی:** دل کو طاقت دیتی ہے۔ دل کی بے ترتیب حرکات کو اعتدال پر لاتی ہے۔ عام جسمانی کمزوری، غشی، خفقان، مالیخولیا، گھبراہٹ، وجع الصدر اور بیماریوں کے بعد کی کمزوری میں مفید ہے۔ دوران خون کو تیز کرتی ہے اور خون کی پیدائش بڑھاتی ہے۔ جگر اور معدہ کو بھی تقویت پہنچاتی ہے۔

**ترکیب استعمال:** ۳ گرام سے ۶ گرام تک صبح و شام ۵۰ ملی لیٹر عرق ماء اللحم دو آتشہ یا ۲۵۰ ملی لیٹر دودھ کے ساتھ استعمال کرائیں۔

**دھلوی دواء المعتدل جواھری -SF:** صدیوں کی آزمودہ دواء المسک معتدل جواہر والی کی ترقی یافتہ شکل ہے جو شگر فری شکل میں پیش کی گئی ہے۔ دواء المسک معتدل جواہر والی کی تمام تر خصوصیات کے ساتھ دہلوی دواء المعتدل جواہری-SF میں بس شکر نہیں ہے تاکہ اسے ذیابیطس کے مریز بھی استعمال کرسکیں۔

**ترکیب استعمال:** ۳ گرام سے ۶ گرام تک صبح و شام ۵۰ ملی لیٹر عرق ماء اللحم دو آتشہ یا ۲۵۰ ملی لیٹر دودھ کے ساتھ استعمال کرائیں۔

**دھلوی ڈی۔ایم۔ایم۔جواھری کیپسول:** صدیوں کی آزمودہ دواء المسک معتدل جواہر والی کی تمام تر خصوصیات کے ساتھ دہلوی ڈی۔ایم۔ایم۔ جواہری کیپسول بلاشبہ جدید دور کے تقاضوں کو پورا کرتا ہے۔ دل کو طاقت دیتا ہے۔ دل کی بے ترتیب حرکات کو اعتدال پر لاتا ہے۔ عام جسمانی کمزوری، غشی، خفقان، مالیخولیا، گھبراہٹ، وجع الصدر اور بیماریوں کے بعد کی کمزوری میں مفید ہے۔ دوران خون کو تیز کرتا ہے اور خون کی پیدائش بڑھاتا ہے۔ جگر اور معدہ کو بھی تقویت دیتا ہے۔

**ترکیب استعمال:** ۱ یا ۲ کیپسول صبح و شام ۵۰ ملی لیٹر عرق ماء اللحم دو آتشہ یا ۲۵۰ ملی لیٹر دودھ کے ساتھ استعمال کرائیں۔ غشی اور دل کی کمزوری میں جواہر مہرہ ایک ٹکیہ کے ساتھ اور معدہ و جگر کی کمزوری میں ۴۰ ملی لیٹر عرق ماء اللحم دو آتشہ کے ساتھ استعمال کرائیں۔

**روح عرق کیوڑہ:** دل کو قوت دیتی اور فرحت بخشتی ہے۔ دل کی دھڑکن اور گھبراہٹ میں مفید ہے۔ گرمی میں تسکین بخشتی ہے اور پیاس بجھاتی ہے۔

**ترکیب استعمال:** ۲۵ ملی لیٹر تازہ پانی میں ملا کر استعمال کرائیں۔

**روح عرق گلاب:** دل و دماغ کو طاقت دیتی اور فرحت بخشتی ہے۔ دل کی دھڑکن اور گھبراہٹ میں مفید ہے۔ پیاس بجھاتی ہے۔

**ترکیب استعمال:** ۱۰ ملی لیٹر سادہ پانی میں ملا کر استعمال کرائیں۔

**شربت انگور شیریں:** مقوی قلب و مسکن صفرا ہے۔ معدہ کی گرمی زائل کر کے اس کے افعال درست کرتا ہے۔ ہلکا قبض کشا بھی ہے۔

**ترکیب استعمال:** ۲۵ ملی لیٹر تھوڑے پانی میں ملا کر پلائیں۔

**عــرق بید مشک**: دل، دماغ اور معدہ کو قوت دیتا ہے۔ درد سر کو دور کرتا ہے۔ حرارت کو تسکین دیتا ہے اور پیاس کو بجھاتا ہے۔ خفقان کو زائل کرتا ہے۔

**ترکیب استعمال**: ۵۰ ملی لیٹر استعمال کرائیں۔

**عــرق گــاؤزبان**: دل کو قوت و فرحت بخشتا ہے۔ خفقان اور دماغی بیماریوں میں مفید ہے۔ حرارت کو تسکین دیتا ہے اور پیاس کو بجھاتا ہے۔

**ترکیب استعمال**: ۱۲۵ ملی لیٹر شربت کیوڑہ ۲۵ ملی لیٹر میں ملا کر ہلکا گرم استعمال کرائیں۔

**عرق گلاب**: دل کو قوت دیتا ہے اور فرحت بخشتا ہے۔ خفقان، گھبراہٹ اور بے چینی کو دور کرتا ہے۔ دماغ، معدہ اور جگر کی بیماریوں میں بھی مفید ہے۔ گرمی کو تسکین دیتا ہے اور پیاس کو بجھاتا ہے۔ غشی کی حالت میں نہایت مفید ہے۔

**ترکیب استعمال**: ۱۰ ملی لیٹر عرق کو شربت صندل ۲۵ ملی لیٹر یا پانی میں ملا کر پلائیں۔

**کشتہ عقیق**: دل کو طاقت دیتا ہے۔ اختلاج قلب (دل کی دھڑکن) اور وحشت (گھبراہٹ) کو دور کرتا ہے۔ نفث الدّم اور کثرت حیض میں فائدہ کرتا ہے اور سل و دق میں پھیپھڑوں کے زخم کو بھرتا ہے۔

**ترکیب استعمال**: ۶۰ ملی گرام یا دو قرص صبح نہار منہ ۵ گرام خمیرہ مروارید میں رکھ کر کھلائیں۔

نوٹ: مذکورہ ادویات کے علاوہ جوارش آملہ سادہ، جوارش شاہی، خمیرہ آبریشم حکیم ارشد والا، خمیرہ آبریشم سادہ، خمیرہ آبریشم شیرہ عناب والا، خمیرہ گاؤزبان سادہ، خمیرہ گاؤزبان عنبری، خمیرہ مروارید، دہلوی ارشد گولڈ پلز، دہلوی آبریشم ارشدی-SF، دہلوی آبریشم عنابی-SF، دہلوی گاؤزبانی عنبری-SF، دہلوی خمیرہ موتی-SF، دہلوی صحہ ٹون، دہلوی ہارٹون۔ ڈی آر، شربت انار شیریں، شربت صندل، شربت کیوڑہ، عرق عنبر، کشتہ نقرہ، نوشدارو اور ہارٹ۔ کیئر اور بھی ''اختلاج قلب'' میں مفید ہیں۔

## ضغط الدّم قوی (بلڈ پریشر کا بڑھنا)
## (Hypertension)

**اســـرول کیپســـول**: ہائی بلڈ پریشر، فکر، طبیعت کا ہیجان، مراق۔ سوداوی امراض، اختناق الرحم (ہسٹیریا)، پاگلپن، نیند نہ آنا، مالیخولیا، اعصابی کمزوری، ایستادگی میں زیادتی اور پراگندہ ذہنی میں مفید ہے۔

**ترکیب استعمال**: ایک کیپسول رات کو سونے سے پہلے پانی کے ساتھ دیں۔

**پریشر۔ایز**: بلڈ پریشر کو توازن اور اعتدال میں رکھتا ہے اور ان عوامل کی بھی بیخ کنی کرتا ہے جو اس کے اصل سبب ہیں۔ پریشر۔ایز کیپسول کے کچھ اجزاء خاص طور سے خون کی ان رگوں کو استوار کرتے ہیں جو سکڑ جاتی ہیں جب کہ دوسرے اجزاء دل کے ذریعہ خون کی سپلائی کو بہتر بنانے میں مدد کرتے ہیں اور عروق میں رکاوٹیں بننے سے روکتے ہیں۔ پریشر۔ایز کیپسول ذہنی دباؤ کو دور کرتا ہے اور جسم کے اندر بیماریوں سے لڑنے کی صلاحیت پیدا کرتا ہے۔

**ترکیب استعمال**: ایک کیپسول رات کو سوتے وقت پانی سے استعمال کرائیں۔ متعین خوراک سے زیادہ نہ دیں۔

نوٹ: مذکورہ ادویات کے علاوہ ارجنا آملہ رس، ارجنا کیپسول، ٹگر کیپسول، دواء الشفاء، سیب سرکہ، عربین نسخہ اور نورس بھی ضغط الدّم قوی میں مستعمل ہیں۔

## ضغط الدم ضعیف (بلڈ پریشر کا کم ہونا)
## (Hypotension)

جب خون کا دباؤ کم ہو جاتا ہے تو عام جسمانی کمزوری بڑھ جاتی ہے، کام کرنے کو دل نہیں چاہتا، اگر کام کیا جاتا ہے تو جلدی تھکن پیدا ہو جاتی ہے۔ اکثر سستی اور غنودگی چھائی رہتی ہے۔ ایسی حالت میں انرجائین، جواہر مہرہ، حب خاص، حب عنبر مومیائی، خمیرہ آبریشم حکیم ارشد والا، دہلوی آبریشم ارشدی-SF، دہلوی دواء المعتدل جواہری-SF، صحہ ٹون، دہلوی نیچورل ہیلتھ ٹانک، دہلوی نیچورل ہیلتھ ٹانک-SF، دواء المسک معتدل، دواء المسک معتدل جواہر والی، دہلوی ڈی۔ ایم۔ ایم۔ جواہری کیپسول، عرق ماء اللحم دو آتشہ، عرق ماء اللحم خاص، کشتہ فولاد اور ہارٹ۔ کیئر کا استعمال مفید ہے۔

## خون میں چربی کی زیادتی
## (High Cholesterol Levels)

**گــوگــل کیپســول**: موٹاپا اور کولیسٹرول کنٹرول کرنے کے لئے گوگل بہت ہی مؤثر ہے۔ گوگل ٹرائی گلیسرائڈ، ایل ڈی ایل کولیسٹرول اور وی ایل ڈی ایل کولسٹرول (خراب کولیسٹرول) کو کافی حد تک کم کرتی ہے۔ اس کے ساتھ ہی یہ ایچ ڈی ایل کولیسٹرول (اچھا کولیسٹرول) کی سطح کو بڑھاتی ہے۔ گوگل کی ایک تاثیر یہ بھی دیکھی گئی ہے کہ وہ پلیٹلیٹ کی چپچپاہٹ کو کم کرتی ہے جب کہ اس کی دوسری تاثیر یہ ہے کہ یہ قلب کی شریانوں کی بیماری کی روک تھام کرتی ہے۔ اس میں جوڑوں کے درد کو رفع کرنے کی بھی تاثیر پائی جاتی ہے جس کا موازنہ ہائڈروکورٹیزونس سے کیا جاسکتا ہے جو جوڑوں کے پتھرا جانے میں بہت مفید ہے۔

**ترکیب استعمال**: روزانہ ایک کیپسول دو بار کھانے کے بعد پانی کے ساتھ دیں۔

**لھسن کیپسول**: لہسن کے ست کو شحمیات کی وجہ سے بڑھے ہوئے

خوناب (کولیسٹرول)، فائبرین افزا پلازما اور فائبرین کے خلاف بہت ہی مؤثر پایا گیا ہے۔ یہ ثابت ہو چکا ہے کہ بڑھے ہوئے کولیسٹرول کے علاج میں لہسن کا اضافہ انتہائی مؤثر کردار ادا کرتا ہے۔لہسن کا استعمال جسم کو پاک وصاف رکھنے کے لئے بھی کیا جاتا رہا ہے اور اس کام کے لئے وہ گردے کو صاف کرتا ہے اور پیشاب کے بہاؤ کو بڑھاتا ہے۔اس کے علاوہ لہسن میں مندمل کرنے کی بھی تاثیر ہے اور اسی لئے یہ نزلہ زکام،فلو اور جراثیم واسفنج کا مقابلہ کرنے کے لئے ایک زود اثر مثالی عامل ہے۔

**ترکیب استعمال**: روزانہ ایک کیپسول دو بار کھانے سے پہلے پانی کے ساتھ دیں۔

**لیپو۔کیپ** : لیپو۔کیپ کولیسٹرول کو فطری طور پر گھٹاتا ہے،کولیسٹرول کے افعال کو بحال کرتا ہے اور خون کے اندرونی نظام میں 'خراب' ایل ڈی ایل کولیسٹرول اور ٹرائی گلیسرائڈ کی سطح کو کم کرتا ہے اور 'اچھے' ایچ ڈی ایل کولیسٹرول کی سطح کو بڑھاتا ہے۔اس نباتی مرکب کے اجزاء کولیسٹرول کی پیداوار اکو روکتے ہیں اور فطری طور پر کولیسٹرول کی سطح کو گھٹاتے ہیں،جسمانی تبدیلیوں میں مدد کرتے ہیں اور خون میں، دل میں اور دل کی نسیجوں میں شحمی تیزابیت کو کم کرتے ہیں۔مزید براں لیپو۔کیپ کے یہ نباتی اجزاء دورانی شحمیات (کولیسٹرول اور ٹرائی گلیسرائڈ) کی مناسب سطح اور تناسب کو کنٹرول اور برقرار رکھتے ہیں۔

**ترکیب استعمال** : دو۔دو کیپسول صبح وشام کھلائیں۔

**نوٹ** : مذکورہ ادویات کے علاوہ ارجنا آملہ رس، ارجنا رس، ارجنا کیپسول، امیونو ہلدی، دہلوی اسبغول، سیب سرکہ، شلاجیت کیپسول، شلاجیت کیئر، عربین نسخہ، کارڈیو سِپ، کرکما کیپسول، میتھی کیپسول، ولائتی املی کیپسول اور ہارٹ۔کیئر بھی مفید ہیں۔

## غشی (بے ہوشی)
## (Syncope)

**دواء المسک معتدل جواھر والی**: جسمانی کمزوری کی وجہ سے غشی میں شعور اور توانائی بحال کرتی ہے۔

**ترکیب استعمال**: ۵ گرام دودھ یا پانی میں ملا کر چمچے سے دیں۔اگر دستیاب ہو تو دواء المسک معتدل جواہر والی کو روح عرق گلاب اور عرق عنبر میں گھول کر چمچہ سے مریض کے منہ میں ڈالیں اور روح عرق گلاب چہرے پر چھڑکیں۔

**دھلوی دواء المعتدل جواھری -SF**: صدیوں کی آزمودہ دواء المسک معتدل جواہر والی کی ترقی یافتہ شکل ہے جو شگر فری شکل میں پیش کی گئی ہے۔دواء المسک معتدل جواہر والی کی تمام تر خصوصیات کے ساتھ دہلوی دواء المعتدل جواہری-SF میں بس شکر نہیں ہے تاکہ اسے ذیابیطس کے مریز بھی استعمال کرسکیں۔

**ترکیب استعمال**: ۵ گرام دودھ یا پانی میں ملا کر چمچے سے دیں۔اگر دستیاب ہو تو دہلوی دواء المعتدل جواہری-SF کو روح عرق گلاب اور عرق عنبر میں گھول کر چمچہ سے مریض کے منہ میں ڈالیں اور روح عرق گلاب چہرے پر چھڑکیں۔

## امراض معدہ (معدے کی بیماریاں)
## (Diseases of the Stomach)
### ضعفِ معدہ (معدے کی کمزوری)
### (Atonic Stomach)

**ادرک کیپسول**: دواؤں میں ادرک کی قدر اس لئے زیادہ ہے کہ یہ کاسر ریاح ہے اور معدہ وآنتوں کو تحریک بھی دیتی ہے۔یہ دافع قے ہے اور اسی باعث طویل سفر کی وجہ سے ہاضمہ پر مرتب ہونے والے خراب اثرات کو دور کرتی ہے۔بدہضمی، قولنج، اسہال، پیچش، ریاح، اپھارہ، متلی، قے اور تشنج سے نجات دلانے اور قوت حافظہ کو بڑھانے میں ادرک کو لوگ ایک گھریلو علاج کی طرح استعمال کرتے آئے ہیں۔ادرک جگر کی بھی حفاظت کرتی ہے۔

**ترکیب استعمال**: روزانہ دو کیپسول دو بار کھانے کے بعد پانی کے ساتھ دیں۔

**اکسیر معدہ خاص**: معدہ اور آنتوں کی بیماریوں میں مفید ہے۔ اگر بھوک کم لگتی ہے، پیٹ میں ہوا زیادہ پیدا ہوتی ہے، کھانے کے بعد پیٹ بوجھل اور بھاری ہو جاتا ہے یا ڈکاریں آتی ہیں تو اس دوا کا استعمال مفید ہے۔

**ترکیب استعمال**: ۲۔۲ قرص بعد غذا دونوں وقت یا جب ضرورت محسوس ہو تازہ پانی سے استعمال کرائیں۔

**جوارش انارین**: صفراء کی زیادتی کو کم کرتی ہے۔صفراوی دستوں کو روکتی، صفراوی مزاج اشخاص کے معدہ اور جگر کو قوت اور دل کو فرحت بخشتی، بھوک لگاتی اور متلی کو بند کرتی ہے۔گرمیوں اور ہیضہ کے زمانے میں اس کا استعمال بہت مفید ہے۔

**ترکیب استعمال**: ۵ گرام کھانے کے بعد دونوں وقت پانی سے استعمال کرائیں۔

**جوارش پودینہ**: معدہ اور جگر کو قوت دیتی ہے۔بھوک لگاتی ہے اور متلی، قے اور ہچکی کو بند کرتی ہے۔

**ترکیب استعمال**: ۵ گرام سے ۱۰ گرام تک کھانے کے بعد دونوں وقت پانی سے استعمال کرائیں۔

**جوارش پودینہ ولائتی**: معدہ اور جگر کو قوت دیتی ہے۔بھوک لگاتی ہے اور متلی، قے اور ہچکی کو بند کرتی ہے۔

**ترکیب استعمال:** ۵ گرام سے ۱۰ گرام تک کھانے کے بعد دونوں وقت پانی سے استعمال کرائیں۔

**جوارش تمر ہندی:** صفرا کی تیزی توڑنے کے لئے نہایت مفید ہے صفراوی مزاج اشخاص کے معدہ اور جگر کو قوت اور دل کو فرحت بخشتی، بھوک لگاتی اور متلی کو بند کرتی ہے۔ گرمیوں اور ہیضہ کے زمانے میں اس کا استعمال بہت مفید ہے۔

**ترکیب استعمال:** ۵ گرام سے ۱۰ گرام تک کھانے کے بعد دونوں وقت پانی سے استعمال کرائیں۔

**جوارش جالینوس:** طب یونانی کی مشہور دوا ہے۔ معدہ، جگر، آنتوں اور مثانہ کو طاقت دیتی ہے۔ غذا کو ہضم کرتی ہے، ریاح کو تحلیل کرتی ہے اور بھوک کو بڑھاتی ہے۔ معدہ کی تیزابیت اور آنتوں کے درد کو دور کرتی ہے۔ پیشاب کی زیادتی کو روکتی ہے اور منھ سے بدبو آنے کو دور کرتی ہے۔ بلغمی کھانسی اور بواسیر میں بھی مفید ہے۔ گردہ و مثانہ میں بار بار پتھری پیدا ہونے کی صورت میں اس کے استعمال سے پتھری کی پیدائش رک جاتی ہے۔ بالوں کو قبل از وقت سفید ہونے سے بچاتی ہے۔

**ترکیب استعمال:** ۵ گرام تا ۱۰ گرام بعد غذا تازہ پانی سے استعمال کرائیں۔

**جوارش زرعونی سادہ:** گردہ، جگر، آنتوں اور مثانہ کو طاقت دیتی ہے اور ساتھ ہی جگر کی تقویت کے لیے مستعمل ہے۔ بدہضمی میں بھی مفید ہے۔ پیشاب کی کثرت کو روکتی ہے۔ مادّہ منی کو زیادہ کرتی ہے۔

**ترکیب استعمال:** ۵ گرام صبح کے وقت پانی سے استعمال کرائیں۔

**جوارش زرعونی عنبری بہ نسخہ کلاں:** گردہ، مثانہ، جگر، معدہ و دماغ کی طاقت کے لیے مستعمل ہے۔ کمر اور ریڑھ کو مضبوط بناتی ہے۔ پیشاب کی زیادتی، دردسر، بلغمی کھانسی اور نقرس میں مفید ہے۔ ریاح کو خارج کرتی ہے اور بالوں کی سیاہی کو قائم رکھتی ہے۔ مادّہ تولید پیدا کرتی ہے اور قوت باہ بڑھاتی ہے۔

**ترکیب استعمال:** گردہ، مثانہ، جگر، معدہ اور دماغ کو قوت پہنچانے کے لیے ۵ گرام میں قرص کشتہ فولاد ایک عدد یا ۳۰ ملی گرام کشتہ ملا کر صبح و شام استعمال کرائیں۔ گردہ و مثانہ کی تقویت اور بلغمی کھانسی و نقرس کے لیے ۵ گرام میں قرص کشتہ زمرد ایک عدد یا ۳۰ ملی گرام کشتہ ملا کر صبح و شام استعمال کرائیں۔

**جوارش طباشیر:** معدے کو قوی کرتی ہے۔ تبخیر کو روکتی ہے۔ دردسر، متلی، قے اور گرمی سے آنے والے دستوں میں مفید ہے۔

**ترکیب استعمال:** ۵۔۵ گرام بعد غذا پانی کے ساتھ استعمال کرائیں۔

**جوارش معدہ:** معدہ، جگر اور آنتوں کی تمام قوتوں کو محفوظ رکھتی ہے۔ مقوّی معدہ اور ہاضم طعام ہے۔ غذا کو جزو بدن بنا کر تازہ خون پیدا کرتی ہے۔ آنتوں کی حرکت دودیہ کو تیز کر کے معمولی اور عادی قبض کو دور کرتی ہے۔

**ترکیب استعمال:** ۵۔۵ گرام صبح شام یا بعد غذا پانی سے استعمال کرائیں۔

**دہلوی زرعون سادہ کیپسول:** صدیوں کی آزمودہ جوارش زرعونی سادہ کی تمام ترخصوصیات کے ساتھ دہلوی زرعون سادہ کیپسول بلاشبہ جدید دور کے تقاضوں کو پورا کرتی ہے۔ گردہ، جگر، آنتوں اور مثانہ کو طاقت دیتی ہے اور ساتھ ہی جگر کی تقویت کے لیے مستعمل ہے۔ بدہضمی میں بھی مفید ہے۔ پیشاب کی کثرت کو روکتی ہے۔ مادّہ منی کو زیادہ کرتی ہے۔

**ترکیب استعمال:** ا کیپسول کھانا کھانے کے بعد دونوں وقت پانی سے استعمال کرائیں۔

**دہلوی گیلینوس SF-:** صدیوں کی آزمودہ جوارش جالینوس کی ترقی یافتہ شکل ہے جو شگر فری شکل میں پیش کی گئی ہے۔ جوارش جالینوس کی تمام ترخصوصیات کے ساتھ دہلوی گیلینوس-SF میں بس شکر نہیں ہے تاکہ اسے ذیابیطس کے مریض بھی استعمال کر سکیں۔

**ترکیب استعمال:** ۵ گرام تا ۱۰ گرام بعد غذا تازہ پانی سے استعمال کرائیں۔

**دہلوی گیلینوس پلز:** مشہور یونانی نباز، حکیم جالینوس کی بنائی ہوئی، صدیوں کے آزمودہ جوارش جالینوس کی ترقی یافتہ شکل ہے جو پلز کی شکل میں پیش کی گئی ہے۔ جوارش جالینوس کی تمام ترخصوصیات کے ساتھ دہلوی گیلینوس پلز میں بس شکر نہیں ہے تاکہ اسے ذیابیطس کے مریض بھی استعمال کر سکیں۔ بلاشبہ یہ جدید دور کے تقاضوں کو پورا کرتی ہے۔ معدہ، جگر، آنتوں اور مثانہ کو طاقت دیتی ہے۔ غذا کو ہضم کرتی ہے، ریاح کو تحلیل کرتی ہے اور بھوک کو بڑھاتی ہے۔ معدہ کی تیزابیت، آنتوں کے درد کو اور پیشاب کی زیادتی کو روکتی ہے۔ منھ کی بدبو کو دور کرتی ہے۔ بلغمی کھانسی اور بواسیر میں بھی مفید ہے۔ گردہ و مثانہ میں بار بار پتھری پیدا ہونے کو روکتی ہے۔ بالوں کو قبل از وقت سفید ہونے سے بچاتی ہے۔

**ترکیب استعمال:** کھانے کے بعد دونوں وقت ا یا ۲ گولیاں دیں۔

**سفوف نمک سلیمانی:** معدے کو طاقت دیتا ہے، غذا کو ہضم کرتا اور بھوک لگاتا ہے۔ اسکے استعمال سے پیٹ درد، اپھارہ اور طبیعت کا بھاری پن جاتا رہتا ہے۔ ریاح کو خارج کرتا ہے اور جگر کی اصلاح کرتا ہے۔

**ترکیب استعمال:** ایک گرام سے تین گرام تک کھانا کھانے کے بعد دونوں وقت پانی سے استعمال کرائیں۔

**عرق اجوائن:** جگر و معدہ کو طاقت دیتا ہے۔ ریاح خارج کرتا ہے، بھوک لگاتا ہے اور غذا کو ہضم کرتا ہے۔ متلی اور صفراویت کو روکتا ہے۔

**ترکیب استعمال:** ۱۲۵ملی لیٹر پلائیں۔

**عرق بادیان:** جگر ومعدہ کو طاقت دیتا ہے۔قولنج، پیٹ کا درد، پیچش اور بدہضمی میں مفید ہے۔ریاح کو خارج کرتا ہے۔سینے اور غذا کی نالی کی جلن کو دور کرتا ہے، پیاس بجھاتا ہے، متلی اور صفراویت کو روکتا ہے۔

**ترکیب استعمال:** ۱۲۵ملی لیٹر ہلکا گرم استعمال کرائیں۔

**عرق برنجاسف:** مقوّی معدہ وجگر ہے۔دردشکم اور بلغمی بخار کو دور کرتا ہے۔

**ترکیب استعمال:** ۱۲۵ملی لیٹر پلائیں۔

**قرص مالتی بسنت:** معدے اور آنتوں کو طاقت دیتی ہے۔ معدہ کی کمزوری کی وجہ سے دستوں کو روکتا ہے۔

**ترکیب استعمال:** ۱قرص ۵ گرام معجون سنگدانہ مرغ کے ساتھ کھلائیں۔

**گیسٹریٹ سیرپ:** معدے اور امعاء کے فعل کو درست کرتا ہے، ہاضمہ کی خرابی اور تیزابیت کو دور کرتا ہے۔قولنج اور معدے کے درد میں بھی مفید ہے۔

**ترکیب استعمال:** کھانے کے بعد دونوں وقت یا جب ضرورت ہو ۱۰-۱۰ملی لیٹر پلائیں۔

**گیسٹریٹ۔ SF:** گیسٹریٹ کی مکمل خصوصیات کے ساتھ لیکن شوگر فری شکل میں۔

**ترکیب استعمال:** کھانے کے بعد دونوں وقت یا جب ضرورت ہو ۱۰-۱۰ملی لیٹر پلائیں۔

**گیس ٹیب:** معدے اور امعاء کے فعل کو درست کرتا ہے۔ہاضمہ کی خرابی اور تیزابیت کو دور کرتا ہے، قولنج اور معدے کے درد میں مفید ہے۔

**ترکیب استعمال:** کھانے کے بعد دونوں وقت ۲-۲ قرص پانی سے کھلائیں۔

**معجون مقوی معدہ:** معدہ کے طبقات کو قوت دیتی ہے، ہضم اور جذب غذا کے نظام کو درست کرکے بھوک خوب لگاتی ہے اور قبض کو دور کرتی ہے۔

**ترکیب استعمال:** ۵ گرام صبح وشام یا کھانا کھانے کے بعد دونوں وقت پانی سے استعمال کرائیں۔

**معجون نانخواہ:** مقوّی معدہ ہے۔بھوک لگاتی ہے اور غذا کو ہضم کرتی ہے۔

**ترکیب استعمال:** ۵-۵ گرام صبح وشام پانی سے کھلائیں۔

**نوشدارو:** معدے اور آنتوں کو طاقت دیتی ہے اور ان کی کمزوری سے جو دست آجاتے ہیں ان کو روکتی ہے۔آلات ہضم کو بہتر بناتی ہے۔

**ترکیب استعمال:** ۵ گرام یا ۱۰ گرام صبح نہار منہ پانی سے استعمال کرائیں۔

**نیچرو زائم:** یہ نباتات سے اخذ کئے گئے تمام ترانزائم کا مکمّل مجموعہ ہے جو عملِ ہضم میں مکمّل طور پر معاون ثابت ہوتے ہیں۔ یہ قیمتی انزائم کاربوہائیڈریٹ، پروٹین اور چربی کا استحالہ کرکے جسم کے عملِ انجذاب کو بہتر طور پر انجام دینے میں مدد کرتا ہے۔اس میں اسٹارچ، سیلولوز، لیکٹوز اور شکر موجود ہے۔غذاؤں کو پکانے یا دیگر مصنوعی طریقوں سے تیّار کرنے کے دوران ضائع ہوجانے والے انزائم کی کمی بھی اسکے ذریعہ پوری ہوجاتی ہے۔

**ترکیب استعمال:** ایک یا دو کیپسول روزانہ دوبار غذاء کے بعد استعمال کرائیں۔

نوٹ: مذکورہ ادویات کے علاوہ جوارش آملہ سادہ، جوارش زنجبیل، جوارش عود ترش، جوارش عود شیریں، جوارش کمونی، جوارش مصطگی، دہلوی کمون -SF، دہلوی جوارش میٹھک-SF، دہلوی کمون کیپسول، ریاحین چورن، سیب سرکہ، شربت حب الآس، عرق پودینہ، عرق نعناع، کشتہ خبث الحدید، کشتہ فولاد، مصطگی کیپسول، موصلی کیسر پراش، موصلی کیسر پراش-SF، موصلی کیسر کیپسول اور ہضمین کا استعمال بھی ''ضعف معدہ'' میں کرایا جاسکتا ہے۔

## وجع المعدہ (دردمعدہ)

## (Gastralgia)

**جوارش کمونی:** پیٹ کے درد، ہضم کی خرابی، ریح کی کثرت اور نفخ کو دور کرتی ہے۔مقوّی معدہ ہے۔بھوک لگاتی ہے۔کھٹی ڈکاروں اور ہچکی کی شکایت کو رفع کرتی ہے۔قبض کو دور کرتی ہے۔

**ترکیب استعمال:** ۵ گرام سے ۱۰ گرام تک بعد غذا تازہ پانی سے استعمال کرائیں۔

**جوارش کمونی کبیر:** دردشکم وقولنج میں مفید ہے۔ریاحی درد کو دور کرتی ہے، ہضم کی خرابی دور کرتی ہے اور قبض میں مفید ہے۔

**ترکیب استعمال:** ۵-۵ گرام بعد غذا پانی سے استعمال کرائیں۔

**حب پپیتہ:** ہضم کو درست کرتی، ریاح تحلیل کرتی اور قبض کی شکایت دور کرتی ہیں۔ پیٹ کے درد میں مفید ہیں۔ہیضہ کے دنوں میں اگر یہ احتیاطی طور پر استعمال کرائی جائیں تو وبائی اثر سے حفاظت رکھتی ہیں۔

**ترکیب استعمال:** ۲-۲ گولیاں بعد غذا پانی سے کھلائیں۔

**حب حلتیت:** معدے اور آنتوں کے درد کو دور کرتی ہیں۔ریاح کو خارج کرتی، غذا کو ہضم کرتی ہیں اور خوب بھوک لگاتی ہیں۔

**ترکیب استعمال:** ۱یا۲ گولی کھانا کھانے کے ایک گھنٹہ بعد یا ضرورت کے وقت پانی سے کھلائیں۔

**دہلوی کمون -SF:** صدیوں کی آزمودہ جوارش کمونی کی ترقی یافتہ

شکل ہے جو شگر فری شکل میں پیش کی گئی ہے۔ جوارش کمونی کی تمام ترخصوصیات کے ساتھ دہلوی جوارش کمون-SF میں بس شکر نہیں ہے تا کہ اسے ذیابطیس کے مریض بھی استعمال کرسکیں۔

**ترکیب استعمال:** ۵ گرام سے ۱۰ گرام تک بعد غذا تازہ پانی سے استعمال کرائیں۔

**دہلوی کمون کیپسول:** صدیوں کی آزمودہ جوارش کمونی کی تمام ترخصوصیات کے ساتھ دہلوی کمون کیپسول بلاشبہ جدید دور کے تقاضوں کو پورا کرتی ہے۔ پیٹ کے درد، ہضم کی خرابی، ریح کی کثرت اور نفخ کو دور کرتی ہے۔ مقوّی معدہ ہے۔ بھوک لگاتی ہے۔ کھٹی ڈکاروں اور ہچکی کی شکایت کو رفع کرتی ہے۔ قبض کو دور کرتی ہے۔

**ترکیب استعمال:** ۱یا۲ کیپسول کھانا کھانے کے بعد دونوں وقت پانی سے استعمال کرائیں۔

**سفوف الاملاح:** پیٹ کے ریاحی درد و قولنج میں مفید ہے۔ غذا کو ہضم کرتا ہے اور بھوک لگاتا ہے۔

**ترکیب استعمال:** ۲۵۰ تا ۵۰۰ ملی گرام بعد غذا جوارش کمونی ۱۰ گرام میں ملا کر کھلائیں۔

نوٹ: ادرک کیپسول، پودینول، جامن سرکہ، جوارش بسباسہ، جوارش جالینوس، جوارش کمونی مسہل، حب کبد نوشادری، دہلوی گیلینوس -SF، دہلوی گیلینوس پلز، ریاحین چورن، سفوف نمک سلیمانی، عرق اجوائن، عرق بادیان، عرق عجیب، گیسٹر یٹ سیرپ، گیسٹر یٹ-SF، گیس۔ٹیب، معجون نانخواہ اور ہضمین بھی ''معدے کے درد'' میں مفید ہیں۔

## سوءِ ہضم و نفخ شکم (بدہضمی واپھارہ)

**(Dyspepsia & Flatulence)**

**جوارش بسباسہ:** غذا کو ہضم کرتی ہے اور بھوک لگاتی ہے۔ معدے کی بلغمی رطوبات کو جذب کرتی اور پیٹ کو بڑھنے سے روکتی ہے۔ بادی اور ریح البواسیر کو فائدہ دیتی ہے۔

**ترکیب استعمال:** ۵۔۵ گرام کھانے کے بعد تازہ پانی سے استعمال کرائیں۔

**جوارش زنجبیل:** معدے کو طاقت دیتی ہے۔ غذا کو ہضم کرتی ہے اور بھوک لگاتی ہے۔ ریاح کو خارج کرتی ہے۔ متلی میں بھی مفید ہے۔

**ترکیب استعمال:** ۵۔۵ گرام بعد غذا پانی کے ساتھ استعمال کرائیں۔

**حب تنکار:** معدہ کی گرانی اور کمزوری کو دور کرتی ہیں۔ مشتہی وکاسر ریاح ہیں۔ دائمی قبض کو دور کرتی ہیں اور پیٹ کو بڑھنے سے روکتی ہیں۔

**ترکیب استعمال:** ۲ سے ۴ گولیاں رات کو سوتے وقت یا کھانے کے دونوں وقت بعد پانی کے ساتھ استعمال کرائیں۔

**ریاحین چورن:** ہاضمہ درست کرتا ہے، بھوک لگاتا ہے، ریاح خارج کرتا ہے، کھٹی ڈکاروں اور سینے کی جلن وقبض کی شکایت دور کرتا ہے۔

**ترکیب استعمال:** ۵۔۵ گرام دونوں وقت کھانے کے بعد پانی سے استعمال کرائیں۔

**ہضمین:** بھوک کم لگتی ہو، کھٹی ڈکاریں آتی ہوں، پیٹ میں ہوا زیادہ بنتی ہو، کھانا ٹھیک ہضم نہ ہوتا ہو تو اس دوا کے استعمال سے خاطر خواہ فائدہ ہوتا ہے۔

**ترکیب استعمال:** ایک ٹکیہ کھانے سے پہلے اور ایک ٹکیہ کھانے کے بعد دووقت استعمال کرائیں۔

نوٹ: مذکورہ ادویات کے علاوہ اکسیر معدہ خاص، ایلو ویرا رس، ایلو ویرا کیپسول، پودینول، ترپھلا کیپسول، جامن سرکہ، جوارش جالینوس، جوارش زرعونی سادہ، جوارش کمونی، جوارش کمونی کبیر، جوارش معدہ، حبِّ حلتیت، حب پپیتہ، دہلوی کمون-SF، دہلوی گیلینوس -SF، دہلوی زرعون سادہ کیپسول، دہلوی کمون کیپسول، دہلوی گیلینوس پلز، سفوف نمک سلیمانی، عرق اجوائن، عرق بادیان، عرق پودینہ، عرق زیرہ، عرق عجیب، عرق نعناع، قرص الکلین، گیسٹر یٹ سیرپ، گیسٹر یٹ - SF، گیس۔ٹیب، معجون نانخواہ، نیچورو۔زائم اور نورس بھی ''بدہضمی واپھارہ'' کی شکایت میں مفید ہیں۔

## فواق (ہچکی)

**(Hiccups)**

اکسیر معدہ خاص، جوارش پودینہ، جوارش پودینہ ولائتی، جوارش کمونی، جوارش مصطگی، حب حلتیت، دہلوی کمون-SF، دہلوی جوارش میٹک-SF، دہلوی کمون کیپسول، مصطگی کیپسول، معجون نانخواہ اور ہضمین ''ہچکی'' میں مفید ہیں۔

## متلی و قے

**(Nausea & Vomiting)**

**جوارش عود ترش:** معدے کو قوت پہنچاتی ہے۔ اگر معدے میں برودت ہوگئی ہو تو دور کرتی ہے۔ بھوک بڑھاتی ہے، صفراوی اور گرم مزاج والوں کے لیے مفید ہے۔ یرقان کی شکایت میں اسکا استعمال سودمند ہے۔

**ترکیب استعمال:** ۵۔۵ گرام بعد غذا پانی کے ساتھ استعمال کرائیں۔ غذا میں دہی، کھچڑی یا چاول استعمال کرائیں۔

**جوارش عود شیریں:** معدے کو قوی کرتی ہے اور بھوک لگاتی، غذا کو ہضم کرتی ہے۔

**ترکیب استعمال:** ۵ گرام صبح نہار منہ پانی سے استعمال کرائیں۔

**عـرق پودینہ**: متلی اور قے کو روکتا ہے۔تخمہ اور ہیضہ میں مفید ہے۔ معدہ کو طاقت دیتا ہے۔غذا کو ہضم کرتا ہے وبھوک لگا تا ہے۔
**تـرکیب استعمال**: ۱۲۵ ملی لیٹر سکنجبین لیمونی ۲۵ ملی لیٹر یا پانی میں ملا کر استعمال کرائیں۔
**عـرق نعناع**: مقوی معدہ ہے، بدہضمی میں مفید ہے، غذا کو ہضم کرکے بھوک لگا تا ہے، قے اور متلی دور کرتا ہے۔
**ترکیب استعمال**: ۳۰ تا ۶۰ ملی لیٹر تک بعد غذا دونوں وقت پلائیں۔
نوٹ: مذکورہ ادویات کے علاوہ ادرک کیپسول، پودینول، جامن سرکہ، جوارش انارین، جوارش پودینہ، جوارش پودینہ ولائتی، جوارش تمرہندی، ریاحین چورن، عرق عجیب اور ہضمین بھی ''متلی و قے'' کی شکایت میں مفید ہیں۔

## ضعفِ اشتہا (بھوک کی کمی)

**(Anorexia)**

ادرک کیپسول، انرجائین، جوارش انارین، جوارش جالینوس، جوارش زنجبیل، جوارش عود ترش، جوارش عود شریں، جوارش کمونی، حب سلاجیت، دہلوی کمون-SF، دہلوی گیلینوس-SF، دہلوی کمون کیپسول، دہلوی گیلینوس پلز، دہلوی نیچورل ہیلتھ ٹانک، دہلوی نیچورل ہیلتھ ٹانک-SF، شربت فولاد، عرق اجوائن، عرق پودینہ، عرق ماء اللحم دو آتشہ، عرق ماء اللحم خاص، کشتہ طلاء، گیسٹریٹ سیرپ، گیسٹریٹ - S F، گیس۔ٹیب، ریاحین چورن، معجون نانخواہ اور ہضمین ''معدے کے درد'' میں جو ادویات مفید ہیں وہ سب بھوک لگاتی ہیں۔

## معدہ کی تیزابیت بڑھنا

**(Acidity)**

**قرص الکلین**: جب معدے میں غذا کے اچھی طرح ہضم نہ ہونے کی وجہ سے کھٹی ڈکاریں آتی ہوں اور معدے، حلق اور سینے میں جلن معلوم ہو تو ان حالات میں ان قرصوں کے استعمال سے فائدہ ہوتا ہے۔
**تـرکیب استعمال**: ۲-۲ قرص کھانا کھانے کے بعد دونوں وقت پانی سے کھلائیں یا جب ضرورت محسوس ہو استعمال کرائیں۔
نـــــوٹ: اسکے علاوہ اکسیر معدہ خاص، جامن سرکہ، سیب سرکہ، گیسٹریٹ سیرپ، گیسٹریٹ-SF اور گیس۔ٹیب بھی ''معدے کی تیزابیت'' کو کم کرتی ہیں۔

## ہیضہ

**(Cholera)**

**پـودیـنـول**: ہیضہ کی شروعات میں قے اور دستوں کو روکتی ہے اور معدے کی کمزوری کو دور کرتی ہے۔ ہیضہ جب بڑے پیمانے پر پھیلا ہو تو پودینول حفاظتی طور پر استعمال کرائی جاسکتی ہے۔
**ترکیب استعمال**: ۳ قطرے عرق پودینہ میں ملا کر ہر آدھے گھنٹے کے بعد پلائیں جب تک قے و دست نہ رک جائیں۔
نـوٹ: پودینول، حبِ پپیتہ، عرق پودینہ اور عرق عجیب بھی ''ہیضہ'' میں مفید ہیں۔

## قی الدّم (خون کی قے)

**(Hematemesis)**

**قـرص کهـربـا**: خون کے پتلے پن اور خون کی قے کو روکتی ہے۔ پھیپھڑوں سے خون آنے اور نکسیر میں مفید ہے۔
ترکیب: ۲ قرص شربت انجبار ۲۵ ملی لیٹر میں ملا کر چٹائیں۔
نوٹ: اسکے علاوہ قرص بندش خون بھی مفید ہے۔

## تبخیر

**(Stomach Heat)**

جوارش آملہ سادہ، جوارش جالینوس، جوارش شاہی، جوارش طباشیر، دہلوی گیلینوس-SF، دہلوی گیلینوس پلز، معجون مقوی معدہ اور نوشدارو معدے کی تبخیر کو روکتی ہیں۔

## عطش مفرط (پیاس کی زیادتی)

**(Polydipsia)**

روح عرق گلاب، روح عرق کیوڑہ، شربت انار شیریں، شربت انگور شیریں، شربت کیوڑہ، شربت نیلوفر، عرق اجوائن، عرق بادیان، عرق کاسنی، عرق گاؤزبان اور عرق گلاب پیاس کی زیادتی کی شکایت کو دور کرتی ہیں۔

## تخمہ (بدہضمی کے دست و قے)

**(Diarrhoea & Vomiting due to Indigestion)**

''تخمہ'' کے قے و دستوں کو روکنے میں جلدی نہ کریں، بلکہ دست لانے میں مدد دیں مثلاً اطریفل ملین یا جوارش کمونی مسہل ۱۰ گرام کھلا کر عرق پودینہ ۱۲۵ ملی لیٹر میں پودینول یا عرق عجیب ۲-۳ قطرے ملا کر پلائیں۔ جب قے و دست آ کر آنتیں صاف ہو جائیں تو تقویت معدہ کے لیے وہ ادویات جو ''ضعفِ معدہ'' میں لکھی گئی ہیں، استعمال کرائیں۔

## امراض کبد ومرارہ (جگرو پتہ کی بیماریاں)
## (Diseases of the Liver & Gall Bladder)
### ورم وصلابت جگر (جگر کا ورم اور سختی)
### (Hepatitis & Cirrhosis of the Liver)

**اکسیر جگر:** جگر کی اکثر خرابیوں کے لیے مفید ہے اور ایسے مزمن بخار کو بھی دور کر دیتی ہے جس کا باعث جگر کی خرابی ہو۔

**ترکیب استعمال:** ایک ایک قرص بعد غذا دونوں وقت تازہ پانی سے استعمال کرائیں۔ بچوں کو آدھا قرص دیں۔

**جگران سیرپ:** یہ امراض جگر میں مفید ہے۔ شراب نوشی وزیادہ کیمیاوی ادویات کا استعمال جگر کو نقصان پہنچاتا ہے۔ جگر کی خرابی کی وجہ سے جسم میں سستی، ڈھیلا پن اور ہر چیز سے بے رغبتی یا لگاؤ نہ ہونا، کھانے کی خواہش کم ہونا یا بالکل ہی نہ ہونا جیسی علامات پیدا ہو جاتی ہیں۔ جگران سیرپ ایسی علامات میں بیحد مفید ہے۔ ورم جگر کو تحلیل کرتا ہے۔ جگر کے بڑھ جانے، صلابت جگر اور استسقاء کی تینوں قسموں میں مفید ہے۔ جگر کے علاوہ ورم معدہ وورم رحم، یرقان اور ضعفِ اشتہا میں اس کا استعمال مجرب ہے۔ شراب پینے والوں کو اس کا روزانہ استعمال جگر کی خرابیوں سے بچائے رکھتا ہے۔ بھوک بڑھاتا ہے۔

**ترکیب استعمال:** ۱۰ ملی لیٹر صبح وشام پلائیں۔

**جگران۔ SF:** جگران سیرپ کی مکمل خصوصیات کے ساتھ لیکن شوگر فری شکل میں۔

**ترکیب استعمال:** ۱۰ ملی لیٹر صبح وشام پلائیں۔

**جگران کیپسول:** ایسے مخصوص نباتی اجزاء کا مکمل طور پر قدرتی مجموعہ ہے جو جگر کی حفاضت کرتا اور افعالِ جگر کو درست کرتا ہے۔ یہ ضعفِ جگر، ورم جگر اور مختلف اثرات سے جگر کو محفوظ رکھتا ہے اور جگر کو خراب ہونے سے روکتا ہے۔ روزانہ استعمال سے یہ جگر کے فعل کو درست رکھتا ہے، فعلِ ہضم کو درست کر کے جلد تحلیل کرتا ہے وبھوک کو بڑھاتا ہے۔ شراب، ادویہ اور جگر پر زہریلے اثرات مرتب کرنے والی اشیاء سے حفاظت کے لئے اسکا مستقل استعمال کرانا چاہئے۔ یہ عام صحت کو بھی بحال کرتا ہے۔

**ترکیب استعمال:** دو۔دو کیپسول صبح وشام دیں۔

**حب کبد نوشادری:** جگر کی سختی اور عظم جگر (جگر کا بڑھ جانا) میں بہت مفید ہیں۔ غذا کو ہضم کرتی ہیں، خوب بھوک لگاتی ہیں، پیٹ کے بھاری پن، اپھارے اور بدہضمی کی شکایت میں مفید ہیں۔ ریاح کو خارج کرتی ہیں اور قبض کو دور کرتی ہیں۔

**ترکیب استعمال:** ۲۔۲ گولیاں بعد غذا پانی سے کھلائیں۔

**دہلوی دینار -SF :** ایک منفرد غیر شکری (Sugar-free) فارمولا ہے جو ورم جگر، درد جگر، استسقاء اور پسلیوں کے درد (ذات الجنب) کی شکایت میں مفید ہے۔ قبض کو دور کرتا ہے۔ پیشاب کھل کر لاتا ہے۔ یہ شربت دینار کی مکمل خصوصیات کے ساتھ لیکن شوگر فری شکل میں ہے۔

**ترکیب استعمال:** ۲۵ ملی لیٹر عرق بادیان ۱۲۵ ملی لیٹر میں ملا کر پلائیں۔

**دہلوی ڈی۔ ورد کیپسول:** صدیوں کی آزمودہ معجون دبیدالورد کی تمام تر خصوصیات کے ساتھ دہلوی ڈی۔ ورد کیپسول بلاشبہ جدید دور کے تقاضوں کو پورا کرتی ہے۔ ورم جگر کو تحلیل کرتی ہے۔ جگر کے بڑھ جانے، صلابت جگر اور استسقاء کی تینوں قسموں میں مفید ہے۔ جگر کے علاوہ ورم معدہ وورم رحم، یرقان اور ضعفِ اشتہا میں اس کا استعمال مجرب ہے۔ شراب پینے والوں کو اس کا روزانہ استعمال جگر کی خرابیوں سے بچائے رکھتا ہے۔ بھوک بڑھاتی ہے۔

**ترکیب استعمال:** ا یا ۲ کیپسول عرق مکوہ ۶۰۔۶۰ ملی لیٹر یا پانی کے ساتھ استعمال کرائیں۔

**دہلوی معجون ڈی۔ ورد -SF :** صدیوں کی آزمودہ معجون دبیدالورد کی ترقی یافتہ شکل ہے جو شگر فری شکل میں پیش کی گئی ہے۔ معجون دبیدالورد کی تمام تر خصوصیات کے ساتھ دہلوی معجون ڈی۔ ورد-SF میں بس شکر نہیں ہے تا کہ اسے ذیابیطس کے مریض بھی استعمال کرسکیں۔

**ترکیب استعمال:** ۵ گرام عرق مکوہ ۶۰۔۶۰ ملی لیٹر یا پانی کے ساتھ استعمال کرائیں۔

**شربت اربعہ:** ورم جگر ومعدہ اور ورم رحم کو تحلیل کرتا ہے۔

**ترکیب استعمال:** ۲۵ ملی لیٹر سے ۵۰ ملی لیٹر تک پانی یا ۱۲۵ ملی لیٹر کسی مناسب عرق میں ملا کر پلائیں۔

**شربت بزوری حار:** گردہ، مثانہ اور جگر کے امراض میں مفید ہے۔

**ترکیب استعمال:** ۲۵ سے ۵۰ ملی لیٹر تک یہ شربت عرق بادیان ۱۲۵ ملی لیٹر میں ملا کر پلائیں۔

**شربت دینار:** ورم جگر، درد جگر، استسقاء اور پسلیوں کے درد (ذات الجنب) کی شکایت میں مفید ہے۔ قبض کو دور کرتا ہے۔ پیشاب کھل کر لاتا ہے۔

**ترکیب استعمال:** ۲۵ تا ۵۰ ملی لیٹر عرق بادیان ۱۲۵ ملی لیٹر میں ملا کر پلائیں۔

**شربت کاسنی:** جگر، معدہ اور آنتوں وغیرہ کے ورم، یرقان، صفرا کی زیادتی اور جگر کی بڑھی ہوئی گرمی وغیرہ میں مفید ہے۔

**ترکیب استعمال:** ۲۵ ملی لیٹر سے ۵۰ ملی لیٹر تک پانی میں ملا کر پلائیں۔

**شربت محلل:** جگر، معدہ اور آنتوں وغیرہ کے ورم، یرقان، صفرا کی زیادتی اور جگر کی بڑھی ہوئی گرمی وغیرہ میں مفید ہے۔

**ترکیب استعمال:** ۲۵ ملی لیٹر سے ۵۰ ملی لیٹر تک پانی ملا کر پلائیں۔
**عرق اربعہ:** ورم جگر، معدہ اور ورم رحم کو تحلیل کرتا ہے۔
**ترکیب استعمال:** ۱۲۵ ملی لیٹر یہ عرق شربت کاسنی ۲۵ ملی لیٹر یا پانی میں ملا کر پلائیں۔
**عرق افسنتین:** ورم جگر، معدہ اور ورم رحم کو تحلیل کرتا ہے۔
**ترکیب استعمال:** ۱۲۵ ملی لیٹر صبح پلائیں۔
**عرق کاسنی:** ورم جگر اور جگر کی سختی میں مفید ہے۔ جگر کی گرمی کو دور کرتا ہے اور پیاس کو تسکین دیتا ہے۔
**ترکیب استعمال:** ۱۲۵ ملی لیٹر شربت کاسنی ۲۵ ملی لیٹر میں ملا کر ہلکا گرم پلائیں۔
**عرق ماء اللحم مکوہ کاسنی والا:** معدہ وجگر کی اصلاح کرتا ہے، جسم کو قوت دیتا ہے اور ورموں کو تحلیل کرتا ہے۔
**ترکیب استعمال:** ۶۰ ملی لیٹر یہ عرق شیرہ بادیان ۵ گرام شیرہ مکوہ ۵ گرام کے ساتھ پلائیں۔
**عرق مکوہ:** جگر، معدہ، آنتوں اور رحم کے ورم کو تحلیل کرتا ہے اور ان کی گرمی کو تسکین دیتا ہے۔
**ترکیب استعمال:** ۱۲۵ ملی لیٹر شربت کاسنی ۲۵ ملی لیٹر یا پانی میں ملا کر پلائیں۔
**لو۔اون ٹیبلیٹس:** یہ ایسی نباتی اجزاء کا مرکب ہے جو افعالِ جگر کو درست کرتا ہے اور بدن کی حفاظت کرتا ہے۔ یہ جگر کو خراب ہونے اور اس کی سوزش سے بدن کو بچاتا ہے۔ روز کھانے سے یہ جگر کے فعل کو درست کرتا ہے، غذا کو تحلیل کرتا ہے اور بھوک کو بڑھاتا ہے۔ شراب اور دیگر سمّی ومضر اثرات سے حفاظت کرتا ہے اور عام صحت کو بحال کرتا ہے۔
**ترکیب استعمال:** ۲۔۲ قرص صبح وشام پانی سے کھلائیں۔
**معجون دبید الورد:** ورم جگر کو تحلیل کرتی ہے۔ جگر کے بڑھ جانے، صلابت جگر اور استسقاء کی تینوں قسموں میں مفید ہے۔ جگر کے علاوہ ورم معدہ وورم رحم، یرقان اور ضعفِ اشتہا میں اس کا استعمال مجرب ہے۔ شراب پینے والوں کو اس کا روزانہ استعمال جگر کی خرابیوں سے بچائے رکھتا ہے۔ بھوک بڑھاتی ہے۔
**ترکیب استعمال:** ۵ گرام عرق مکوہ ۶۰۔۶۰ ملی لیٹر یا پانی کے ساتھ استعمال کرائیں۔
**مکوہ کاسنی رس:** جگر، تلّی اور گُردوں کے امراض میں مفید ہے۔ ہِپی ٹائٹس اے، بی، سی اور پیلیا میں مفید ہے۔ جگر اور تلّی کے سیروسس میں فائدہ مند ہے۔ جگر کا بڑھنا اور صفراوی بخار میں فائدہ مند ہے۔ پیشاب کی نالی کی صفائی کرتا ہے۔
**ترکیب استعمال:** ۱۰-۱۰ ملی لیٹر دن میں دومرتبہ۔ حسبِ ذائقہ ۱۰-۱۵ ملی لیٹر پانی ملا کر بھی استعمال کرا سکتے ہیں۔ شہد بھی شامل کیا جا سکتا ہے۔
**مکوہ کیپسول:** جگر کی سوزش، جگر کا بڑھنا، پیلیا، جگر کی خرابی، استسقاء، قبض، دل کی شریانوں کا نقص، کھانسی، بخار، سوزاک، نقرس، دل کی بیماری، ورم حلق، بواسیر، گٹھیا، جلد کے امراض، تلی کی سوزش، تلی کا بڑھ جانا اور سل ودق میں مفید ہے۔
**ترکیب استعمال:** روزانہ ایک یا دو کیپسول دوبار کھانے کے بعد پانی کے ساتھ دیں۔
**ملیٹھی کیپسول:** جگر کے ورم اور اس کے سکڑنے میں بہت مؤثر ہے۔ ملیٹھی کو دمہ کے علاج، پرانے اور شدید ہوائی نالیوں کی سوزش، پرانی کھانسی، گلا بیٹھ جانا، گلے کی خراش اور بخار کم کرنے کے لئے بھی استعمال کیا جاتا ہے۔ گلائی سیریزین جگر کے قشرے کے ہارمون الڈسٹرون کے اخراج کو متحرک کرتا ہے۔ کھانسی پر قابو پانے کے لئے اس جڑی بوٹی کا استعمال اتنا ہی مؤثر اور اتنا ہی محفوظ ہے جتنا کہ کوڈین کا ہوتا ہے۔ قوت مدافعت کو مضبوط کرتا ہے اور بار بار کے تعفن کے خلاف مدافعت پیدا کرتا ہے۔ ملیٹھی ایک زبردست دافع افسردگی بھی ہے۔
نوٹ: مذکورہ ادویات کے علاوہ ایلو ویرا کیپسول، عرق برنجاسف، شلاجیت کیپسول اور شلاجیت کیئر بھی ''ورم وصلابت جگر'' میں مفید ہیں۔

## ضعفِ جگر (جگر کی کمزوری)
## (Weakness of the Liver)

**کاسنی کیپسول:** جالینوس نے کاسنی کو 'جگر کا دوست' کہا ہے۔ یہ ایک جانا مانا محافظ جگر ہے جسے جگر کے بڑھنے، جگر کی سردی، یرقان، بخار، قے اور شکم کے درد میں استعمال کیا جاتا ہے۔ مزید براں یہ پیشاب کی نالی کو بھی صاف کرتا ہے۔ تلّی کا بڑھ جانا اور ورم میں بھی مفید ہے۔
**ترکیب استعمال:** روزانہ ایک کیپسول دوبار کھانے سے پہلے پانی کے ساتھ دیں۔
نوٹ: اسکے علاوہ ایلو ویرا کیپسول، پنرنوا کیپسول، جگران سیرپ، جگران-SF، جگران کیپسول، جوارش انارین، جوارش جالینوس، جوارش مصطگی، حب خاص، خمیرہ آبریشم حکیم ارشد والا، دواء المسک معتدل، دواء المسک معتدل جواہر والی، دہلوی ارشد گولڈ پلز، دہلوی جوارش میٹھک-SF، دہلوی خمیرہ آبریشم ارشدی-SF، دہلوی گیلینوس-SF، دہلوی دواء المعتدل جواہر-SF، دہلوی ڈی۔ایم۔ ایم۔ جواہری کیپسول، دہلوی ڈی۔ورد کیپسول، دہلوی صحہ ٹون، دہلوی گیلینوس پلز، دہلوی معجون ڈی۔ورد-SF، شربت اربعہ، شربت انجیر، شربت فولاد، عرق اربعہ، کشتہ خبث الحدید، کشتہ زمرد، کشتہ طلا، کشتہ فولاد، کشتہ نقرہ، لو۔اون ٹیبلیٹس، مصطگی کیپسول، معجون دبید الورد، مکوہ کاسنی رس، موصلی کیسر پراش، موصلی کیسر پراش-SF، موصلی

کیسر کیپسول اور نوشدار و ''ضعفِ جگر'' کی شکایت میں استعمال کرائی جا سکتی ہیں۔

## حراتِ جگر ( جگر کی گرمی )

**(Bilious Liver)**

**شربت بزوری بارد:** جگر کی گرمی دور کرتا ہے۔ پیشاب لاتا ہے اور پیشاب کی جلن کو دور کرتا ہے۔ جگر، گردہ اور مثانہ کی بیماریوں میں از حد مفید ہے۔

**ترکیب استعمال:** ۲۵ سے ۵۰ ملی لیٹر تک یہ شربت ٹھنڈے پانی میں ملا کر پلائیں۔

**شربت بزوری معتدل:** جگر، گردہ اور مثانہ کے فضلات کو پیشاب کے ذریعہ خارج کرتا ہے۔ پیشاب خوب کھل کر لاتا ہے۔ جگر کی گرمی سے بخار رہتا ہو تو وہ بھی دور ہو جاتا ہے۔

**ترکیب استعمال:** ۲۵ تا ۵۰ ملی لیٹر پانی میں ملا کر پلائیں۔

**کلیہ بزوری- SF:** ایک منفرد غیر شکری (Sugar-free) فارمولا ہے، جو جگر اور گُردوں کو مکمل طور پر صحیح حالت پر قائم رکھتے ہوئے اپنے اپنے افعال بخوبی اور مکمل طور پر انجام دینے میں مدد کرتا ہے۔ جراثیم و دیگر آلودگیوں سے خون کو پاک کرتا ہے۔ یہ کئی اقسام کے زہریلے اجزاء کو جسم سے خارج کرنے میں مدد کرتا ہے، مثلاً ادویہ، جراثیم، طفیلی جیسے (Parasites)، غذاؤں میں شامل اضافی مشمولات (Food additives)، کیمیائی اجزاء، شحمیات (Fats)، شراب، وغیرہ۔ اس کے استعمال سے پیشاب کھل کر آتا ہے، جسکی وجہ سے جگر، گردوں ومثانہ کی صفراویت ختم ہو جاتی ہے اور جگر کی حرارت سے ہونے والا بخار بھی کم ہو جاتا ہے۔ یہ پیلیا میں بھی مفید ہے۔ گردوں میں پتھری بننے کو روکتا ہے، اسکے علاوہ گردوں ومثانہ کی پتھری کو توڑنے میں بھی مدد کرتا ہے۔ یہ ایک بہترین مدرِ بول دواء ہے۔ یہ پیشاب کے pH level کو اعتدال پر قائم رکھتا ہے اور پیشاب کی جلن میں آرام پہنچاتا ہے۔ یہ اپنی مسکّن اور محلّلِ ورم خصوصیت کی وجہ سے مثانہ کی جلن اور سوجن میں بھی سکون پہنچاتا ہے، اسکے علاوہ بولی نظام (Urinary tract) کے جراثیمی تعدیہ (Bacterial infection) میں بھی مفید ہے۔

**ترکیب استعمال:** : ۱۰۔۱۰ ملی لیٹر صبح وشام پانی کے ساتھ استعمال کرائیں۔

نوٹ: اس کے علاوہ جوارش آملہ سادہ، جوارش انارین، شربت اربعہ، شربت صندل، شربت کاسنی، شربت محلل، عرق اربعہ، عرق کاسنی، عرق مکوہ اور مکوہ کاسنی رس بھی ''حرارتِ جگر'' کی شکایت میں مفید ہیں۔

## برودتِ جگر ( جگر کی سردی )

**(Sluggish Liver)**

جوارش بسباسہ، جوارش جالینوس، جوارش مصطگی، دہلوی جوارش میٹک-SF، دہلوی گیلینوس- S F، دہلوی گیلینوس پلز، شربت بزوری معتدل، کاسنی کیپسول، کلیہ بزوری-SF، مصطگی کیپسول اور مکوہ کاسنی رس ''جگر کی سردی'' کو دور کرنے کے لیے نہایت مفید ہیں۔

## ورم وحصاۃ المرارۃ ( پتہ کی سوجن و پتھری )

**(Cholecystitis & Gall Bladder Stone)**

**روغن زیتون:** پتے کی پتھری اس کے لگاتار استعمال سے گھل کر نکل جاتی ہے۔ دائمی قبض کو دور کرتا ہے، بدن میں قوت وحرارت پیدا کرتا ہے اور مقوی اعصاب ہے۔

**ترکیب استعمال:** ۲۵ ملی لیٹر رات کو سوتے وقت ۲۵۰ ملی لیٹر دودھ میں ملا کر پلائیں۔

**کشتہ حجر الیہود:** گردہ، مثانہ و پتہ کی پتھری کو توڑ کر خارج کرتا ہے۔

**ترکیب استعمال:** ۳۰ تا ۶۰ ملی گرام یا ایک تا دو قرص معجون سنگ سرِ ماہی ۵ گرام میں رکھ کر کھلائیں۔

**معجون حجر الیہود:** گردہ، مثانہ و پتہ کی پتھری کو توڑ کر خارج کرتی ہے۔

**ترکیب استعمال:** ۵ گرام صبح وشام پانی سے یا ایک قرص اکسیر گردہ کے ساتھ استعمال کرائیں۔

نوٹ: مذکورہ ادویات کے علاوہ حب سلاجیت بھی ''پتہ کی سوجن و پتھری'' کی شکایت دور کرنے کے لیے مفید ہے۔

## استسقاء ( جلندھر )

**(Ascites)**

اکسیر جگر، آئرووِیٹا، جگران سیرپ، جگران-SF، جگران کیپسول، حبِ سلاجیت، دہلوی دینار - S F، دہلوی ڈی۔ورد کیپسول، دہلوی معجون ڈی۔ورد-SF، شربت دینار، شربت فولاد، کشتہ خبث الحدید، لو۔اوَن ٹیبلیٹس اور معجون دبید الورد ''استسقاء'' کی شکایت میں مفید ہیں۔

## امراض طحال (تلّی کی بیماریاں)
## (Diseases of the Spleen)

### عظم طحال (تلّی کا بڑھ جانا)
### (Splentitis)

جگران سیرپ، جگران۔ S F، جگران کیپسول، حب سلاجیت، دہلوی ڈی۔ورد کیپسول، دہلوی معجون ڈی۔ورد-SF، شربت انجیر، لِو۔اوِن ٹیبلیٹس ،مکوہ کاسنی رس،مکوہ کیپسول اور معجون دبیدالورد بھی ''عظم طحال'' کی شکایت میں مفید ہیں۔

### یرقان (پیلیا)
### (Jaundice)

جگران سیرپ، جگران۔SF، جگران کیپسول، جوارش انارین، جوارش عود ترش، حب سلاجیت، دہلوی ڈی۔ورد کیپسول، دہلوی معجون ڈی۔ورد - S F، شربت بزوری معتدل، شربت کاسنی، شربت محلل، شلاجیت کیپسول،شلاجیت کیئر، کاسنی کیپسول، کلیہ بزوری-SF، گلو کیپسول، لِو۔اوِن ٹیبلیٹس ،مکوہ کاسنی رس اور معجون دبیدالورد بھی ''یرقان'' کی شکایت میں مفید ہیں۔

### فقر الدّم (خون کی کمی)
### (Anaemia)

**کشتہ خبث الحدید**: مقوی معدہ وجگر ہے۔معدے کی فاسد رطوبات کو خارج کر کے جسم میں عمدہ وصالح خون پیدا کرتا ہے۔

**ترکیب استعمال**: ۶۰ ملی گرام یا دو قرص جوارش جالینوس یا دہلوی گیلینوس-SF ۵ گرام میں رکھ کر کھلائیں یا دہلوی گیلینوس پلز ایا ۲ گولی کے ساتھ کھلائیں۔

نوٹ: مذکورہ ادویات کے علاوہ اسپیرولینا کیپسول، آئرووییٹا، حبِّ سلاجیت، شلاجیت کیپسول، شلاجیت کیئر، شربت فولاد، کشتہ طلا، کشتہ فولاد اور نوشدارو بھی ''فقر الدّم'' کی شکایت میں مفید ہیں۔

### فربہی (موٹاپا)
### (Obesity)

**اوبیلین**: یہ ایسی جڑی بوٹیوں کا مرکب ہے جس کے استعمال سے جسم کو کسی قسم کا نقصان پہنچائے بغیر موٹاپا کم کرنے اور ہاضمہ درست کرنے و بھوک کو اعتدال پر رکھنے میں مدد ملتی ہے۔ یہ زائد چربی کو دھیرے دھیرے تحلیل کرتا ہے۔ آج کے زمانے میں لوگ خوراک کم کر دیتے ہیں، لیکن یہ صحیح نہیں ہے بلکہ بعض اوقات یہ صحت کے لئے مضر ثابت ہوسکتا ہے۔ یہ کیپسول اور ٹیبلیٹس کی شکل میں دستیاب ہے۔

**ترکیب استعمال** : ۲۔۲ کیپسول یا قرص کھانے کے ۳۰ منٹ قبل دونوں وقت پانی یا عرق زیرہ ۷۵ ملی لیٹر کے ساتھ استعمال کرائیں۔

**سفوف مھزّل**: موٹے اور فربہ لوگوں کے لیے مفید ہے۔موٹاپے اور فربہی کو کم کر کے بدن کو سڈول اور ہلکا کرتا ہے۔

**ترکیب استعمال**: ۵ گرام صبح وشام نیم گرم پانی یا عرق زیرہ ۷۵ ملی لیٹر کے ساتھ استعمال کرائیں۔ چاول، آلو، مکھن، بالائی اور مٹھائی سے پرہیز کرائیں۔

**عرق زیرہ**: ریاح کو خارج کرتا ہے اور بھوک لگاتا ہے۔مٹاپے کو دور کرنے میں مدد دیتا ہے۔

**ترکیب استعمال**: ۱۲۵ ملی لیٹر صبح اور شام استعمال کرائیں۔

**ولائتی املی کیپسول**: کولیسٹرول کی اونچی ایل ڈی ایل سطح اور موٹاپا میں مفید ہے۔

**ترکیب استعمال**: دو کیپسول دن میں دو بار کھانے کے بعد پانی کے ساتھ دیں۔

نوٹ: مذکورہ ادویات کے علاوہ جوارش بسباسہ، جوارش کمونی، جوارش کمونی مسہل، دہلوی اسبغول، دہلوی کمون-SF، دہلوی کمون کیپسول، سیب سرکہ، عربین نسخہ اور گوگل کیپسول بھی ''مٹاپے'' کو دور کرتے ہیں۔

### سیلولائٹ
### (Cellulite)

**سیلولائٹ کنٹرول آئل**: سیلولائٹ انسانی جسم کی ایک ایسی حالت ہے جس میں بازو، ران، کولہے، سُرین اور پیٹ کسی قدر گلٹی دار اور گڈھے دار ہو جاتے ہیں۔سیلولائٹ کی حالت عام طور پر بزرگ اور بالغ عورتوں میں پائی جاتی ہے۔سیلولائٹ کنٹرول آئل میں موجود مقوی روغنیات سیلولائٹ میں موجود چربی کی گانٹھوں میں دورانِ خون کو تیز کر دیتے ہیں، جسکی وجہ سے ان نسیجوں میں عملِ استحالہ تیز ہو جاتا ہے، نتیجۂ بازو، ران، کولھوں، سُرین اور پیٹ کے حصّوں سے ڈھیلا پن ختم ہو جاتا ہے۔

**ترکیب استعمال** : کولھوں، رانوں، اور بازوؤں پر اس تیل کو روزانہ رات کو اچھی طرح رگڑ کر مالش کریں اس کے بعد مالش کئے ہوئے اعضا کو پندرہ منٹ کے لیے گرم تولیہ سے ڈھانپ لیں۔تیل کو چھ سے آٹھ گھنٹے تک لگا رہنے دیں۔

## امراض امعاء (آنتوں کی بیماریاں)
## (Diseases of the Intestines)
### اسہال وزحیر (دست وپیچش)
### (Diarrhoea & Dysentery)

**بیل کیپسول:** خم دار آنت کی سوزش، دست، پیچش اور پیٹ کے کیڑے میں مفید ہے۔
**ترکیب استعمال:** ایک کیپسول دن میں دوبار کھانے کے بعد پانی کے ساتھ دیں۔
**جوارش مصطگی:** معدہ، جگر اور آنتوں کو طاقت دیتی ہے۔ اگر معدہ اور آنتوں کی کمزوری سے دست آرہے ہوں تو ان کو روکتی ہے۔ منہ سے رال بہنے اور پیشاب کے زیادہ آنے میں مفید ہے۔ معدہ اور جگر کی سردی کو دور کرتی ہے۔
**ترکیب استعمال:** ۵ گرام سے ۱۰ گرام تک صبح شام ۱۲۵ ملی لیٹر عرق بادیان یا پانی کے ساتھ استعمال کرائیں۔
**حب پیچش:** پرانے دستوں اور پیچش میں مفید ہے۔ درد اور مروڑ کو دور کرتا ہے۔
**ترکیب استعمال:** ایک ایک عدد بعد غذا پانی سے کھلائیں۔
**حب رال:** معدہ اور آنتوں کے زخموں کے لئے مفید ہے اور ان کی کمزوری سے آنے والے دست ان کے استعمال سے رک جاتے ہیں۔
**ترکیب استعمال:** ایک ایک عدد بعد غذا پانی سے کھلائیں۔
**حب سماق:** معدہ اور آنتوں کی کمزوری سے آنے والے دست ان کے استعمال سے رک جاتے ہیں۔
**ترکیب استعمال:** ایک ایک عدد صبح ورات پانی سے کھلائیں۔
**دہلوی جوارش میٹک۔SF:** صدیوں کی آزمودہ جوارش مصطگی کی ترقی یافتہ شکل ہے جو شکر فری شکل میں پیش کی گئی ہے۔ جوارش مصطگی کی تمام تر خصوصیات کے ساتھ دہلوی جوارش میٹک-SF میں بس شکر نہیں ہے تاکہ اسے ذیابیطس کے مریض بھی استعمال کرسکیں۔
**ترکیب استعمال:** ۵ گرام سے ۱۰ گرام تک صبح شام ۱۲۵ ملی لیٹر عرق بادیان یا پانی کے ساتھ استعمال کرائیں۔
**سفوف مقلیاثا:** پرانے دستوں اور پیچش میں مفید ہے۔ درد اور مروڑ کو دور کرتا ہے۔ ریاحی بواسیر میں بھی فائدہ مند ہے۔
**ترکیب استعمال:** ۵-۵ گرام صبح وشام پانی سے کھلائیں۔ پیچش میں سفوف پھانک کر اوپر سے ریشہ خطمی ۵ گرام کا لعاب ۱۲۵ ملی لیٹر پانی میں نکال کر ۲۵ ملی لیٹر شربت بنفشہ ملا کر پلائیں۔
**شربت بیلگری:** دستوں اور پیچش میں مفید ہے۔ پیاس بجھاتا ہے۔
**ترکیب استعمال:** ۲۵ ملی لیٹر سے ۵۰ ملی لیٹر تک پانی میں ملا کر پلائیں۔
**شربت حب الآس:** معدہ کو قوت دیتا ہے۔ ہر قسم کے دستوں کو بند کرتا ہے۔ مروڑ کو سکون دیتا ہے، نیز دستوں کے ساتھ خون آنے کو روکتا ہے۔ معدے اور آنتوں کو طاقت بخشتا ہے۔
**ترکیب استعمال:** ۲۵ ملی لیٹر سے ۵۰ ملی لیٹر تک پانی میں ملا کر پلائیں۔
**مصطگی کیپسول:** معدہ، جگر اور آنتوں کو طاقت دیتی ہے۔ اگر معدہ اور آنتوں کی کمزوری سے دست آرہے ہوں تو ان کو روکتی ہے۔ منہ سے رال بہنے اور پیشاب کے زیادہ آنے میں مفید ہے۔ معدہ اور جگر کی سردی کو دور کرتی ہے۔
**ترکیب استعمال:** ایک کیپسول صبح وشام پانی سے استعمال کرائیں۔
**معجون سنگدانہ مرغ:** معدہ اور آنتوں کو قوت دیتی ہے۔ ضعف ہضم میں مفید ہے۔ معدہ وآنتوں کی کمزوری سے آنے والے دستوں کو روکتی ہے۔
**ترکیب استعمال:** ۵ گرام صبح وشام پانی سے استعمال کرائیں۔
**نوٹ:** مذکورہ ادویات کے علاوہ پودینول، جوارش آملہ سادہ، جوارش انارین، جوارش طباشیر، دہلوی اسبغول، شربت انار شیریں، شربت انجبار، عرق بادیان، عرق عجیب، قرص مالتی بسنت، موچرس کیپسول اور نوشدارو کا استعمال بھی معدہ اور آنتوں کی کمزوری سے آنے والے ''دست وپیچش'' کو دور کرتا ہے۔

### حُصر (قبض)
### (Constipation)

**اسب۔کٹیر:** بڑی آنتوں کی اندرونی سطح میں تحریک پیدا کر کے ان کے عضلات کو سکیڑتی ہے جس سے اجابت ہونے میں مدد ملتی ہے اور آنتوں سے رطوبات کو جذب کر کے فضلات کو نرمی کے ساتھ خارج کرنے میں معاون ہوتی ہے۔ یہ معدہ کی گرانی کو دور کرتی ہے۔ طبیعت کو دوا کا عادی نہیں بناتی اسی لئے زیادہ عرصہ تک اس کو استعمال کرایا جاسکتا ہے۔
**ترکیب استعمال:** ایک چمچ پانی میں ملا کر کھلائیں۔
**اطریفل ملین:** پرانے دردسر، دورانِ سر اور آدھا سیسی کے درد کو دور کرتا ہے۔ قبض کو بھی دور کرتا ہے۔ نزلہ وزکام اور انکی وجہ سے پیدا ہونے والی بیماریوں کے لیے خاص طور پر مفید ہے۔
**ترکیب استعمال:** ۵ گرام سے ۱۰ گرام تک رات کو سوتے وقت ہلکے گرم دودھ یا پانی سے کھلائیں۔
**ترپھلا ایلو ویرا رس:** ایلو ویرا رس وترپھلا رس کے جملہ خواص کا حامل ہے۔ قدرتی طریقہ سے بڑی آنت کی صفائی کر کے قبض سے راحت دلاتا ہے۔ جگر اور قلب میں چربی کی سطح کو کم کرتا ہے۔ وزن کم کرنے میں مدد

کرتا ہے۔ ہائی بلڈ پریشر اور چند اقسام کے کولیسٹرال کو کم کرتا ہے۔ آنکھوں کی روشنی بہتر کرتا ہے۔ قدرتی طریقہ سے خون کی صفائی کرتا ہے۔

**ترکیب استعمال:** ۲۰-۳۰ ملی لیٹر دن میں دو مرتبہ۔ حسبِ ذائقہ ۲۰-۳۰ ملی لیٹر پانی ملا کر بھی استعمال کرا سکتے ہیں۔ شہد بھی شامل کیا جا سکتا ہے۔

**ترپھلا رس:** قدرتی طریقہ سے پیٹ کی صفائی کرتا ہے، قبض کُشا ہے، نظامِ ہضم کو قوی کرتا ہے، سر درد سے راحت دلاتا ہے، قبل از وقت بالوں کو سفید ہونے اور گرنے سے روکتا ہے اور جلد و بالوں میں قدرتی چمک پیدا کرتا ہے، قبل از وقت بڑھاپے کو روکتا ہے، آنکھوں کی روشنی تیز کرتا ہے، جگر کو زہریلے اثرات سے پاک کرتا ہے، معدہ کی تیزابیت سے راحت دلاتا ہے۔

**ترکیب استعمال:** ۲۰-۳۰ ملی لیٹر دن میں دو مرتبہ۔ حسبِ ذائقہ ۲۰-۳۰ ملی لیٹر پانی ملا کر بھی استعمال کرا سکتے ہیں۔ شہد بھی شامل کیا جا سکتا ہے۔

**جوارش کمونی مسهل:** پتّی، معدے کی خرابی و قبض کے لیے مفید ہے۔ منہ میں تھوک زیادہ پیدا ہوتا ہو یا رال بہتی ہو تو اس کے استعمال سے یہ شکایت دور ہو جاتی ہے۔

**ترکیب استعمال:** ۵ گرام صبح نہار منہ پانی یا ۱۰۰ ملی لیٹر عرق بادیان کے ساتھ استعمال کرائیں۔ قبض کو دور کرنے کے لیے ۱۰ گرام استعمال کرائیں۔

**دھلوی اسبغول:** بھوسی اسبغول کو یونانی و آیورویدک طریقہ علاج میں ملیّن یا دست آور کے طور پر (گرم دودھ یا پانی کے ساتھ) اور دستوں کو روکنے کے لئے (ٹھنڈے پانی کے ساتھ) ہزار ہا سال سے استعمال کیا جاتا رہا ہے۔ یہ عملِ ہضم کے غذائی نظام کو تحریک دیکر آنتوں کی حرکات کو نارمل رکھتی ہے، اور قبض کی حالت میں بھی سکون پہنچاتی ہے، خاص طور پر جب کہ آنتیں سکڑ گئی ہوں یا ڈھیلی پڑ گئی ہوں۔ بڑی آنت میں زیادہ پانی کا اجتماع کر کے بھوسی فضلہ کی مقدار کو بڑھا کر بہ آسانی خارج کر دیتی ہے۔ یہ IBS یعنی Irritable Bowel Syndrome کے علاج میں بھی مفید ہے۔ یہ آنتوں کی سوجن اور پیشاب کی نالی کے تعدیہ (انفکشن) میں بھی سکون پہنچاتی ہے۔ امید کے برخلاف یہ اسہال کیلئے ایک مفید علاج ہے۔ چونکہ بھوسی پیٹ میں جا کر پھول جاتی ہے اور پیٹ بھرا ہوا محسوس ہوتا ہے، اسلئے یہ بھوک کے احساس کو ختم کر دیتی ہے۔ بھوسی اسبغول بڑی آنت کی سوجن، پیچش، پیشاب کی نالی و مثانہ کی سوجن اور پیشاب کی جلن، معدہ و آنتوں کی سوجن و زخم، خون میں ایل ڈی ایل کولیسٹرول اور ٹرائی گلسرائڈ کے زائد ہونے میں بھی مفید ثابت ہوئی ہے۔ یہ سیرم کولیسٹرول کے صفراء کے ذریعہ خارج ہو جانے کی وجہ سے دل کے دورہ کا خطرہ بھی کم کرتی ہے۔ اسکے علاوہ زہریلے و کیمیائی اجزاء کو بھی جسم سے خارج کرتی ہے۔ تجزیہ سے یہ بھی ظاہر ہوا ہے کہ بھوسی اسبغول کے استعمال سے موٹاپا اور وزن کم کرنے میں بھی مدد ملتی ہے۔

**ترکیب استعمال:** اگلاس پانی، جوس، شربت، دودھ وغیرہ میں پورا شیشے ملا کر استعمال کرائیں۔ خشک بھوسی استعمال نہ کریں۔ 6-12 برس کے بچوں کے لئے ایک شیشے اور بڑوں کے لئے دو شیشے کافی ہیں۔

**روغن ارنڈی:** قبض کو دور کرتا ہے۔ آنتوں سے سدّوں کو نکالتا ہے۔ پیچش سدّی میں نہایت مفید ہے۔

**ترکیب استعمال:** ۲۵ ملی لیٹر سے ۵۰ ملی لیٹر تک یہ روغن ۲۵۰ ملی لیٹر نیم گرم دودھ میں ملا کر پلائیں۔

**سناء کیپسول:** سناء کی پتیاں انتہائی مسہل اور ملین ہیں خاص طور سے گاہے بگاہے قبض کی صورت میں انتہائی مفید ہیں نیز یہ بواسیری مسے اور مقعد کے آپریشن اور امعاء و معدہ کی نالیوں کی تشخیصی جانچ کے لئے کسی بیرونی مداخلت کے بعد زخموں کو مندمل کرنے کے لئے بھی انتہائی مفید ہے۔ یہ بڑی آنتوں کے غشاء کو اس طرح تحریک دیتی ہے کہ ان میں اچھا خاصا انقباض پیدا ہو جاتا ہے اور پھر اس انقباض کی وجہ سے یہ پوری طرح متحرک ہو جاتی ہیں (اس کے لئے عام طور سے 6 سے 12 گھنٹے درکار ہوتے ہیں) نیز سناء کی پتیاں بڑی آنتوں سے نکلنے والے سیال کو جذب نہیں ہونے دیتیں جس کی وجہ سے انسان کا براز نرم رہتا ہے۔ برگ سناء بچوں (12 سال سے زیادہ عمر کے) کمزور اور بچوں کے لئے پوری طرح محفوظ اور بے ضرر ہے۔ مذکورہ بالا امراض کے علاوہ سناء جوڑوں کے درد، عرق النساء، گٹھیا اور کمر کے درد کے لئے بھی بہت مفید ہے۔

**ترکیب استعمال:** دو کیپسول شب میں پانی کے ساتھ دیں۔

**سین۔کئیر کیپسول و پاؤڈر:** اس میں سناء کی پتیاں شامل ہوتی ہیں جو انتہائی ملین اور قبض کشا ہوتی ہیں۔ اس طرح یہ وقتی قبض کو دفع کرنے کی بڑی مؤثر دوا ہے۔ بڑی آنتوں کی اندرونی سطح میں تحریک پیدا کر کے ان کے عضلات کو سکیڑتی ہے جس سے اجابت ہونے میں مدد ملتی ہے اور آنتوں سے رطوبات کو جذب کر کے فضلات کو نرمی کے ساتھ خارج کرنے میں معاون ہوتی ہے۔ یہ معدہ کی گرانی کو دور کرتی ہے۔ سین کیئر طبیعت کو دوا کا عادی نہیں بناتی اسی لئے زیادہ عرصہ تک اس کو استعمال کیا جا سکتا ہے۔

**ترکیب استعمال:** دو کیپسول یا ۵ گرام شب میں پانی کے ساتھ دیں۔

**شربت ارزانی:** نزلہ، زکام اور کھانسی کے لیے مفید ہے۔ آنتوں سے خشک فضلہ کو پھسلا کر قبض دور کرتا ہے۔ سینہ کو بلغمی رطوبات سے پاک کرتا ہے۔

**ترکیب استعمال:** ۲۵ ملی لیٹر عرق گاؤزبان ۱۲۵ ملی لیٹر میں ملا کر پلائیں۔

**شربت انجیر:** قبض کی شکایت دور کرتا ہے، بلغم خارج کرتا ہے اور محلل ورم طحال ہے۔

**ترکیب استعمال:** ۲۵ ملی لیٹر پانی میں ملا کر پلائیں۔

**قبض کیور سیرپ و پلز:** یہ غیر کیمیائی قدرتی مرکب ہیں جو اعصاب کو نقصان پہنچائے بغیر آنتوں کو متحرّک کر کے فعّال بنا دیتے ہیں، اور

انکے استعمال کی عادت بھی نہیں پڑتی۔ یہ فضلہ میں چکنائی پیدا کرنے میں مدد کرتے ہیں اور بچوں اور بڑوں دونوں کے استعمال کیلئے یکساں طور پر محفوظ ہیں۔ اسکے علاوہ دوسری عادت ڈالنے والی ملیّن و مسہل ادویہ کی طرح یہ عضلات اور اعصاب کو کمزور نہیں کرتے۔
**ترکیب استعمال:** سیرپ۔۱۰ ملی لیٹر رات کو نیم گرم پانی میں ملا کر پلائیں۔
پلز: ۲ گولی رات کو پانی سے دیں۔
**قرص ملین:** معدہ وآنتوں کو فضلات سے پاک وصاف کر کے قبض کو دور کرتی ہے۔
**ترکیب استعمال:** ۲ قرص رات کو سوتے وقت نیم گرم دودھ یا پانی سے استعمال کرائیں۔
**کونسٹیویک:** معدہ کی کمزوری دور کرتی ہے، بھوک لگاتی ہے، قبض دور کرتی ہے اور ریاح کو خارج کرتی ہے۔
**ترکیب استعمال:** ۲ گولیاں سوتے وقت پانی سے کھلائیں۔
**معجون انجیر:** قبض کی شکایت کو دور کرتی ہے۔
**ترکیب استعمال:** ۱۰ گرام رات کو پانی یا دودھ سے استعمال کرائیں۔
نوٹ: مذکورہ ادویات کے علاوہ اطریفل زمانی، اطریفل کشنیزی، اطریفل مقل، تر پھلا کیپسول، جوارش کمونی کبیر، جوارش معدہ، حب پپیتہ، حب تنکار، حب سورنجان، حب کبد نوشادری، حب مقل، حب مقل جدید، خمیرہ بنفشہ، دہلوی سورنجان مفاصل کیپسول، ریاحین چورن، روغن بادام شیریں، روغن زیتون، شربت احمد شاہی، شربت دینار، لعوق سپستاں خیار شنبری اور معجون سورنجان بھی ''قبض'' کو رفع کرتی ہیں۔

## بواسیر و بھگندر

**(Piles & Fistula)**

**اطریفل مقل:** خونی اور بادی دونوں اقسام کی بواسیر میں مفید ہے۔ اس کے استعمال سے پھولے ہوئے مسے مرجھا جاتے ہیں۔ قبض کو زائل کرتا ہے۔
**ترکیب استعمال:** ۵ گرام سے ۱۰ گرام تک رات کو سوتے وقت پانی سے کھلائیں۔
**پائیلینا کیپسول:** خونی بواسیر، زخم مقعد اور اندرونی وبیرونی بواسیر میں مفید ہے۔ اس دوا سے درد، کھجلی اور دونوں طرح کی (یعنی اندرونی وبیرونی) بواسیر میں افاقہ ہوتا ہے اور جلد شفاء حاصل ہوتی ہے۔
**ترکیب استعمال:** دو کیپسول دن میں دوبار غذا کے بعد پانی سے دیں۔
**پائیلینا مرہم:** بواسیری مسّوں کے درد اور جلن کو تسکین دیتا ہے اور کچھ دنوں تک لگاتار لگاتے رہنے سے مسوں کو خشک کر کے گرا دیتا ہے۔
**ترکیب استعمال:** رات سوتے وقت اور صبح آبدست لینے کے بعد پانی خشک کر کے یہ مرہم لگائیں۔
**حب بواسیر بادی:** بواسیر بادی میں مفید ہیں۔
**ترکیب استعمال:** ۲۔۲ گولیاں صبح وشام پانی سے کھلائیں۔
**حب بواسیر خونی:** بواسیر خونی میں مفید ہیں۔
**ترکیب استعمال:** ۲۔۲ گولیاں صبح وشام پانی سے کھلائیں۔
**حب رسوت:** بواسیر خونی اور بواسیری دستوں میں مفید ہیں۔
**ترکیب استعمال:** ۲۔۲ گولیاں صبح وشام پانی سے استعمال کرائیں۔
**حب مقل:** خونی وبادی بواسیر میں مفید اور مجرب ہیں۔ قبض کو دور کرتی ہیں۔ آنتوں کی کمزوری دور کرتی ہیں۔
**ترکیب استعمال:** ۲ گولیاں رات کو سوتے وقت تازہ پانی سے کھلائیں۔
**حب مقل جدید:** بواسیر خونی ہو یا بادی یہ دونوں حالتوں کے لئے کامیاب دوا ہے۔ مسّوں کی جلن اور سوزش میں مفید ہے۔ ہاضمہ درست کرتی ہے۔
**ترکیب استعمال:** ۲ گولیاں رات کو سوتے وقت یا ایک ایک گولی دونوں وقت کھانے کے بعد پانی سے استعمال کرائیں۔
**روغن نیم:** بھگندر، خون کی صفائی اور خارش کے لئے اکسیر ہے۔ زخم کے کیڑے ہلاک کرتا، نیز سر کی جوئیں بھی مارتا ہے۔
**ترکیب استعمال:** مقام بھگندر پر ۳ یا ۴ قطرے ٹپکائیں اور اس کی پھریری تر کر کے رکھیں۔ سر کی جوؤں میں بالوں کی جڑوں میں لگائیں۔
**قرص بواسیر خاص:** خونی اور بادی بواسیر میں مفید ہے۔ بواسیر کے ہزاروں مریض اس دوا سے آرام وراحت حاصل کر چکے ہیں۔ خون آتا ہو تو بند ہو جاتا ہے۔
**ترکیب استعمال:** ۲ قرص صبح نہار منہ یا رات کو سوتے وقت پانی سے استعمال کرائیں۔
**مرہم بواسیر:** بواسیری مسّوں کے درد اور جلن کو تسکین دیتا ہے اور کچھ دنوں تک لگاتار لگاتے رہنے سے مسوں کو خشک کر کے گرا دیتا ہے۔
**ترکیب استعمال:** رات سوتے وقت اور صبح آبدست لینے کے بعد پانی خشک کر کے یہ مرہم لگائیں۔
**موچرس کیپسول:** خونی بواسیر، دست، پیچش، ورم قولون، سل و دق کی وجہ سے خون تھوکنا، فلو اور کثرت حیض میں مفید ہے۔
**ترکیب استعمال:** ایک کیپسول دن میں دوبار کھانے کے بعد پانی کے ساتھ دیں۔
نوٹ: مذکورہ ادویات کے علاوہ اطریفل کشنیزی، جوارش بسباسہ، جوارش

جالینوس، دہلوی اسبغول، دہلوی گیلینوس-SF، دہلوی گیلینوس پلز، سفوف مقلیا ثا، شلاجیت کیپسول، شلاجیت کیئر اور قرص بندش خون ''بواسیر و بھگندر'' میں بھی مفید ہیں۔

## دیدان امعاء (آنتوں کے کیڑے)

## (Intestinal Worms)

**اطریفل دیدان**: پیٹ کے ہر قسم کے کیڑوں خصوصاً کینچوؤں کو مار کر خارج کر دیتا ہے اور آئندہ کے لئے ان کی پیدائش کو روک دیتا ہے۔

**ترکیب استعمال**: ۵ گرام سے ۱۰ گرام تک رات کو سوتے وقت پانی سے استعمال کرائیں۔ تین روز لگاتار کھلانے کے بعد چوتھے دن رات کو قرص ملین ۲ عدد پانی سے کھلائیں۔

**قرص دیدان**: پیٹ کے کیڑوں کو ہلاک کرتا ہے اور انہیں پیٹ سے باہر نکال دیتا ہے۔

**ترکیب استعمال**: ۲-۲ قرص صبح و شام پانی سے کھلائیں۔ ہفتہ میں ایک بار روغن ارنڈی ۲۵ ملی لیٹر گرم دودھ میں ملا کر پلائیں تا کہ مرے ہوئے کیڑے باہر نکل جائیں۔

نوٹ: مذکورہ ادویات کے علاوہ سین کیئر ''آنتوں کے کیڑے'' میں بھی مفید ہیں۔

## قولنج

## (Colic)

اطریفل زمانی، پودینول، جوارش کمونی، جوارش کمونی کبیر، جوارش کمونی مسہل، دہلوی کمون-SF، دہلوی کمون کیپسول، روغن ارنڈی، شربت دینار، عرق اجوائن، عرق بادیانن اور عرق عجیب کا استعمال ''قولنج'' کی شکایت کو دور کرتا ہے۔

## امراض لبلبہ، گردہ و مثانہ

## (Diseases of the Pancreas, Kidney & Urinary Bladder)

### حصاۃ الکلیہ و مثانہ (گردہ و مثانہ کی پتھری)

### (Renal & Bladder Calculus)

**اکسیر گردہ**: پتھری چاہے گردہ میں ہو یا مثانہ میں اس دوا کے استعمال سے گھل کر پیشاب کے ذریعے خارج ہو جاتی ہے۔ اس کے علاوہ ریگ مثانہ و گردہ کو بھی خارج کرتی ہے۔

**ترکیب استعمال**: ایک ایک قرص صبح و شام ۵ گرام معجون حجر الیہود کے ساتھ استعمال کرائیں۔

**شربت آلو بالو**: خوب پیشاب لاتا ہے۔ گردہ و مثانہ کی پتھری کو توڑ کر پیشاب کے راستہ باہر نکال دیتا ہے۔

**ترکیب استعمال**: ۲۵ تا ۵۰ ملی لیٹر صبح و شام پانی میں ملا کر پلائیں۔

**قرص دواء گردہ**: گردہ اور مثانہ کی پتھری کو توڑ کر پیشاب کے راستہ خارج کرتی ہے۔ سنگ مرارہ کو بھی توڑتی ہے۔ گردہ و مثانہ کی پتھری پیشاب کے راستہ خارج ہونے کی وجہ سے پیشاب میں سوزش ہونے کو بھی فائدہ پہنچاتی ہے۔

**ترکیب استعمال**: ایک ایک قرص صبح و شام پانی یا معجون سنگ سرماہی ۱۵ گرام میں ملا کر کھلائیں۔ چکنی، کھٹّی و تیز مرچ والی اشیاء اور چاول کا استعمال منع ہے۔

**کلتھی کیپسول**: گردے کی پتھری، پیشاب کا درد کے ساتھ و مشکل سے آنا، موٹاپا اور استسقاء میں مفید ہے۔

**ترکیب استعمال**: روزانہ ایک یا دو کیپسول دو بار کھانے سے پہلے پانی کے ساتھ دیں۔

**معجون سنگ سرماھی**: گردہ و مثانہ کی ریگ میں مفید ہے۔

**ترکیب استعمال**: ۵ گرام صبح و شام ایک قرص دواء گردہ کے ساتھ کھلائیں۔

**معجون عقرب**: گردے و مثانہ میں سنگ ریزے یا پتھری پیدا ہو گئی ہو اسے توڑ کر پیشاب کے راستہ بہ آسانی نکال دینے کے لئے طب یونانی کی یہ ایک مشہور دوا ہے۔ درد میں سکون ملتا ہے۔

**ترکیب استعمال**: ۵ گرام صبح و شام ۱ عدد قرص دواء گردہ کے ساتھ کھلائیں۔

**یونیکیل کیپسول**: پیشاب کی پتھریوں میں مفید ہے۔ یہ پہلے پتھریوں کو ریزہ ریزہ کرتی ہے اور پھر انہیں پیشاب کے راستہ سے باہر نکال دیتی ہے۔ یہ اُن چیزوں کو بھی پیشاب کے ذریعہ خارج کر دیتی ہے جو کسی عضو کے ناقص فعل کی وجہ سے وجود میں آئی ہوں یا نامناسب غذاؤں کی وجہ سے مثانے یا گردے میں پتھری بننے کا سبب بنی ہوں۔ روزآنہ استعمال سے یہ گردے اور مثانے کو بالکل دھو کر صاف کر دیتی ہے۔ یہ دوا ان لوگوں کے لئے بھی بہت مفید ہے جنہیں پیشاب کم آنے کی شکایت ہو یا جن کی غذا میں معدنیات کی مقدار زیادہ ہو۔

**ترکیب استعمال**: ایک کیپسول دن میں دو بار پانی کے ساتھ دیں۔

نوٹ: مذکورہ ادویات کے علاوہ پُنر نوا کیپسول، جوارش جالینوس، حب سلاجیت، دہلوی گیلینوس-SF، دہلوی گیلینوس پلز، شربت بزوری معتدل، شلاجیت کیپسول، شلاجیت کیئر، کشتہ حجر الیہود، کلیہ بزوری-SF، گوکھرو کیپسول اور معجون حجر الیہود بھی ''گردہ و مثانہ کی پتھری'' کی شکایت میں مفید ہیں۔

## پیشاب کی نالیوں کا تعدیہ

**(Urinary Tract Infection)**

**پُنر نوا کیپسول** : پیشاب کی نالیوں کا انفکشن اور تہیج (oedema) میں مفید ہے۔

**ترکیب استعمال**: کھانا کھانے سے قبل دو کیپسول پانی کے ساتھ دیں۔

**نوٹ**: اسکے علاوہ جامن سرکہ، دہلوی اسبغول، شربت بزوری معتدل، کاسنی کیپسول اور کلیہ بزوری-SF بھی مفید ہیں۔

## ضعف گردہ ومثانہ (گردہ ومثانہ کی کمزوری)

**(Weakness of the Kidney & Urinary Bladder)**

**کلیاتی کیپسول**: گردہ ومثانہ کو طاقت دیتی ہے۔ پیشاب کھل کر لاتی ہے۔

**ترکیب استعمال**: روزانہ ایک کیپسول دوبار کھانے کے بعد پانی کے ساتھ دیں۔

**نوٹ**: اسکے علاوہ پُنر نوا کیپسول، جوارش جالینوس، جوارش زرعونی سادہ، جوارش زرعونی عنبری بہ نسخہ کلاں، دہلوی ایل۔کیر-SF، دہلوی ایل۔کیر کیپسول، دہلوی چیون پراش اسپیشل، دہلوی زرعون سادہ کیپسول، دہلوی فلاسفین-SF، دہلوی فلاسفین کیپسول، دہلوی گیلینوس-SF، دہلوی گیلینوس پلز، ڈائب۔ایز، شگرین، کشتہ بیضہ مرغ، کشتہ زمرد، لبوب کبیر، معجون انجدان، معجون پیاز، معجون جالینوس لولوی، معجون فلاسفہ، معجون کندر اور معجون ماسک البول بھی "ضعف گردہ ومثانہ" میں مفید ہیں۔

## پیشاب کی زیادتی

**(Diabetes Insipidus)**

**کشتہ بیضۂ مرغ**: ذیابیطس کی شکایت میں مفید ہے۔ پیشاب کی زیادتی کو کم کرتا ہے اور گردوں کو طاقت دیتا ہے۔ مردوں میں جریان اور عورتوں میں سیلان الرحم کو دور کرتا ہے۔

**ترکیب استعمال**: ٦٠ ملی گرام یا دو قرص مکھن میں رکھ کر کھلائیں اور اوپر سے دودھ پلائیں۔

**کشتہ زمرد**: ضعف جگر وضعف قلب میں مفید ہے۔ گردوں کو طاقت دیتا ہے۔ پیشاب کی زیادتی کو کم کرتا ہے اور مثانہ کو قوی کرتا ہے۔ ذیابیطس کی شکایت میں مفید ہے۔ بول زلالی (پیشاب میں ایلبومن آنے) اور کھانسی میں بھی مفید ہے۔

**ترکیب استعمال**: ۳۰ ملی گرام یا ایک قرص صبح جوارش زرعونی عنبری بہ نسخہ کلاں ۵ گرام میں رکھ کر کھلائیں۔

**معجون کندر**: بار بار پیشاب آنے کے مرض میں مفید ہے۔ سلس البول (پیشاب کا بلا ارادہ نکلنا) اور رات کو بستر پر پیشاب نکل جانے کی عادت دور کرتی ہے۔ گردہ اور مثانہ کو قوت دیتی ہے۔

**ترکیب استعمال**: ۵ گرام میں کشتہ بیضہ مرغ ایک قرص یا ۳۰ ملی گرام کشتہ ملا کر استعمال کرائیں۔

**معجون ماسک البول**: مثانہ کو طاقت دیتی ہے۔ بار بار پیشاب آنے کی شکایت، ذیابیطس، گردہ ومثانہ کی خرابی وغدہ مذی کے بڑھ جانے میں مفید ہے۔

**ترکیب استعمال**: ۵ گرام صبح یا رات کو سوتے وقت پانی سے استعمال کرائیں۔

**نوٹ**: مذکورہ ادویات کے علاوہ جوارش جالینوس، جوارش زرعونی سادہ، جوارش زرعونی عنبری بہ نسخہ کلاں، جوارش مصطگی، حب سلاجیت، دہلوی جوارش میٹک-SF، دہلوی زرعون سادہ کیپسول، دہلوی فلاسفین-SF، دہلوی فلاسفین کیپسول، دہلوی گیلینوس - S F، دہلوی گیلینوس پلز، ڈائب۔ایز، شگرین، شلاجیت کیپسول، شلاجیت کیئر، مصطگی کیپسول، معجون انجدان، معجون فلاسفہ اور نیم کیپسول بھی "پیشاب کی زیادتی" کی شکایت میں مفید ہیں۔

## ذیابیطس شکری (پیشاب میں شکر آنا)

**(Diabetes Mellitus)**

**آملہ ایلو ویرا کریلہ جامن رس**: آملہ اور ایلو ویرا کے جملہ خواص کے ساتھ ساتھ کریلہ وجامن کے خواص کا بھی حامل ہے۔ شکر کا استحالہ کر کے خون میں شکر کی مقدار کو اعتدال پر قائم رکھتا ہے۔ ذیابیطس میں زیادہ لگنے والی پیاس کو کم کرتا ہے۔

**ترکیب استعمال**: ۲۰-۲۰ ملی لیٹر دن میں دو مرتبہ۔ حسبِ ذائقہ ۲۰-۳۰ ملی لیٹر پانی ملا کر بھی استعمال کرا سکتے ہیں۔

**جامن رس**: بلڈ شوگر کو اعتدال پر قائم رکھتا ہے۔ جلد سے متعلق امراض سے حفاظت کرتا ہے۔ انسولین کے افراز کو بہتر کرتا ہے۔ فعلِ ہضم کے دوران جگر کے ذریعہ جذب شدہ زائد شوگر کا اخراج کرتا ہے۔ بار بار پیشاب آنے اور پیچش میں مفید ہے۔

**ترکیب استعمال**: ۲۰-۲۰ ملی لیٹر دن میں دو مرتبہ۔ حسبِ ذائقہ ۴۰ ملی لیٹر پانی ملا کر بھی استعمال کرا سکتے ہیں۔

**جامن سرکہ**: : ذیابیطس میں بطور دواء استعمال کیا جاتا ہے۔ اگر زیادہ کاربوہائیڈریٹ والی غذاء استعمال کرنے کے بعد جامن سرکہ استعمال کر لیا جائے تو یہ خون میں شکر کی سطح کو اعتدال پر قائم رکھنے میں مدد کرتا ہے۔ جامن سرکہ قلب اور جسم پر تبریدی اثر (Cooling effect) ڈالتا ہے۔ اسکے علاوہ یہ گردوں سے متعلق امراض اور پیشاب کی نالی کے تعدیہ میں مفید ثابت

ہوا ہے۔ پیشاب کی جلن، درد اور بدبو کوختم کرتا ہے۔ اسکے علاوہ پیشاب کو کھول کرلاتا ہے۔ یہ معدہ کی تیزابیت کوختم کرتا ہے، غذاء کوہضم کرتا اور ریاح کو خارج کرتا ہے، اور آنتوں کے ورم، ضعفِ ہضم اور امراضِ معدہ میں مفید ہے۔ متلی اور قے میں مفید ہے۔ اسکے علاوہ نفخ کو دور کرکے ہاضمہ بہتر بناتا ہے۔ جگر وتلّی کے افعال میں تحریک پیدا کرتا ہے۔ جگر وتلّی کے بڑھنے اور یرقان میں مفید ہے۔

**ترکیب استعمال**: روزانہ ۱۰ سے ۱۵ ملی لیٹر تک استعمال کراسکتے ہیں۔

**ڈائب۔ایز**: جڑی بوٹیوں کا ایک جامع مرکب ہے جس میں ایسی مجرب مانع ذیابیطس جڑی بوٹیاں شامل کی گئی ہیں جو آیورویدا اور یونانی طریقہ علاج میں پانچ ہزار سالوں سے برابر استعمال کی جاتی رہی ہیں۔ یہ طبی جڑی بوٹیاں ذیابیطس شکری پر قابو پانے کے لئے ڈائب۔ایز کو ایک مکمل ذریعہ علاج بنا دیتی ہیں۔ یہ خون میں شکر کی سطح کو متوازن بنا کر انسولین یا خون میں گلوکوز کی کمی کو دور کرنے والی دیگر دواؤں کی ضرورت کو بالکل ختم کر دیتی ہے یا کم کر دیتی ہے۔ مزید براں یہ میٹھے کھانے کی خواہش کوختم کرتی ہے، دوران خون کو بہتر بناتی ہے خاص طور سے ہاتھوں اور پیروں میں نیز آنکھوں کے پٹھوں میں دوران خون کو بہتر بنا کے ذیابیطس سے وابستہ آنکھوں کی بیماریوں کو قابو میں کرتی ہے۔ اسکے علاوہ یہ مرض کی علامت کے طور پر ظاہر ہونے والی شکایات جیسے کمزوری، سر چکرانا، پیروں میں مروڑ، بدن اینٹھنا، بار بار پیشاب آنا اور سخت کھجلی۔ اس میں نہ تو سلفونا مائیڈس ہوتا ہے اور نہ ہی بائیگوانائڈس پایا جاتا ہے (جو ایلو پیتھک کی اکثر دواؤں میں ہوتا ہے) جس کی بدولت اس میں وہ مضر اثر نہیں ہوتے جو آج کل کی دواؤں میں ہوتے ہیں جیسے جلدی امراض اور پٹھوں میں پیدا ہونے والا ترشہ۔

**ترکیب استعمال**: دو کیپسول دن میں دو یا تین بار مرض کی شدت کے مطابق۔ جب خون میں شکر کی سطح کم ہو جائے تو خوراک میں کمی کی جاسکتی ہے۔

**شگرین**: جڑی بوٹیوں کا ایک جامع مرکب ہے جس میں ایسی مجرب مانع ذیابیطس جڑی بوٹیاں شامل کی گئی ہیں جو آیورویدا اور یونانی طریقہ علاج میں پانچ ہزار سالوں سے برابر استعمال کی جاتی رہی ہیں۔ یہ طبی جڑی بوٹیاں ذیابیطس شکری پر قابو پانے کے لئے شگرین کو ایک مکمل ذریعہ علاج بنا دیتی ہیں۔ یہ خون میں شکر کی سطح کو متوازن بنا کر انسولین یا خون میں گلوکوز کی کمی کو دور کرنے والی دیگر دواؤں کی ضرورت کو بالکل ختم کر دیتی ہے یا کم کر دیتی ہے۔ مزید براں یہ میٹھے کھانے کی خواہش کوختم کرتی ہے، دوران خون کو بہتر بناتی ہے خاص طور سے ہاتھوں اور پیروں میں نیز آنکھوں کے پٹھوں میں دوران خون کو بہتر بنا کے ذیابیطس سے وابستہ آنکھوں کی بیماریوں کو قابو میں کرتی ہے۔ اسکے علاوہ یہ مرض کی علامت کے طور پر ظاہر ہونے والی شکایات جیسے کمزوری، سر چکرانا، پیروں میں مروڑ، بدن اینٹھنا، بار بار پیشاب آنا اور سخت کھجلی۔

**ترکیب استعمال**: ۵ گرام دن میں دو بار دیں۔ جب خون میں شکر کی سطح کم ہو جائے تو خوراک میں کمی کی جاسکتی ہے۔

**کریلا جامن رس**: کریلہ وجامن رس کے جملہ خواص سے بھرپور ہے۔

**ترکیب استعمال**: ۱۰-۱۵ ملی لیٹر دن میں دو مرتبہ۔ حسبِ ذائقہ ۲۰-۳۰ ملی لیٹر پانی ملاکر بھی استعمال کراسکتے ہیں۔

**کریلا رس**: گلوکوز کا استحالہ کرکے خون میں شکر کی مقدار کو اعتدال پر قائم رکھتا ہے۔ قدرتی طریقہ سے خون کی صفائی کرتا ہے۔ ہضم کرنے والے انزائم کے صحیح اور مناسب افراز کیلئے جگر کو تحریک دیتا ہے۔ انسولین کے افراز کو بہتر کرتا ہے۔ فعلِ ہضم کے دوران جگر کے ذریعہ جذب شدہ زائد شوگر کا اخراج کرتا ہے۔ قوّتِ مدافعت کو مضبوط کرتا ہے۔

**ترکیب استعمال**: ۱۰-۱۰ ملی لیٹر دن میں دو مرتبہ۔ حسبِ ذائقہ ۲۰-۳۰ ملی لیٹر پانی ملاکر بھی استعمال کراسکتے ہیں۔

**کریلا کیپسول**: خون کی خرابی، ذیابیطس، نقرس، گردے اور تلّی کی خرابیاں، جلد پر سرخ دانے اور جوڑوں کا درد میں مفید ہے۔

**ترکیب استعمال**: روزانہ دو کیپسول صبح پانی کے ساتھ دیں۔

**گڑمار کیپسول**: اس جڑی بوٹی کو 'گڑ۔مار' کہا جاتا ہے جس کا مطلب ہے 'شکر کوختم کرنے والی' کیونکہ اس جڑی بوٹی میں شکر کے مزہ کوختم کرنے کی تاثیر ہے۔ اسکی انوکھی تاثیر یہی ہے کہ یہ شکر کے مزے کوختم کر دیتی ہے۔ چونکہ شکر کی ہی طرح سے اس کا ڈھانچہ بھی سالمائی ہوتا ہے اس لئے یہ شکر کی جذب ہونے کی صلاحیت کو تقریباً 50% روک دیتی ہے۔ اسکے اس عمل میں کھانے کے مزے پر کوئی اثر نہیں پڑتا، صرف یہ مٹھاس کی خواہش کو دبا دیتی ہے۔ یہ ان جڑی بوٹیوں میں سے ایک ہے جسے خاص طور سے ذیابیطس کی شکریات کوختم کرنے کے لئے استعمال کیا جاتا ہے۔ اسی لئے یہ باور کیا جاتا ہے کہ یہ ذیابیطس کے مریضوں کے جسم میں موجود زائد شکر کی فعالیت کو ناکارہ بنا دیتی ہے۔ اسکی پتیاں ذیابیطس ٹائپ 2 (بیماری کا پختہ ہو جانا) میں انسولین کی سطح کو بڑھاتی ہیں جس کے لئے ان پتیوں کو لبلبہ (Pancreas) کے ان غدودی خلیوں کو از سر نو محرک کرنا ہوتا ہے جو انسولین خارج کرتے ہیں۔

**ترکیب استعمال**: روزانہ ایک کیپسول دو بار کھانے سے پہلے پانی کے ساتھ دیں۔ گڑمار کے فوائد کا مشاہدہ کرنے کے لئے کم سے کم اسے تین سے چار ہفتوں تک مسلسل لیتے رہیں۔ اس کا پورا فائدہ حاصل کرنے کے لئے چھ ماہ سے دو سال تک کا عرصہ درکار ہوتا ہے۔ انفرادی نتائج کا انحصار اس کیفیت ونوعیت کی صورت حال پر ہوتا ہے جس کے لئے گڑمار دی جارہی ہے۔

**میتھی کیپسول**: ذیابیطس شکری ٹائپ 2 کے مریضوں میں خون کی شکر کی سطح کو کم کرتی ہے، انسولین کی مدافعت کو گھٹاتی ہے اور خون میں

ٹرائے گلی سیرائڈ کی مقدار کو ختم کرتی ہے۔ میتھی میں موجود فائبر اور سیپونین بڑھے ہوئے کولیسٹرول کی سطح اور خون کی چکنائی کو کم کرنے کے لئے جانے جاتے ہیں خواہ وہ ذیابیطس کے مریض ہی کیوں نہ ہوں۔ اس کا استعمال ولادت میں سہولت اور دودھ پلانے والی کی چھاتی میں دودھ کی مقدار بڑھانے کے لئے بھی کیا جاتا ہے، جس کے لئے یہ پوری طرح محفوظ بھی ہے۔ اس کے علاوہ اس کی شہرت چھاتی کی مناسب نشوونما پیدا کرنے کے لئے بھی رہی ہے۔ اس کا ایک مادہ ڈیوس جینین کیمیائی اسٹروجن پیدا کرتا ہے اور یہ باور کیا جاتا ہے کہ یہی مادہ چھاتی کی بافتوں کی نشوونما کو بڑھاتا ہے۔ ولادت کے بعد عورتوں کے نظام کو معمول پر لانے میں بھی اس کا اچھا خاصا کردار ہے۔

**ترکیب استعمال** : روزانہ ۲ سے ۳ کیپسول دن میں تین بار کھانے سے پہلے پانی کے ساتھ دیں۔

## ذیابیطس گینگرین

**(Diabetic Gangerene)**

**ایزی۔ہیل**: ترگینگرین میں بہت مفید ہے جو ذیابیطس شکری کے مریضوں کو ہو جاتی ہے اور جس کا سبب اکثر اوقات معمولی زخم ہوتا ہے۔

**ترکیب استعمال**: ا۔ا کیپسول دن میں دوبار پانی سے دیں۔

## احتباس البول (پیشاب کا مشکل سے آنا)

**(Dysuria)**

بنادق البزور، پروسٹیٹ۔بی ایچ، سفوف اندری جلاّب، شربت آلو بالو، شربت بزوری معتدل، شربت دینار، شربت کاسنی، عرق کاسنی، کلیہ بزوری-SF اور گوکھرو کیپسول پیشاب کو جاری کرتے ہیں۔

## بستر میں پیشاب نکل آنا

**(Bed Wetting)**

جوارش جالینوس، جوارش زرعونی سادہ، جوارش مصطگی، حب سلاجیت، دہلوی زرعون سادہ کیپسول، دہلوی فلاسفین-SF، دہلوی فلاسفین کیپسول، دہلوی گیلینوس-SF، دہلوی گیلینوس پلز، ڈائب۔ایز، شگرین، شلاجیت کیپسول، شلاجیت کیئر، کشتہ بیضہ مرغ، گوکھرو کیپسول، معجون فلاسفہ، معجون کندر اور معجون ماسک البول ''بستر پر پیشاب نکل جانے'' کی عادت کو دور کرتی ہیں۔

## سلس البول (بے ارادہ قطرہ قطرہ پیشاب نکل آنا)

**(Incontinence of Urine)**

''بستر پر پیشاب نکل جانے'' کے زیر عنوان لکھی گئی ادویات ''سلس البول'' میں بھی مفید ہیں۔

## حرقتہ البول (پیشاب جلن سے آنا)

**(Burning Micturition)**

**بنادق البزور**: پیشاب کی جلن اور تکلیف میں مفید ہے۔ گردے اور مثانہ کے زخموں کو بھرتا ہے۔ پیشاب کھل کر لاتا ہے۔

**ترکیب استعمال**: ۵ گولیاں پانی سے استعمال کرائیں۔

**سفوف اندری جلاّب**: پیشاب کی رکاوٹ کو دور کر کے پیشاب خوب لاتا ہے سوزاک کی شکایت میں پیشاب کی نالی صاف کرتا ہے۔

**ترکیب استعمال**: ۵ گرام لسّی کے ساتھ استعمال کرائیں۔

نوٹ: مذکورہ ادویات کے علاوہ حب جریان خاص، شربت بزوری معتدل، عرق کاسنی، کلیہ بزوری-SF اور گوکھرو کیپسول کا استعمال ''پیشاب کی جلن'' کو دور کرتا ہے۔

## بول زلالی (پیشاب میں ایلبومن آنا)

**(Albuminuria)**

کشتہ زمرد ''پیشاب میں ایلبومن آنے'' کی شکایت کو رفع کرتا ہے۔

## گردہ اور مثانہ کی گرمی

**(Biliousness of the Kidney & Bladder)**

شربت بزوری معتدل، شربت کاسنی، شربت محلل، عرق کاسنی اور کلیہ بزوری-SF کا استعمال ''گردوں اور مثانہ کی گرمی'' کو دور کرتا ہے۔

## وجع الکلیہ (گردہ کا درد)

**(Nephralgia)**

اکسیر گردہ، جوارش زرعونی سادہ، جوارش زرعونی عنبری بہ نسخہ کلاں، دہلوی زرعون سادہ کیپسول، کشتہ حجر الیہود اور معجون حجر الیہود کا استعمال ''گردوں کے درد'' کو دور کرتا ہے۔

## بول الدّم (پیشاب میں خون آنا)

**(Haematuria)**

شربت انجبار، شربت بزوری معتدل، کشتہ عقیق، کلیہ بزوری-SF اور قرص بندش خون کا استعمال ''پیشاب میں خون آنے'' کو روکتا ہے۔

# مردوں کے خاص امراض

## (Diseases of Males)

## ضعف باہ (مردانہ طاقت کی کمی)

## (Sexual Debility)

**الاحمر:** نہایت مقوّی اعصاب اور مقوی باہ ہے۔ جگر کے فعل کو درست کرتا ہے اور خون کی تولید کو بڑھاتا ہے۔ آلات تناسل کے ڈھیلے پن کو درست کرتا ہے۔ اس کا استعمال جاڑوں کے موسم میں بوڑھوں اور بلغمی مزاج والے مریضوں کے لئے مفید ہے۔

**ترکیب استعمال:** ۳۰ ملی گرام یا ایک قرص ۶ گرام لبوب کبیر یا مکھن میں ملا کر کھلائیں اور اوپر سے دودھ پلائیں۔

**پاور۔جن کیپسول:** یہ جڑی بوٹیوں اور دھاتوں سے تیار کیا گیا ایک ایسا مرکب ہے جو کھوئی ہوئی طاقت کو بحال کرتا ہے اور مردانہ قوت کو بڑھاتا ہے۔ یہ نامردگی کے علاج میں بھی انتہائی مفید ہے۔ اسے جوان اور بوڑھے دونوں بطور ٹانک کے استعمال کر سکتے ہیں۔ پاور۔جن کیپسول کا کوئی مضر اثر مرتب نہیں ہوتا اور اسے طویل مدت تک استعمال کرایا جا سکتا ہے۔

**ترکیب استعمال:** ۲۔۲ کیپسول صبح و رات دودھ سے استعمال کرائیں۔

**جوھر سین:** مقوّی باہ ہے۔ معدہ، جگر، دل و دماغ کو طاقت دیتا ہے۔ اعصاب کو قوی کرتا ہے اور بلغمی امراض میں مفید ہے۔ جاڑوں کے موسم میں بوڑھوں اور بلغمی مزاج اشخاص کے لئے خصوصیت سے مفید ہے۔

**ترکیب استعمال:** ۳۰ ملی گرام بیج نکلی منقی میں بیج کی جگہ رکھ کر بغیر دانت لگائے پانی سے نگلوائیں۔ اوپر سے دودھ پلائیں۔

**جیون طلائی پلز:** انسانی قوت کا مرکزی خزانہ۔ دل، دماغ، گردے اور انثیین ہیں جن کے صحیح فعل پر انسان کی صحت، قوت اور جوانی کا دارومدار ہے۔ اگر ان مرکزی اعضاء میں سے کسی ایک فعل میں خرابی پیدا ہو جاتی ہے تو مختلف شکایات و امراض پیدا ہونے شروع ہو کاتے ہیں مثلاً دماغی و جسمانی کمزوری، معدہ کی خرابی، دردسر، ضعف بصارت، بے خوابی، سستی، تھکن اور ان سے بھی خراب شکایات مثلاً قوّت مردمی کی کمزوری، جریان، احتلام، سرعت ورقت منی وغیرہ۔ ایسے اجزاء کا مرکّب ہے جو مرکزی نظام پر براہ راست اثر ڈالتے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ ''جیون طلائی پلز'' استعمال کرنے والوں کی تمام قوّتیں بحال ہوتی ہیں اور ان میں جوش و قوّت کا ولولہ پیدا ہو جاتا ہے۔

**ترکیب استعمال:** ایک ایک گولی صبح شام دودھ یا پانی سے استعمال کرائیں۔

**حب جالینوس:** اعصاب کو قوت دے کر قوتِ باہ بڑھاتی ہیں۔

**ترکیب استعمال:** ۲ گولیاں صبح ۲۵۰ ملی لیٹر دودھ کے ساتھ دیں۔

**حب جدوار:** قوت باہ کو بڑھاتی اور قوت امساک پیدا کرتی ہیں۔ جریان، رقت اور سرعت میں بھی مفید ہیں۔ عضو مخصوص کی نرمی کو دور کرتی ہیں۔

**ترکیب استعمال:** ا یا ۲ گولی صبح و شام دودھ کے ساتھ دیں۔

**حب عنبر مومیائی:** مقوّی دل، دماغ و اعصاب ہیں۔ نیز مردانہ قوتوں کی محافظ ہیں۔ قوتِ باہ کو بڑھاتی ہیں۔ ضعف اعضاء رئیسہ کو دور کرتی ہیں اور مادّہ تولید (منی) کی اصلاح کرتی ہیں۔

**ترکیب استعمال:** ایک ایک گولی صبح و شام گرم دودھ کے ساتھ استعمال کرائیں۔

**حب مقوی:** ایک **خاص** مرکب ہے جو اعصاب، دل، دماغ کو قوت دیتی ہے۔ اعتدال سے ہٹ جانے اور خلاف فطری افعال کے ارتکاب سے جب قوت مردانہ میں ضعف پیدا ہو کر جوانی کا زوال شروع ہو جائے تو ایسی حالت میں حب مقوّی تلائی کا استعمال کرنے والے ہی زیادہ عرصہ تک صحت و جوانی کا مزہ حاصل کر سکتے ہیں۔

**ترکیب استعمال:** ایک گولی صبح ناشتہ میں یا رات سوتے وقت گرم دودھ سے استعمال کرائیں۔

**دھلوی اعصاب پلس:** اگر بدن میں کاہلی و سستی رہا کرتی ہے، محنت کے کام سے جلد تھکان ہو جاتی ہے اور بظاہر کوئی بیماری نہیں، اچھی غذا کھانے کے باوجود دبلے نظر آتے ہیں اور اعصاب کمزور ہو گئے ہیں تو ''عصاب پلس'' ان کو تندرستی کی حالت میں لے آتی ہے۔ خون کے سرخ ذرات کو بڑھا کر عام جسمانی کمزوری میں فائدہ کرتی ہے۔ ضعیف العمری و کثرت مباشرت سے جن مریضوں میں قوت مردانگی مفقود ہو جاتی ہے ان مریضوں کے لیے خاص اکسیر ہے۔ یہ ضعیف العمری یا کثرت مباشرت سے پیدا ہونے والے آلات تناسل کے ڈھیلے پن و کمزوری کو درست کرتی ہے۔

**ترکیب استعمال:** ایک ایک ٹکیہ صبح و شام دودھ کے ساتھ استعمال کرائیں۔

**دھلوی ایل۔کبیر-SF:** لبوب کبیر کی مکمل خصوصیات کے ساتھ لیکن شوگر فری شکل میں۔

**ترکیب استعمال:** ۶ گرام صبح ۲۵۰ ملی لیٹر دودھ یا ۵۰ ملی لیٹر عرق ماء اللحم دوآتشہ کے ساتھ استعمال کرائیں۔

**دھلوی ایل۔کبیر کیپسول:** صدیوں کی آزمودہ لبوب کبیر کی تمام تر خصوصیات کے ساتھ دہلوی ایل۔کبیر کیپسول بلا شبہ جدید دور کے تقاضوں کو پورا کرتا ہے۔ دماغ اور اعصاب کو طاقت دیتا ہے۔ عضو مخصوص کی نرمی کو دور کرتا ہے۔ مادّہ تولید کی پیدائش اور قوتِ باہ کو بڑھاتا ہے۔ گردوں کو طاقت دیتا ہے اور عام جسمانی کمزوری کو دور کرتا ہے۔ جریان میں بھی مفید ہے۔

**ترکیب استعمال:** ا یا ۲ کیپسول روزانہ صبح ۲۵۰ ملی لیٹر دودھ یا ۵۰ ملی

لیٹرعرق ماءاللحم دوآتشہ کے ساتھ استعمال کرائیں۔

**دھلوی ثعلب مصری SF-** : معجون ثعلب کی مکمل خصوصیات کے ساتھ لیکن شوگر فری شکل میں۔

**ترکیب استعمال**: ۵ گرام صبح ۲۵۰ ملی لیٹر دودھ کے ساتھ استعمال کرائیں۔

**دھلوی ثعلب مصری مرکب کیپسول**: صدیوں کی آزمودہ معجون ثعلب کی تمام تر خصوصیات کے ساتھ دہلوی ثعلب مصری مرکب کیپسول بلاشبہ جدید دور کے تقاضوں کو پورا کرتا ہے۔ضعفِ باہ وجریان کو دور کرتا ہے۔عضومخصوص کی سستی وڈھیلے پن کو دور کر کے عضو میں سختی پیدا کرتا ہے۔مادّہ تولید کو گاڑھا کرتا ہے۔

**ترکیب استعمال**: ا یا ۲ کیپسول روزانہ صبح ۲۵۰ ملی لیٹر دودھ کے ساتھ استعمال کرائیں۔

**دھلوی جلال کیپسول**: صدیوں کی آزمودہ معجون جلالی کی تمام تر خصوصیات کے ساتھ دہلوی جلال کیپسول بلاشبہ جدید دور کے تقاضوں کو پورا کرتا ہے۔مقوّی ومحرّک باہ ہے۔اعصاب کو تقویت بخشتی اور عام جسمانی کمزوری کو دور کرتا ہے۔مادّہ تولید کو پیدا کرتا ہے اور اسے غلیظ بناتا ہے۔

**ترکیب استعمال**: ا یا ۲ کیپسول روزانہ صبح ۲۵۰ ملی لیٹر دودھ کے ساتھ استعمال کرائیں۔

**دھلوی فلاسفین-SF**: معجون فلاسفہ کی مکمل خصوصیات کے ساتھ لیکن شوگر فری شکل میں۔

**ترکیب استعمال**: ۵ گرام تا ۱۰ گرام صبح وشام ۲۵۰ ملی لیٹر دودھ یا پانی سے استعمال کرائیں۔

**دھلوی فلاسفین کیپسول**: صدیوں کی آزمودہ معجون فلاسفہ کی تمام تر خصوصیات کے ساتھ دہلوی فلاسفین کیپسول بلاشبہ جدید دور کے تقاضوں کو پورا کرتا ہے۔اعصاب کو طاقت دے کر اور مادّہ تولید کی پیدائش زیادہ کر کے قوت باہ کو بڑھاتا ہے۔گردہ ومثانہ کو طاقت دیتا ہے اور پیشاب کی کثرت کو روکتا ہے۔گٹھیا اور کمر کے درد کو دور کرتا ہے،غذا کو ہضم کرتا ہے اور بھوک بڑھاتا ہے۔

**ترکیب استعمال**: ا یا ۲ کیپسول روزانہ صبح یا شام ۲۵۰ ملی لیٹر دودھ یا پانی کے ساتھ استعمال کرائیں۔

**دھلوی مقوی طلائی**: اعصاب،دل،دماغ کو قوت دیتی ہے۔اعتدال سے ہٹ جانے اور خلاف فطری افعال کے ارتکاب سے جب قوت مردانہ میں ضعف پیدا ہو کر جوانی کا زوال شروع ہو جائے تو ایسی حالت میں حب مقوی تلائی کا استعمال کرنے والے ہی زیادہ عرصہ تک صحت وجوانی کا مزہ حاصل کر سکتے ہیں۔

**ترکیب استعمال**: ایک گولی صبح ناشتہ میں یا رات سوتے وقت گرم دودھ سے استعمال کرائیں۔

**ڈریگن فورس**: ایک شادی شدہ شخص اپنی دوران زندگی مختلف قسم کی تکالیف سے گزر سکتا ہے۔مثلاً ذہنی تناؤ،افسردگی،خوداعتماد وقوتِ ارادی کی کمی،نیند کی کمی، ہارمون (خصوصاً Testosterone) کا غیر متوازن ہونا، صحت میں کمی واقع ہونا،تعلقات میں کشیدگی،مصروفیات زندگی،موٹاپا،خون کی کمی، ذیابیطس، زیادتی عمر، شراب و دواؤں خصوصاً افسردگی و تناؤ دور کرنے والی اور ہائی بلڈ پریشر کی دواؤں کا استعمال وغیرہ۔

یہ تمام اسباب اس شخص پر کم وبیش کچھ نہ کچھ اثرات ضرور مرتب کرتے ہیں،جنکی وجہ سے اس کی جسمانی وجنسی صحت متاثر ہو جاتی ہے۔ڈریگن فورس مقوی یونانی مفردات کا مجموعہ ہے جو ان تمام اسباب سے نبرد آزما ہوتے ہیں مدد کرتا ہے، جو جنسی کمزوری کا سبب بنتے ہیں۔ ڈریگن فورس آپ کی شادی شدہ زندگی میں کبھی بھی کوئی سست لمحہ نہیں آنے دیتا۔ یہ پوری طرح قدرتی ہے اور ہر قسم کے جانبی اثرات سے مبرا ہے۔

**ترکیب استعمال**: ایک کیپسول روزانہ صبح دودھ یا پانی کے ساتھ دیں۔دیرپا اثر کیلئے کم از کم ۲۰ یوم لگاتار استعمال کرائیں۔

**شلاجیت ایکسٹرا پاور**: شلاجیت میں کئی اقسام کے طاقتور اجزاء بشمول اینٹی آکسیڈنٹ اور Humic Acid اور Fulvic Acid پائے جاتے ہیں۔اس میں زائد از ۸۰ معدنی اجزاء پائے جاتے ہیں جو کہ انسانی جسم اور صحت پر حیرت انگیز فوائد مرتب کرتے ہیں۔یہ حیواناتِ منویہ (Sperms) کی تعداد اور حرکت میں اضافہ کر کے تخلیقی صلاحیت کو بڑھاتا ہے۔اسکے علاوہ Testosterone Level کو بھی بڑھاتا ہے۔اپنی اینٹی آکسیڈنٹ خصوصیات کی وجہ سے یہ قلب اور صحت کی حفاظت کرتا ہے۔اس میں موجود Fulvic Acid مرضِ الزائمر (Alzheimer's Disease) سے نبرد آزما ہونے میں مدد کرتا ہے۔شلاجیت ایکسٹرا پاور نظامِ اعصاب کو قوی کر کے دماغی تناؤ ودماغی تکان،مرگی،ذہنی اضطراب اور افسردگی سے نجات دلانے میں مدد کرتا ہے۔اسکے علاوہ ذہنی مرکوزیت،سیکھنے کی صلاحیت اور یادداشت میں بھی اضافہ کرتا ہے۔

**ترکیب استعمال**: ۱۰ ملی لیٹر صبح وشام پلائیں۔

**کونج کیپسول**: اس کا استعمال قبل از وقت انزال (سرعت)، جریان اور اعضاء بول وتناسل میں خرابی کے علاج کے لئے کیا جاتا ہے۔یہ مردوں میں قلت منی اور عورتوں کے بیضہ میں خرابیوں کو دور کرتا ہے نیز یہ مادہ منویہ کی کمیت اور کیفیت دونوں کو بہتر بناتا ہے۔یہ مردوں اور عورتوں کے بانجھ پن کو روکتا ہے۔اس کے علاوہ یہ ایستادگی میں کمی اور مباشرت میں کمزوری کو دور کرتا ہے۔ یہ جڑی بوٹی دماغ اور جسم میں ڈوپامائن، اسکروٹونین اور کیٹی کولامائن کی سطح کو کافی حد تک بڑھا کر موڈ کو بہتر بنا دیتا ہے جس کے نتیجے میں ذہنی افسردگی ختم ہو جاتی ہے۔چونکہ اس میں ایل۔ڈوپا اور نکوٹین کی مقدار زیادہ ہوتی ہے اس لئے بازار میں اس کی مانگ زیادہ ہے۔ایل۔ڈوپا دماغ کے اعصاب میں سگنل بھیجنے کا ذریعہ ہے جس کی وجہ سے

رعشہ کی بیماریوں میں بہت ہی مؤثر ہے۔
جسم کے کمزور عضلات کو مضبوط و توانا بنانے اور غیر ضروری شحمیات کو تحلیل کر کے جسم سے خارج کرنے میں بھی کونچ بہت مؤثر ثابت ہوا ہے، اور اسکی انہیں خصوصیات کی وجہ سے پہلوان اور دیگر کسرت کرنے والے لوگ تخم کونچ سے تیار ادویات بکثرت استعمال کرتے ہیں۔

**ترکیب استعمال:** ایک کیپسول دن میں دوبار کھانا کھانے کے بعد پانی کے ساتھ دیں۔

**لبوب بارد:** جریان و کثرتِ احتلام میں مفید ہے۔ مادّہ تولید کی پیدائش اور قوتِ باہ کو بڑھاتی ہے۔

**ترکیب استعمال:** ۵ گرام سے ۱۰ گرام تک صبح ۲۵۰ ملی لیٹر دودھ کے ساتھ استعمال کرائیں۔

**لبوب کبیر:** دماغ اور اعصاب کو طاقت دیتا ہے۔ عضو مخصوص کی نرمی کو دور کرتا ہے۔ مادّہ تولید کی پیدائش اور قوتِ باہ کو بڑھاتا ہے۔ گردوں کو طاقت دیتا ہے اور عام جسمانی کمزوری کو دور کرتا ہے۔ جریان میں بھی مفید ہے۔

**ترکیب استعمال:** ۶ گرام صبح ۲۵۰ ملی لیٹر دودھ یا ۵۰ ملی لیٹر عرق ماء اللحم دو آتشہ کے ساتھ استعمال کرائیں۔

**معجون اسپند سوختنی:** قوّت مردانہ کی حفاظت کرتی اور طاقت بخشتی ہے۔ سرعت انزال کی شکایت دور کرتی ہے۔ ضعف باہ میں نہایت مفید ہے۔

**ترکیب استعمال:** ۵ گرام تا ۱۰ گرام صبح ۲۵۰ ملی لیٹر دودھ کے ساتھ استعمال کرائیں۔

**معجون پیاز:** قوت مردانہ میں اضافہ کرتی ہے۔ گردوں کو قوی کرتی ہے۔ مادّہ منویہ کی پیدائش بڑھاتی ہے۔

**ترکیب استعمال:** ۵ گرام صبح دودھ کے ساتھ استعمال کرائیں۔

**معجون ثعلب:** ضعفِ باہ و جریان کو دور کرتی ہے۔ عضو مخصوص کی سستی و ڈھیلے پن کو دور کر کے عضو میں سختی پیدا کرتی ہے۔ مادّہ تولید کو گاڑھا کرتی ہے۔

**ترکیب استعمال:** ۵ گرام صبح ۲۵۰ ملی لیٹر دودھ کے ساتھ استعمال کرائیں۔

**معجون جالینوس لولوی:** حکیم جالینوس کے ترتیب دیئے ہوئے نسخہ کے مطابق تیار کی جاتی ہے۔ مردانہ قوت میں اضافہ کرتی ہے۔ اعصاب، گردہ و مثانہ کو قوت دیتی ہے۔ جسم میں چستی اور توانائی پیدا کرتی ہے۔ عضو مخصوص کے پٹھوں کی قوت اور جوش کو برقرار رکھتی ہے۔

**ترکیب استعمال:** ۵۔۵ گرام صبح اور رات سوتے وقت دودھ سے استعمال کرائیں۔

**معجون جلالی:** مقوّی و محرّک باہ ہے۔ اعصاب کو تقویت بخشتی اور عام جسمانی کمزوری کو دور کرتی ہے۔ مادّہ تولید کو پیدا کرتی ہے اور اسے غلیظ بناتی ہے۔

**ترکیب استعمال:** روزانہ صبح ۵ گرام ۲۵۰ ملی لیٹر دودھ کے ساتھ استعمال کرائیں۔

**معجون فلاسفہ:** اعصاب کو طاقت دے کر اور مادّہ تولید کی پیدائش زیادہ کر کے قوت باہ کو بڑھاتی ہے۔ گردہ و مثانہ کو طاقت دیتی ہے اور پیشاب کی کثرت کو روکتی ہے۔ گٹھیا اور کمر کے درد کو دور کرتی ہے، غذا کو ہضم کرتی ہے اور بھوک بڑھاتی ہے۔

**ترکیب استعمال:** ۵ گرام تا ۱۰ گرام صبح و شام ۲۵۰ ملی لیٹر دودھ یا پانی سے استعمال کرائیں۔

**وِگ۔ وِٹ:** وِگ-وِٹ ایک قدرتی اور بہت مؤثر دوا ہے جو خاص طور سے مردوں کے لئے تیار کی گئی ہے اور طاقت و توانائی کو بدستور برقرار رکھتی ہے۔ اس دوا میں ایسے منتخب کئے ہوئے شہوت انگیز اجزاء شامل ہیں جو جنسی جذبات کو برانگیختہ کرتے ہیں۔ یہ ایک غیر ہارمونی دوا ہے جو جنسی عمل کو بڑھا وا دیتی ہے اور ساتھ ہی ساتھ عمومی صحت کو بھی باقی رکھتی ہے۔ مردانہ جنسی اعضاء اور عضلات کو یہ مضبوط بناتی ہے اور قضیب کی ایستادگی کو بڑھاتی ہے۔ یہ دوا سیلانِ منی اور سُرعَت انزال کے مرض میں بھی مفید ہے۔

**ترکیب استعمال:** دو کیپسول بوقتِ شب جماع اور غذا سے ایک گھنٹہ قبل دودھ کے ساتھ دیں۔ ایک کیپسول صبح پانی کے ساتھ بطور احتیاط بھی دیا جائے تو اچھا ہے۔

نوٹ: مذکورہ ادویات کے علاوہ اشوگندھا کیپسول، اولیگو۔ الیس، ایز جی۔ ایڈ، بیجبند کیپسول، پنبہ دانہ کیپسول، ٹیسٹروَن کیپسول، جوارش زرعونی عنبری بہ نسخہ کلاں، جو ہر خصیہ، حب خاص، دہلوی آردخرمین-SF، دہلوی آردخرمین کیپسول، دہلوی شبابِ بادشاہی، دہلوی مغلظ موصلی، دہلوی مغلظ موصلی-SF، سپاری پاک پاوَڈر، طلاء بے نظیر، عاقرقرحا کیپسول، عرق عنبر، عرق ماء اللحم دو آتشہ، عرق ماء اللحم خاص، کشتہ ابرک سفید، کشتہ ابرک سیاہ، کشتہ طلاء، کشتہ فولاد، کشتہ قلعی، کشتہ نقرہ، معجون آردخرما، معجون سپاری پاک، معجون مغلظ، معجون مغلظ جواہر اور موصلی سفید کیپسول بھی ''ضعفِ باہ'' مفید ہیں۔

## کثرتِ احتلام و جریان (سوتے میں اور پیشاب میں مادّہ منویہ کا خارج ہونا)

**(Nocturnal Emmission & Spermatorrhoea)**

**اکسیر جریان:** بقول بوعلی سینا، تولیدی مادّہ انسان کے لیے بمنزلہ آب حیات ہے۔ یہ مادّہ ضائع نہیں ہوتا بلکہ آب زندگی ضائع ہوتا ہے۔ پس اس کی حفاظت کرنی چاہئے۔ ''اکسیر جریان'' مادّہ تولید کو گاڑھا کرتی ہے۔ ہر قسم کے جریان مثلاً جریان منی، جریان مذی اور جریان ودی کی

بہترین دوا ہے۔

**ترکیب استعمال:** ایک ایک قرص صبح وشام دودھ کے ساتھ سے استعمال کرائیں۔

**ثباتین:** غلط کار نو جوان بچپن کی غلط عادت کی وجہ سے انسانی قوتوں کو فنا کردینے والی بیماری میں مبتلا ہوجاتے ہیں جن کی وجہ سے رات کو بے خبری میں کپڑے خراب ہوجاتے ہیں۔ احتلام کی زیادتی کے اسباب میں سے ایک سبب یہ بھی ہوتا ہے کہ غلط کاری، خلاف فطری افعال یا کثرت مجامعت سے غدّہ منی میں سوزش اور دغدغہ پیدا ہوکر خون اور ریح کے معمولی دباؤ پر مادّہ تولید خارج ہوجاتا ہے۔ ''ثباتین'' ایسی مسکن دوا ہے جو غدّہ منی کی سوزش اور دغدغہ کو ختم کرکے احتلام بند کردیتی ہے۔

**ترکیب استعمال:** ۵ قرص نہار منہ دودھ یا پانی سے استعمال کرائیں۔ ناشتہ ایک گھنٹہ بعد کرائیں۔ کھانا سونے سے ۲ گھنٹہ قبل لینے کی ہدایت دیں۔

**جریانل:** جریانِ منی کو روکتی ہے اور بحالت خواب بغیر مجامعت کے انزال منی کو کنٹرول کرتی ہے۔ گردے اور مثانے کو تقویت دیتی ہے، منی کو گاڑھا کرتی ہے اور اس کی غیر ارادی ریزش میں بھی مانع ہے۔

**ترکیب استعمال:** دو کیپسولس دن میں دوبار پانی کے ساتھ دیں۔

**حب جریان خاص:** ہرقسم کے جریان کو دور کرتی ہے۔ گردہ اور مثانہ کو قوت پہنچاتی ہے۔ پیشاب کے ساتھ یا بعد میں قطرہ آنے یا دھات کے بگڑے ہوئے قوام کو درست کرتی ہے۔ پیشاب کی جلن کو دور کرتی ہے۔

**ترکیب استعمال:** ایک ایک گولی صبح وشام پانی سے کھلائیں۔

**دھلوی آرد خرمین-SF:** معجون آرد خرما کی مکمل خصوصیات کے ساتھ لیکن شوگر فری شکل میں۔

**ترکیب استعمال:** ۱۰ گرام صبح ۲۵۰ ملی لیٹر دودھ کے ساتھ استعمال کرائیں۔

**دھلوی آرد خرمین کیپسول:** صدیوں کی آزمودہ معجون آرد خرما کی تمام تر خصوصیات کے ساتھ دہلوی آرد خرمین کیپسول بلاشبہ جدید دور کے تقاضوں کو پورا کرتی ہے۔ جریان اور احتلام کی شکایت میں مفید ہے۔ مادّہ منویہ کو غلیظ کرتی ہے اور اس کی تولید بڑھاتی ہے۔ سرعتِ انزال کی بیماری کو رفع کرتی ہے۔ قوت باہ بڑھاتی ہے۔

**ترکیب استعمال:** ۱ یا ۲ کیپسول روزانہ صبح ۲۵۰ ملی لیٹر دودھ کے ساتھ استعمال کرائیں۔

**دھلوی مغلظ موصلی:** سرعت انزال اور جریان کی شکایت دور کرتی ہے۔ مادّہ تولید کے پتلے پن کی اصلاح کرکے منی کو گاڑھا بناتی ہے۔

**ترکیب استعمال:** ۵ تا ۱۰ گرام صبح ۲۵۰ ملی لیٹر دودھ کے ساتھ استعمال کرائیں۔

**دھلوی مغلظ موصلی-SF:** دہلوی مغلظ مصلی کی مکمل خصوصیات کے ساتھ لیکن شوگر فری شکل میں۔

**ترکیب استعمال:** ۵ تا ۱۰ گرام صبح ۲۵۰ ملی لیٹر دودھ کے ساتھ استعمال کرائیں۔

**دھلوی ممسکی اعظم:** ذکاوت حس جس میں مادّہ تولید کی تھیلی کمزور ہوجاتی ہے اور مادّہ تولید کا غدّہ سوزش میں مبتلا ہوجاتا ہے کہ ذرا سی تحریک پر مادّہ تولید کا اخراج ہوجاتا ہے اور ضبط قیام کی طاقت مفقود ہوجاتی ہے اس دوا سے اس خرابی کی اصلاح ہوجاتی ہے۔ یہ شوگر فری شکل میں ہے جس کی وجہ سے اسے شگر کے مریض بھی استعمال کرسکتے ہیں۔

**ترکیب استعمال:** فوری اثر کے لئے ۲ گرام جماع سے دو گھنٹہ قبل کھانا پوری طرح ہضم ہونے کے بعد ۲۵۰ ملی لیٹر گرم دودھ سے کھلائیں۔ دوا کھلانے کے بعد جماع تک کچھ نہ کھلائیں۔ یہ اپنا اثر ۲ گھنٹہ میں دکھاتی ہے۔ پورے فوائد کے لیے ۲ گرام روزانہ سوتے وقت دودھ سے کھلائیں۔

**سفوف اصل السوس:** منی کے پتلے پن اور تینوں قسموں کے جریان کی شکایت کو دور کرتا ہے۔ سرعت وذکاوت حس کو دور کرتا ہے۔

**ترکیب استعمال:** ۵ گرام صبح دودھ سے کھلائیں۔

**سفوف بیجبند:** مغلظ منی ہے۔ جریان، رقت، سرعت واحتلام میں مفید ہے۔

**ترکیب استعمال:** ۵ گرام صبح تازہ دودھ سے کھلائیں۔

**طلاء ممسک خاص:** بچپن کی غلط کاریوں اور کثرت جماع کی وجہ سے جن لوگوں کے لیے وظیفہ زوجیت ادا کرنا بے کیف بن گیا ہے اور ذرا سی تحریک سے عضومخصوص سے رطوبت خارج ہونے لگتی ہے یا انزال ہوجاتا ہے، ایسے مریضوں کے لیے یہ بہترین طلاء ہے۔

**ترکیب استعمال:** آدھا گرام یہ طلاء لے کر عضومخصوص کی پشت اور دائیں بائیں حصہ پر آہستہ آہستہ ہلکے ہاتھ سے تین منٹ تک مالش کریں (سیون اور حشفہ کو بچا کر) بعد میں ملائم کپڑے کی پٹی لپیٹ دیں اور ہلکی سکائی کریں۔ صبح کو پٹی کھول کر گرم پانی سے عضو کو دھولیں۔ اگر چند روز میں دانے نکل آئیں یا آبلہ پڑ جائے، جو اچھی علامت ہے، تب طلاء کا استعمال بند کرکے روغن چمیلی دانوں پر دن میں تین مرتبہ لگائیں۔ جب دانے ٹھیک ہو جائیں، پھر دوبارہ یہی عمل کریں۔ جب تک عضو کی خرابیاں دور نہ ہوں اسی طرح کئی بار استعمال کریں۔ گھوڑے یا سائیکل کی سواری اور مباشرت سے پرہیز کرائیں۔

**قرص جریان:** کثرت جماع، جلق اور جوانی کی دوسری غلط کاریوں کی وجہ سے اعضائے تناسل کی ذکاوت حس بڑھ جاتی ہے جس کی وجہ سے جریان مذی، جریان منی اور کثرت احتلام کی شکایت پیدا ہوجاتی ہے۔ ایسی حالت میں قرص جریان نہایت مفید ہے۔ یہ اعضاء تناسل کی بڑھی ہوئی حس کو کم کرکے مادّہ منویہ کے قوام کو گاڑھا کرتا ہے جس کی وجہ سے مادّہ منویہ کا

پیشاب کے راستہ بے اختیار بہنا بند ہو جاتا ہے۔

**ترکیب استعمال:** ۴ قرص صبح تازہ پانی یا گرم دودھ سے استعمال کرائیں۔ دوا کھلانے کے ایک گھنٹہ بعد ناشتہ کرنے کو کہیں۔

**کشتہ صدف:** مردوں کے جریان اور عورتوں میں سیلان الرحم کو دور کرتا ہے۔ دل کو طاقت دیتا ہے۔

**ترکیب استعمال:** ۶۰ ملی گرام یا دو قرص معجون سپاری پاک ۵ گرام میں رکھ کر کھلائیں۔

**کشتہ قلعی:** جریان، احتلام، سرعت انزال ورقت منی میں مفید ہے۔ منی کو گاڑھا کرتا ہے اور اس کی پیدائش بڑھاتا ہے۔ ضعفِ باہ (بوجہ جریان) میں بھی مفید ہے۔

**ترکیب استعمال:** ۶۰ ملی گرام یا دو قرص معجون آرد خرما ۱۰ گرام میں رکھ کر کھلائیں اور اوپر سے ۲۵۰ ملی لیٹر دودھ پلائیں۔

**معجون انجدان:** جریان منی، جریان مذی اور جریان ودی میں مفید ہے۔ غدّہ ہائے مذی کے ورم اور غدّہ ودی کی خرابی کو جس وجہ سے وہ رطوبات زیادہ خارج ہونے لگتی ہیں بالکل دور کر دیتی ہے۔ ان غدودوں کی اصلاح کے علاوہ یہ دوا مثانہ اور گردہ کو قوت پہنچا کر پیشاب کی زیادتی کو روکتی ہے۔

**ترکیب استعمال:** ۵ گرام صبح شام دودھ کے ساتھ استعمال کرائیں۔

**معجون آرد خرما:** جریان اور احتلام کی شکایت میں مفید ہے۔ مادّہ منویہ کو غلیظ کرتی ہے اور اس کی تولید بڑھاتی ہے۔ سرعتِ انزال کی بیماری کو رفع کرتی ہے۔ قوت باہ بڑھاتی ہے۔

**ترکیب استعمال:** ۱۰ گرام صبح ۲۵۰ ملی لیٹر دودھ کے ساتھ استعمال کرائیں۔

**معجون مغلظ:** سرعتِ انزال اور جریان کی شکایت دور کرتی ہے۔ منی کو گاڑھا کرتی ہے۔ قوت مردانگی کو بڑھاتی ہے۔

**ترکیب استعمال:** ۵ گرام تا ۱۰ گرام صبح ۲۵۰ ملی لیٹر دودھ کے ساتھ استعمال کرائیں۔

**معجون مغلظ جواہر:** مادّہ تولید کے پتلے پن کی اصلاح کر کے منی کو گاڑھا بناتی ہے۔ قدرتی امساک کرتی ہے۔ جریان کی شکایت میں مفید ہے۔

**ترکیب استعمال:** ۵ گرام صبح ۲۵۰ ملی لیٹر دودھ کے ساتھ استعمال کرائیں۔

نوٹ: مذکورہ ادویات کے علاوہ بیجیند کیپسول، تر پھلا کیپسول، حب جدوار، حب سلاجیت، دہلوی ایل۔کبیر-SF، دہلوی ایل۔کبیر کیپسول، دہلوی ثعلب-SF، دہلوی ثعلب مصری مرکب کیپسول، شلاجیت کیپسول، شلاجیت اکسٹرا پاور، کشتہ بیضۂ مرغ، کشتہ مروارید، کشتہ نقرہ، لبوب بارد، لبوب کبیر، معجون اسپند سوختنی اور معجون ثعلب بھی ''کثرتِ احتلام و جریان'' کی شکایت کو دور کرتے ہیں۔

## سرعت (مادّہ منویہ کا جلدی خارج ہو جانا)

**(Premature Ejaculation)**

**اپسرا۔ایڈ:** مقوی اعصاب واعضاء رئیسہ ہے۔ یہ اعضاء تناسل میں تناؤ وتحریک پیدا کرتی ہے۔ اس گولی میں ایسے اجزاء شامل ہیں جو اعضائے تناسل کو غذائیت بھی دیتے ہیں جس کی وجہ سے مادّہ منویہ کثرت سے بنتا ہے اور اس میں ٹھہراؤ کی طاقت بہت زیادہ ہوتی ہے۔ مادّہ منویہ میں ٹھہراؤ پیدا ہو جانے سے جماع کے وقت مادّہ منویہ دیر سے خارج ہوتا ہے اور لذت میں اضافہ کا سبب بنتا ہے۔

**ترکیب استعمال:** امساک اور لذت میں اضافہ کرنے کے لیے کھانا ہضم ہونے کے بعد اور مباشرت سے دو گھنٹہ قبل ایک گولی ۲۵۰ ملی لیٹر گرم دودھ کے ساتھ استعمال کرائیں۔ جن لوگوں کی قوت امساک مستقل کمزور رہتی ہو انہیں مستقل، دیرپا اثر کے لیے روزانہ کافی عرصہ تک رات کو سوتے وقت آدھی گولی گرم دودھ کے ساتھ استعمال کرائیں۔

**حب ممسک:** ایک **خاص** مرکب ہے جو نہایت مقوی وممسک ہیں۔ خلوت وشب باشی میں ٹھہراؤ میں اضافہ کرتی ہیں۔

**ترکیب استعمال:** ایک گولی روزانہ رات سوتے وقت دودھ سے استعمال کرائیں۔ عارضی فائدے کے لیے جماع سے دو گھنٹہ قبل کھانا پوری طرح ہضم ہونے کے بعد ایک گولی ۲۵۰ ملی لیٹر گرم دودھ سے کھلائیں۔ گولی کھلانے کے بعد جماع تک کچھ نہ کھلائیں۔ یہ اپنا اثر ایک گھنٹہ میں دکھاتی ہے۔

**حب ممسکی نقرئی:** نہایت مقوی وممسک ہیں۔ خلوت وشب باشی میں ٹھہراؤ میں اضافہ کرتی ہیں۔

**ترکیب استعمال:** ایک گولی روزانہ رات سوتے وقت دودھ سے استعمال کرائیں۔ عارضی فائدے کے لیے جماع سے دو گھنٹہ قبل کھانا پوری طرح ہضم ہونے کے بعد ایک گولی ۲۵۰ ملی لیٹر گرم دودھ سے کھلائیں۔ گولی کھلانے کے بعد جماع تک کچھ نہ کھلائیں۔ یہ اپنا اثر ایک گھنٹہ میں دکھاتی ہے۔

**حب نشاط:** مقوّی وممسک ہیں۔ لگاتار استعمال سے رقت وسرعت کی شکایت دور ہو جاتی ہے۔

**ترکیب استعمال:** ایک گولی جماع سے دو گھنٹہ قبل کھانا پوری طرح ہضم ہونے کے بعد ۲۵۰ ملی لیٹر گرم دودھ سے کھلائیں۔ گولی کھلانے کے بعد جماع تک کچھ نہ کھلائیں۔ یہ اپنا اثر ۲ گھنٹہ میں دکھاتی ہے۔ پورے فوائد کے لیے آدھی گولی روزانہ سوتے وقت دودھ سے کھلائیں۔

**دہلوی شباب بادشاہی:** منی پیدا کرنے والے اعضاء کو قوت دے کر مادّہ منویہ کی پیدائش کے عمل کو تیز کرتا ہے نتیجۃً میں منی زیادہ پیدا ہو کر قوت باہ بڑھ جاتی ہے۔ غدّہ قدامیہ کو قوت پہنچا کر امساک اور لذت

میں اضافہ کرتا ہے۔ منی کے قوام کو گاڑھا کر کے رقت اور جریان کو فائدہ دیتا ہے۔ یہ شوگر فری شکل میں ہے جس کی وجہ سے اسے شگر کے مریض بھی استعمال کر سکتے ہیں۔

**ترکیب استعمال:** ۵ گرام روزانہ صبح دودھ سے استعمال کرائیں۔

**دہلوی مقوی نقرئی:** بےضرر وزود اثر نہایت مقوی وممسک گولیاں ہیں۔ آہستہ آہستہ اندرونی خرابیوں کی اصلاح کر کے دوبارہ قوت و جوانی کا عالم پیدا کر دیتی ہیں۔

**ترکیب استعمال:** ایک گولی جماع سے دو گھنٹہ قبل کھانا پوری طرح ہضم ہونے کے بعد ۲۵۰ ملی لیٹر گرم دودھ سے کھلائیں۔ گولی کھلانے کے بعد جماع تک کچھ نہ کھلائیں۔ یہ اپنا اثر ۲ گھنٹہ میں دکھاتی ہے۔ پورے فوائد کے لیے آدھی گولی روزانہ سوتے وقت دودھ سے کھلائیں۔

**دہلوی مقوی و ممسکی:** بےضرر وزود اثر نہایت مقوی وممسک گولیاں ہیں۔ آہستہ آہستہ اندرونی خرابیوں کی اصلاح کر کے دوبارہ قوت وجوانی کا عالم پیدا کر دیتی ہیں۔

**ترکیب استعمال:** ایک گولی جماع سے دو گھنٹہ قبل کھانا پوری طرح ہضم ہونے کے بعد ۲۵۰ ملی لیٹر گرم دودھ سے کھلائیں۔ گولی کھلانے کے بعد جماع تک کچھ نہ کھلائیں۔ یہ اپنا اثر ۲ گھنٹہ میں دکھاتی ہے۔ پورے فوائد کے لیے آدھی گولی روزانہ سوتے وقت دودھ سے کھلائیں۔

**گولی واجد نوابی:** مقوی اعصاب واعضاء رئیسہ ہے۔ یہ اعضاء تناسل میں تناؤ وتحریک پیدا کرتی ہے۔ اس گولی میں ایسے اجزاء شامل ہیں جو اعضائے تناسل کو غذائیت بھی دیتے ہیں جس کی وجہ سے مادّہ منویہ کثرت سے بنتا ہے اور اس میں ٹھہراؤ کی طاقت بہت زیادہ ہوتی ہے۔ مادّہ منویہ میں ٹھہراؤ پیدا ہو جانے سے جماع کے وقت مادّہ منویہ دیر سے خارج ہوتا ہے اور لذت میں اضافہ کا سبب بنتا ہے۔

**ترکیب استعمال:** امساک اور لذت میں اضافہ کرنے کے لیے کھانا ہضم ہونے کے بعد اور مباشرت سے دو گھنٹہ قبل ایک گولی ۲۵۰ ملی لیٹر گرم دودھ کے ساتھ استعمال کرائیں۔ جن لوگوں کی قوت امساک مستقل کمزور رہتی ہو انہیں مستقل، دیرپا اثر کے لیے روزانہ کافی عرصہ تک رات کو سوتے وقت آدھی گولی گرم دودھ کے ساتھ استعمال کرائیں۔

**نوٹ:** مذکورہ ادویات کے علاوہ جیون طلائی پلز، حب جدوار، حب سلاجیت، دہلوی جلال کیپسول، دہلوی مغلظ موصلی، دہلوی مغلظ موصلی-SF، دہلوی مقوی طلائی، سفوف اصل السوس، سفوف بیجبند، طلاء ممسک خاص، عاقرقرحا کیپسول، کشتہ طلاء، کشتہ قلعی، کشتہ نقرہ، کونچ کیپسول، گوکھرو کیپسول، معجون اسپند سوختنی، معجون جلالی، معجون مغلظ، معجون مغلظ جواہر اور موصلی سفید کیپسول بھی ''سرعت'' کی شکایت کو دور کرتی ہیں۔

## رقت منی (منی کا پتلا پن)

**(Hydrospermia)**

اولیگو-ایس، اکسیر جریان، بیجبند کیپسول، ٹیسٹرون، جیون طلائی پلز، جوارش زرعونی سادہ، جوارش زرعونی عنبری بہ نسخہ کلاں، حب جریان خاص، حب عنبر مومیائی، حب مقوی، حب نشاط، دہلوی آردخرمین-SF، دہلوی آردخرمین کیپسول، دہلوی ثعلب-SF، دہلوی ثعلب مصری مرکب کیپسول، دہلوی زرعون سادہ کیپسول، دہلوی مغلظ موصلی، دہلوی مغلظ موصلی-SF، دہلوی مقوی طلائی، دہلوی مقوی وممسکی، سپاری پاک پاؤڈر، سفوف اصل السوس، سفوف بیجبند، شلاجیت اکسٹرا پاور، قرص جریان، کشتہ طلاء، کشتہ قلعی، کشتہ نقرہ، معجون آردخرما، معجون ثعلب، معجون مغلظ اور معجون مغلظ جواہر بھی ''رقت منی'' کی شکایت کو دور کرتی ہیں۔

## قلّت منی

**(Oligospermia)**

**اولیگو-ایس:** آج کے دور میں تحقیقات سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ اس وقت اکثر لوگوں میں قلت منی کی شکایت ہو رہی ہے۔ اولیگو-ایس ایسے اجزاء سے مل کر بنا ہے جو کرَمِ منی کی مقدار کو بڑھاتے ہیں اور مزید یہ کہ بے اولاد لوگوں میں منی اور کرَمِ منی کی افزائش کرتے ہیں اور جنسی کمزوریوں کو دور کرتے ہیں۔ اسی طرح یہ دوا عام جسمانی کمزوری کو بھی دور کرتی ہے اور بدن کی حرارت میں بھی اضافہ کرتی ہے۔

**ترکیب استعمال:** دو کیپسول دن میں دو بار ایک گلاس دودھ کے ساتھ دیں اور تین چار ماہ تک برابر اس کا استعمال جاری رکھیں۔

**ٹیسٹرون:** اس کے استعمال سے مردوں میں تولید منی اور مردانہ ہارمون کی پیدائش بڑھ جاتی ہے۔ ایسے لوگوں سے جنسی کمزوریاں دور ہو جاتی ہیں، کرَمِ منی کی صحت مندانہ افزائش ہوتی ہے اور ان کی قوتِ حرکیہ بڑھ جاتی ہے۔ اس طرح لوگوں کی عام کمزوری بھی جاتی رہتی ہے اور جسمانی گرمی میں بھی اضافہ ہو جاتا ہے۔

**ترکیب استعمال:** دو کیپسول بوقت صبح ایک گلاس دودھ کے ساتھ دیں۔

**جوہر خصیہ:** مادّہ تولید کی پیدائش بڑھا کر اور مادّہ منویہ کو غلیظ کر کے ضعف باہ دور کرتا ہے۔ نیز عام جسمانی کمزوری کو دور کرتا ہے اور حرارت غریزی کو بڑھاتا ہے۔

**ترکیب استعمال:** ایک گرام صبح ۲۵۰ ملی لیٹر دودھ کے ساتھ کھلائیں۔ اگر لبوب کبیر یا معجون ثعلب ۵ گرام میں ملا کر کھلائیں اور اوپر سے دودھ پلائیں تو زیادہ مفید ثابت ہوگا۔

**گوکھرو کیپسول:** عام خیال یہ ہے کہ گوکھرو خورد صرف پانچ

دنوں میں ٹسٹوسٹرون کی سطح 35% تک بڑھا دیتی ہے۔اس کارنامہ کو انجام دینے کے لئے وہ ایل ایچ یعنی ان لیتونی ہارمونز کو بڑھا دیتی ہے جو غدود نخامیہ سے پیدا ہوتے ہیں۔ٹسٹوسٹرون کی پیداوار کو ایک باقاعدہ نظام کے تحت رکھنے کے لئے ایل ایچ بہت ہی اہم رول ادا کرتا ہے۔دراصل ایل ایچ ہی وہ ہارمون ہے جو جنسی جذبات کو برانگیختہ کرتا ہے۔عورتوں میں بانجھ پن کی شکایت کو دور کرنے کے لئے بھی اسے دیا جاتا ہے۔یہ پیشاب کی جملہ خرابیوں جیسے پیشاب میں جلن، پیشاب کا رک رک کے آنا، مثانہ کی پتھری، مثانے کی سوزش، پتھری کی شکایات، سوزاک، آتشک، قرحہ اور پراسٹیٹ میں مفید ہے۔موجودہ دور میں یہ پہلوانی اور جسمانی ورزش کرنے والوں میں کافی مقبول ہے۔پہلوانی کرنے والوں میں یہ اس لئے مقبول ہے کہ ان کے خیال میں یہ انابولک اسٹیرائڈ کے مقابلے میں زیادہ محفوظ ہے۔

**ترکیب استعمال:** ایک یا دو کیپسول دن میں دوبار کھانے کے بعد پانی کے ساتھ دیں۔

نوٹ: مذکورہ ادویات کے علاوہ اسپرا۔ایڈ، جیون طلائی پلز، جوارش زرعونی سادہ، جوارش زرعونی عنبری بہ نسخہ کلاں، حب جدوار، حب عنبر مومیائی، حب مقوی، دہلوی ایل۔کبیر-SF، دہلوی ایل۔کبیر کیپسول، دہلوی جلال کیپسول، دہلوی زرعون سادہ کیپسول، دہلوی شباب بادشاہی، دہلوی فلاسفین-SF، دہلوی فلاسفین کیپسول، دہلوی مقوی نقرئی، شلاجیت اکسٹرا پاور، کشتہ طلاء، کشتہ قلعی، کونچ کیپسول، گولی واجد نوابی، لبوب کبیر، معجون پیاز، معجون جلالی، معجون فلاسفہ اور موصلی سفید کیپسول بھی ''قلت منی'' میں مفید ہیں۔

## عضو مخصوص کی کمزوری، ڈھیلا پن اور ٹیڑھا پن
## (Atrophy of the Penis & Loss of Erection)

**پی نائل کیپسولس و آئیل:** قضیب کو ضروری تغذیہ پہنچاتا ہے اور اسے طویل اور موٹا بنانے کے ساتھ ساتھ صحت مند بھی بناتا ہے۔یہ دوا قضیب کو فطری طور پر طویل بنانے والی ہے جو اس میں دوران اور ایستادگی کو بڑھاتی ہے اور بوقت ضرورت اسے زیادہ سخت اور طویل بناتی ہے۔اس طرح یہ زیادہ سے زیادہ جنسی تسکین پہنچاتی ہے۔یہ دوا قدرتی ہے اور ہر طرح کے مضر اثرات سے محفوظ ہے۔

**ترکیب استعمال:** کیپسول: دو کیپسول دن میں دوبار غذا کے ساتھ دیں۔

آئیل: عضو مخصوص پر روغن کی مالش کریں۔

قضیب کی بڑھوتری اور توانائی کے لئے ہم اسے کم سے کم چھ ماہ تک استعمال کرنے کی صلاح دیتے ہیں۔

**دواء ٹکور:** اس دوا کا استعمال دواء مالش کے بعد کرایا جاتا ہے۔اس کے استعمال سے عضو مخصوص کی اسفنجی ساخت میں دوران خون درست طریقے سے ہونے لگتا ہے جس کی وجہ سے جوانی کی غلط کاریوں وغیرہ فطری افعال سے پیدا شدہ عضو مخصوص کی خامیاں دور ہونے لگتی ہیں۔عضو مخصوص میں بعد میں استعمال کئے جانے والے طاقت ور اور مصلح طلاؤں کا صحیح طریقہ سے اثر قبول کرنے کی صلاحیت پیدا ہو جاتی ہے تاکہ طلاء کا استعمال رائیگاں نہ جائے۔

**ترکیب استعمال:** اس دوا کی ۳-۳ گرام کی دو پوٹلیاں کپڑے کی بنا کر ۲۵ ملی لیٹر گرم سرسوں کے تیل میں تر کر کے عضو مخصوص پر چاروں طرف جڑ اور پیڑو اور جنگاسوں میں ٹکور کی جاتی ہے۔جب ایک پوٹلی ٹھنڈی ہو جائے تو دوسری پوٹلی گرم تیل میں تر کر کے استعمال کریں اور ٹھنڈی پوٹلی کو گرم کرنے کے لیے اسی گرم تیل میں ڈال دیں۔تقریباً پندرہ بیس منٹ تک بار بار یہی عمل کرنے کے بعد فلالین یا ملائم کپڑے کی پٹی عضو مخصوص پر لپیٹ دیں۔

**دواء مالش:** یہ دوا دواء ٹکور سے پہلے استعمال کرائی جاتی ہے۔اس دواء کے استعمال سے عضو مخصوص کے پٹھے نرم ہو جاتے ہیں اور عضو کی ساخت کو بڑھنے میں مدد ملتی ہے۔

**ترکیب استعمال:** ایک گرام ذرا گرم کر کے عضو مخصوص، پیڑو (ناف کے نیچے)، جنگاسوں (کنج ران) میں ہلکے ہاتھ سے دس منٹ تک مالش کرائیں۔مالش کے بعد عضو مخصوص پر کپڑے کی پٹی لپیٹ دیں۔صبح کو پٹی کھول کر گرم پانی سے دھوئیں۔

**روغن بیر بہوٹی:** عضو مخصوص کی فربہی کے لیے بہت مفید ہے۔عضو کی کمزوری بھی دور کرتا ہے۔

**ترکیب استعمال:** عضو مخصوص پر نیم گرم روغن کی مالش کر کے گرم پان باندھیں۔

**روغن جونک:** عضو مخصوص کے اعصاب کو قوت دے کر عضو مخصوص میں خون کے دوران کو تیز کرتا ہے۔

**ترکیب استعمال:** عضو مخصوص پر نیم گرم روغن کی مالش کر کے گرم پان باندھیں۔

**روغن خراطین:** عضو مخصوص میں طاقت اور درازی پیدا کرتا ہے۔

**ترکیب استعمال:** عضو مخصوص پر نیم گرم روغن کی مالش کر کے گرم پان باندھیں۔

**طلاء بے نظیر:** بچپن کی غلط کاری کی وجہ سے خواہ بڑھاپے کی وجہ سے نازک اعضائے مردمی میں جو خرابیاں پیدا ہوتی ہیں انہیں دور کرتا ہے۔

**ترکیب استعمال:** آدھا گرام یہ طلاء لے کر عضو مخصوص کی پشت اور دائیں بائیں حصہ پر آہستہ آہستہ ہلکے ہاتھ سے تین منٹ تک مالش کریں (سیون اور حشفہ کو بچا کر) اوپر سے پان گرم کر کے باندھیں۔صبح کو پان کھول کر گرم پانی سے عضو کو دھولیں۔اگر چند روز میں دانے نکل آئیں یا آبلہ پڑ جائے، جو اچھی علامت ہے، تب طلاء کا استعمال بند کر کے روغن چنبیلی دانوں پر دن میں تین مرتبہ لگائیں۔جب دانے ٹھیک ہو جائیں، پھر دوبارہ یہی عمل

کریں۔ جب تک عضو کی خرابیاں دور نہ ہوں اسی طرح کئی بار استعمال کریں۔گھوڑے یا سائیکل کی سواری اور مباشرت سے پرہیز کرائیں۔

**طلاء خاص:** کثرت مباشرت اور زیادتی عمر کی وجہ سے پیدا ہونے والی قوت مردانہ کی کمزوری میں مفید ہے۔عضو مخصوص کی کمزوری و سستی دور کرکے خون کا دوران تیز کرتا ہے اور دوبارہ عضو مخصوص میں جوش وسختی پیدا کرتا ہے۔

**ترکیب استعمال:** آدھا گرام یہ طلاء لے کر عضو مخصوص کی پشت اور دائیں بائیں حصہ پر آہستہ آہستہ ہلکے ہاتھ سے تین منٹ تک مالش کریں (سیون اور حشفہ کو بچا کر) اوپر سے پان گرم کرکے باندھیں۔صبح کو پان کھول کر گرم پانی سے عضو کو دھولیں۔اگر چند روز میں دانے نکل آئیں یا آبلہ پڑ جائے، جو اچھی علامت ہے، تب طلاء کا استعمال بند کرکے روغن چنبیلی دانوں پر دن میں تین مرتبہ لگائیں۔جب دانے ٹھیک ہو جائیں، پھر دوبارہ یہی عمل کریں۔ جب تک عضو کی خرابیاں دور نہ ہوں اسی طرح کئی بار استعمال کریں۔گھوڑے یا سائیکل کی سواری اور مباشرت سے پرہیز کرائیں۔

**طلاء دارچینی:** جوانی کی غلط کاریوں نیز غیر فطری افعال کی وجہ سے عضو مخصوص کی نازک رگوں میں گندہ پانی جمع ہو جاتا ہے جس کی وجہ سے عضو مخصوص لاغر اور اس پر فاسد رطوبت سے بھری ہوئی نیلی رگیں نمایاں نظر آنے لگتی ہیں۔ یہ طلاء ان شکایات کے لیے مفید ہے۔اس کے استعمال سے عضو مخصوص کے عروق واعصاب میں قوت پیدا ہوکر تمام خرابیاں دور ہو جاتی ہیں۔

**ترکیب استعمال:** آدھا گرام یہ طلاء لے کر عضو مخصوص کی پشت اور دائیں بائیں حصہ پر آہستہ آہستہ ہلکے ہاتھ سے تین منٹ تک مالش کریں (سیون اور حشفہ کو بچا کر) اوپر سے پان گرم کرکے باندھیں۔صبح کو پان کھول کر گرم پانی سے عضو کو دھولیں۔اگر چند روز میں دانے نکل آئیں یا آبلہ پڑ جائے، جو اچھی علامت ہے، تب طلاء کا استعمال بند کرکے روغن چنبیلی دانوں پر دن میں تین مرتبہ لگائیں۔جب دانے ٹھیک ہو جائیں، پھر دوبارہ یہی عمل کریں۔جب تک عضو کی خرابیاں دور نہ ہوں اسی طرح کئی بار استعمال کریں۔گھوڑے یا سائیکل کی سواری اور مباشرت سے پرہیز کرائیں۔

**طلاء سرخ:** جلق واغلام جیسی بری عادتوں کی وجہ سے عضو مخصوص کی نرم و نازک ساخت بگڑ جاتی ہے اور عضو مخصوص میں ٹیڑھا پن و پتلا پن واقع ہو جاتا ہے، وہ سب اس طلاء کے استعمال سے دور ہوتی ہیں۔

**ترکیب استعمال:** آدھا گرام یہ طلاء لے کر عضو مخصوص کی پشت اور دائیں بائیں حصہ پر آہستہ آہستہ ہلکے ہاتھ سے تین منٹ تک مالش کریں (سیون اور حشفہ کو بچا کر) اوپر سے پان گرم کرکے باندھیں۔صبح کو پان کھول کر گرم پانی سے عضو کو دھولیں۔اگر چند روز میں دانے نکل آئیں، جو اچھی علامت ہے، تب طلاء کا استعمال بند کرکے روغن چنبیلی دانوں پر دن میں تین مرتبہ لگائیں۔جب دانے ٹھیک ہو جائیں، پھر دوبارہ یہی عمل کریں۔اسی طرح کئی بار کریں، یہاں تک کہ عضو مخصوص کی خرابیاں دور ہو جائیں۔

گھوڑے یا سائیکل کی سواری اور مباشرت سے پرہیز کرائیں۔

**طلاء مقوی:** عضو کی کمزوری اور سستی دور کرتا ہے۔عضو میں طاقت اور تحریک پیدا کرتا ہے۔ بڑھاپے کی وجہ سے جو ضعف باہ ہو جاتا ہے اسے دور کرتا ہے۔

**ترکیب استعمال:** آدھا گرام یہ طلاء لے کر عضو مخصوص کی پشت اور دائیں بائیں حصہ پر آہستہ آہستہ ہلکے ہاتھ سے تین منٹ تک مالش کریں (سیون اور حشفہ کو بچا کر) بعد میں ملائم کپڑے کی پٹی لپیٹ دیں اور ہلکی سکائی کریں۔صبح کو پٹی کھول کر گرم پانی سے عضو کو دھولیں۔اگر چند روز میں دانے نکل آئیں یا آبلہ پڑ جائے، جو اچھی علامت ہے، تب طلاء کا استعمال بند کرکے روغن چمبیلی دانوں پر دن میں تین مرتبہ لگائیں۔ جب دانے ٹھیک ہو جائیں، پھر دوبارہ یہی عمل کریں۔ جب تک عضو کی خرابیاں دور نہ ہوں اسی طرح کئی بار استعمال کریں۔گھوڑے یا سائیکل کی سواری اور مباشرت سے پرہیز کرائیں۔

**واجد نوابی آئیل:** قضیب کو ضروری تغذیہ پہنچاتی ہے اور اسے طویل اور موٹا بنانے کے ساتھ ساتھ صحت مند بھی بناتی ہے۔ یہ دوا قضیب کو فطری طور پر طویل بنانے والی ہے جو اس میں دوران اور ایستادگی کو بڑھاتی ہے اور بوقت ضرورت اسے زیادہ سخت اور طویل بناتی ہے۔اس طرح یہ زیادہ سے زیادہ جنسی تسکین پہنچاتی ہے۔ یہ دوا قدرتی ہے اور ہر طرح کے مضر اثرات سے محفوظ ہے۔

**ترکیب استعمال:** عضو مخصوص پر روغن کی مالش کریں۔قضیب کی بڑھوتری اور توانائی کے لئے ہم اسے کم سے کم چھ ماہ تک استعمال کرنے کی صلاح دیتے ہیں۔

نوٹ: مذکورہ ادویات کے علاوہ الاحمر، دہلوی اعصاب پلس، دہلوی ایل۔کبیر - S F، دہلوی ایل۔کبیر کیپسول، دہلوی شباب بادشاہی، دہلوی ثعلب-SF، دہلوی ثعلب مصری مرکب کیپسول، طلاء ممسک خاص، کشتہ طلاء، لبوب کبیر، معجون ثعلب اور معجون جالینوس لولوی کا استعمال بھی ان امراض میں مفید ہے۔

## بنائن پروسٹیٹک ہائپرٹرونی (بی پی ایچ)

**(Benign Prostatic Hyperplasia)**

**پروسٹیٹ۔ بی ایچ:** ایک جامع نباتی مرکب ہے جس میں ان مجرب جڑی بوٹیوں کو شامل کیا گیا ہے جو بی پی ایچ کے علاج میں انتہائی مفید ہیں۔ یہ پروسٹیٹ کو بڑھنے سے روکتی ہے اور پیشاب کھل کر لاتی ہے۔

**ترکیب استعمال:** دو۔دو کیپسول دن میں دو بار پانی سے استعمال کرائیں۔

نوٹ: مذکورہ ادویات کے علاوہ گوکھرو کیپسول بھی ''پروسٹیٹ'' کی شکایت

میں مفید ہیں۔

## ورم انثیین (فوطوں کی سوجن)
## (Orchitis)

**ضمادورم انثیین:** فوطوں کے مقام پر چوٹ لگ جانے، جھٹکہ لگ جانے سے ورم پیدا ہو جاتا ہے جو کسی بیماری کی وجہ سے بھی ہو سکتا ہے۔ ورم نیا ہو یا پرانا اس ضماد کے استعمال سے ٹھیک ہو جاتا ہے۔
**ترکیب استعمال:** ۱۰ گرام آب مکوہ سبز میں ملا کر لیپ کریں اور اوپر سے ارنڈ کا گرم پتہ باندھیں۔
نوٹ: مذکورہ ادویات کے علاوہ اطریفل شاہترہ اور معجون عشبہ بھی ''ورم انثیین'' کی شکایت کو دور کرتے ہیں۔

## حکۃ الصفن (فوطوں کی خارش)
## (Itching of the Testicles)

اسکن کلئیر سیرپ، اسکن کلئیر -SF، اسکن کلئیر کیپسول ، شربت عناب اور معجون چوب چینی کا استعمال ''فوطوں کی خارش'' کو دور کرتا ہے۔

# عورتوں کی مخصوص بیماریاں
# (Diseases of Females)

## سیلان وورم رحم (سفید رطوبت کا جانا اور رحم کی سوجن)
## (Leucorrhoea & Metritis)

**حب مروارید:** سفید رطوبت (سیلان الرحم) وورم رحم کی بہترین دوا ہے۔ اعضاء رئیسہ کو قوت دیتی ہیں اور عام جسمانی کمزوری کو دور کرتی ہیں۔
**ترکیب استعمال:** ایک ایک گولی صبح وشام دودھ یا ۲۰ ملی لیٹر عرق عنبر کے ساتھ استعمال کرائیں۔ گرمی کے موسم میں فقط پانی کے ساتھ استعمال کرائیں۔ حالت حمل میں استعمال نہ کرائیں۔
**سفوف سیلان:** سفید رطوبت جانے (لیکوریا) کے لیے مفید ہے۔
**ترکیب استعمال:** ۵ گرام تازہ پانی سے استعمال کرائیں۔
**سیلانی:** سیلان مہبلی میں آج کل ۷۵ فی صدی خواتین مبتلا ہیں۔ اس مرض میں اندام نہانی میں خارش ہوتی ہے۔ کمر میں درد، پیڑو میں بوجھ اور درد کی شکایت رہتی ہے، انڈے کی سفیدی کے مانند ایک سفید لیس دار رطوبت خارج ہوتی ہے، پیشاب کی بار بار حاجت ہوتی ہے، چہرہ بے رونق، طبیعت نڈھال رہتی ہے۔ ایسی حالت میں ''سیلانی'' بہت مفید ثابت ہوتی ہے۔
**ترکیب استعمال:** ۲ قرص صبح دودھ سے استعمال کرائیں۔ اگر دودھ میں مکھن ملا کر پلایا جائے تو جلد فائدہ ہوتا ہے۔

**لیوکو-کیور:** لیکوریا جسے عام طور پر ''سفید پانی'' کی بیماری کہا جاتا ہے ایک نسوانی عارضہ ہے جس میں عورت کی فرج (مہبل) سے سفید زردی مائل رطوبات کا اخراج ہوتا ہے جس میں کبھی بدبو بھی ہوتی ہے۔ فرج سے سفید پانی کے اخراج کی وجہ سے مریضہ ہر وقت ایک قسم کی کمزوری اور تھکاوٹ محسوس کرتی ہے۔ اس مرض میں کمر اور بچہ دانی کے قریبی حصوں میں درد محسوس ہوتا ہے اور وہاں ایک طرح کے تناؤ کا احساس ہوا کرتا ہے۔ یہ خواتین کے اعضاء پیدائش کا ایک غیر معمولی مرض ہے۔ اس مرض کا اثر چند ہفتوں سے لے کر چند ماہ تک رہ سکتا ہے۔ اگر ابتداء اس کا تدراک نہ کیا جائے تو یہ مرض بھی مزمن بن سکتا ہے۔ لیوکو۔کیور عام جسمانی صحت کو بہتر بناتا ہے اور درد و تکلیف، تناؤ، کمر اور معدہ کے درد، کثرت پیشاب اور لیکوریا کی وجہ سے سستی ولاغری سے بھی نجات دیتا ہے۔
**ترکیب استعمال:** دو کیپسول دن میں دوبار دودھ کے ساتھ دیں۔
**معجون موچرس:** رحم کی فاسد رطوبات خشک کرتی ہے۔ مقوی رحم ہے۔ سیلان کی شکایت میں مفید ہے۔
**ترکیب استعمال:** ۱۰ گرام صبح ۲۵۰ ملی لیٹر دودھ کے ساتھ استعمال کرائیں۔
نوٹ: اشوکا کیپسول، اکسیر خواتین، اکسیر خواتین-SF، خمیرہ مروارید، دہلوی ڈی۔ورد-SF، دہلوی ڈی۔ورد کیپسول، سپاری پاک پاؤڈر، ستاور کیپسول، فیمون جیلی، کشتہ بیضہ مرغ، کشتہ صدف، کشتہ قلعی، کشتہ مروارید، مرہم داخلیون، معجون دبید الورد، معجون مقوی رحم اور موصلی سفید کیپسول بھی ''سیلان وورم رحم'' میں مفید ہیں۔

## ضعفِ رحم (بچہ دانی کی کمزوری)
## (Atony of the Uterus)

**سپاری پاک پاؤڈر:** عورتوں کے سیلان (لیکوریا) اور ماہواری کی بے قاعدگی کے لیے اعلیٰ درجے کی دوا ہے۔ یہ رحم کی ان خرابیوں کو دور کرتا ہے جن کی وجہ سے حمل نہیں ٹھہرتا۔ جوڑوں اور کمر کے درد کو دور کرتا ہے، عورتوں کی تندرستی کا محافظ ہے۔ اس کے علاوہ یہ مردوں کے ضعفِ باہ اور رقت منی میں بھی مفید ہے۔
**ترکیب استعمال:** ۵ گرام سے ۱۰ گرام تک روزانہ صبح نہار منھ دودھ سے استعمال کرائیں۔ اگر مرض پرانا ہو تو یہی خوراک شام کو بھی استعمال کرائیں۔ عورتوں کو ماہواری کے دنوں میں اور حمل کے نویں مہینے سے بچہ پیدا ہونے کے بیس دن بعد تک یہ دوا نہ استعمال کرائیں۔ مردوں کو بھی ان کے مخصوص امراض کے لیے اوپر لکھی ہوئی ترکیب کے مطابق استعمال کرائیں۔
**معجون مقوی رحم:** رحم کے امراض جیسے ورم عنق الرحم، ورم رحم، ورم قاذفین اور ورم خصیۃ الرحم میں نہایت مفید ہے۔ مقوی رحم ہونے کی

وجہ سے بانجھ پن اور عادتی اسقاطِ حمل کی شکایت میں مفید ہے۔ اس کے علاوہ سیلان اور اختناق الرحم میں بھی استعمال کرائی جا سکتی ہے۔ یہ معجون استعمال کرنے والی خواتین کی صحت اور حسن ہمیشہ برقرار رہتا ہے۔

**ترکیب استعمال:** ۵ گرام روزانہ صبح گرم دودھ کے ساتھ استعمال کرائیں۔

نوٹ: مذکورہ ادویات کے علاوہ اشوکا کیپسول، اکسیر خواتین، اکسیر خواتین-SF، ستاور کیپسول، عرق ماء اللحم دو آتشہ، عرق ماء اللحم خاص، فیمون جیلی، معجون حمل عنبری علوی خانی اور معجون سپاری پاک بھی ''ضعفِ رحم'' میں مفید ہیں۔

## اسقاطِ حمل

## (Threatened Abortion)

**معجون حمل عنبری علوی خانی:** رحم کی کمزوری سے جن مستورات کا حمل بار بار ساقط ہوتا ہے یا جن کے بچے پیدائش کے بعد امُ الصبیان (بچوں کی مرگی) میں مبتلا ہو کر زندہ نہ رہتے ہوں یا سوکھ سوکھ کر مر جاتے ہوں، اس معجون کے استعمال سے حمل اسقاط سے محفوظ رہتا ہے اور بچہ تندرست پیدا ہوتا ہے۔

**ترکیب استعمال:** حمل کے تیسرے ماہ سے حمل کے ساتویں ماہ تک روزانہ ۵ گرام صبح ۲۵۰ ملی لیٹر دودھ کے ساتھ استعمال کرائیں۔

نوٹ: ستاور کیپسول اور معجون مقوی رحم کا استعمال بھی ''اسقاطِ حمل'' سے محفوظ رکھتا ہے۔

## استقرارِ حمل

## (Inability to Conceive)

**حب حمل:** اگر رحم کی کمزوری یا کسی طرح کی دوسری اندرونی خرابی کی وجہ سے بانجھ پن کی بیماری ہے ایسی حالت میں حب حمل کا استعمال نہایت مفید ہے۔

**ترکیب استعمال:** ایام ماہواری سے فراغت کے بعد ایک گولی صبح نہار منھ تازہ پانی سے استعمال کرائی جائے۔ تین روز تک متواتر ایک گولی استعمال کی جائے۔ یقین ہے کہ پہلے ماہ میں استقرار ہو جائے گا۔ اگر پہلے مہینہ میں نہ ہو تو دوسرے اور تیسرے مہینہ میں اسی ترکیب کے مطابق دوا استعمال کی جائے۔

**فیمون جیلی:** استقرارِ حمل میں مدد دیتی ہے اور وضع حمل کے بعد کی کمزوری کو دور کرتی ہے۔ سیلان الرحم اور کمر کے درد کو دور کرتی ہے۔

**ترکیب استعمال:** ۱۰ گرام صبح ۲۵۰ ملی لیٹر دودھ کے ساتھ استعمال کرائیں۔

**معجون سپاری پاک:** استقرارِ حمل میں مدد دیتی ہے اور وضع حمل کے بعد کی کمزوری کو دور کرتی ہے۔ سیلان الرحم اور کمر کے درد کو دور کرتی ہے۔ مردوں کے لیے مقوی و ممسک ہے۔

**ترکیب استعمال:** ۱۰ گرام صبح ۲۵۰ ملی لیٹر دودھ کے ساتھ استعمال کرائیں۔

نوٹ: ستاور کیپسول اور معجون مقوی رحم بھی ''استقرارِ حمل'' کی شکایت میں مفید ہے۔

## نزف الدم رحم (حیضی وقفوں کے درمیان خون آنا)

## (Metrorrhagia)

**اشوکا کیپسول:** خون ماہواری کا نہ آنا یا رک جانا، حیض کا تکلیف سے آنا، لیکوریا، حیض کی زیادتی، اسقاطِ حمل، رحم و خصیۃ الرحم میں رسولی اور رحم کا باہر نکل آنا میں مفید ہے۔

**ترکیب استعمال:** ایک کیپسول دن میں دو بار پانی کے ساتھ دیں۔

## کثرت الطمث (مہینے کا زیادہ آنا)

## (Menorrhagia)

شربت انجبار، فیمون جیلی، قرص بندش خون، قرص کہربا، کشتہ صدف، کشتہ عقیق، کشتہ مرجان، معجون سپاری پاک، معجون موچرس اور موچرس کیپسول بھی ''کثرت الطمث'' کے مرض میں مفید ہیں۔

## عسر الطّمث واحتباس الطّمث (مہینے کا تکلیف سے آنا و بندش)

## (Dysmenorrhoea & Amenorrhoea)

**اکسیر خواتین:** ایام ماہواری میں رحم کی شدید تکلیف کو دور کرتی ہے۔ اکثر عورتوں کو خصیتین الرحم کی خرابی اور رحم کی کمزوری کی وجہ سے ماہواری کے زمانہ میں ناقابلِ برداشت تکلیف کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ تمام جسم میں درد، پنڈلیوں میں اینٹھن اور پیٹ میں سخت بے چینی ہوتی ہے۔ دن صاف نہیں ہوتے۔ ''اکسیر خواتین'' ماہواری کی بیقاعدگی، بندش یا درد کے ساتھ آنے، اختناق الرحم (ہسٹیریا) وغیرہ میں مفید ہے۔ یہ رحم کو طاقت دیتی ہے اور خصیتین الرحم کی خرابی دور کر کے رکے ہوئے خون کو ضروری مقدار میں خارج کر دیتی ہے۔ سیلان الرحم میں بھی مفید ہے۔

**ترکیب استعمال:** ۱۰ ملی لیٹر تھوڑے سے نیم گرم پانی یا دودھ میں ملا کر روزانہ صبح استعمال کرائیں۔ ایام حیض اور حالت حمل میں اس دوا کو استعمال نہ کرائیں۔

**اکسیر خواتین-SF:** اکسیر خواتین کی مکمل خصوصیات کے ساتھ لیکن شوگر فری شکل میں۔

**ترکیب استعمال**: ۱۰ ملی لیٹر تھوڑے سے نیم گرم پانی یا دودھ میں ملا کر روزانہ صبح استعمال کرائیں۔ ایام حیض اور حالت حمل میں اس دوا کو استعمال نہ کرائیں۔

**حب مدر**: اسکے استعمال سے حیض کھل کر آنے لگتا ہے۔

**ترکیب استعمال**: ایام ماہواری شروع ہونے سے تین دن پہلے ایک گولی صبح، دوپہر اور شام کو پانی کے ساتھ دیں۔ ماہواری شروع ہونے کی صورت میں ان کا استعمال مناسب نہیں ہے۔

**ریگولیٹ**: ماہواری کے نظام میں خرابیوں کو دور کرنے، احتباس الطمث خواہ وہ ابتدائی ہو یا ثانوی اور رک رک آتا ہو یا تھوڑا تھوڑا، ماہواری باقاعدہ کرنے کی ایک جامع دوا ہے۔ یہ غیر ہارمونی جڑی بوٹی سے تیار کیا گیا ہے جو عورتوں کے تولیدی اعضاء کو استوار کرتا ہے اور ماہواری کے نظام کو درست کرتا ہے۔

**ترکیب استعمال**: ایک کیپسول دن میں دوبار غذا کے بعد پانی کے ساتھ دیں۔

نوٹ: مذکورہ ادویات کے علاوہ اشوکا کیپسول اور ستاور کیپسول بھی مفید ہیں۔

## بندش حیض سے قبل یا بعد کی علامات

**(Pre and Post Menopausal Symptoms)**

**مینسو-پی**: یہ خاص طور سے ایسے نباتی اجزاء سے بنایا گیا ہے جو خواتین میں بندشِ حیض سے پہلے یا درمیان میں یا بندش کے بعد استعمال کرائے جاتے ہیں۔ بندش حیض کی علامت میں عام طور سے اچانک گرمی لگ کر پسینہ آنا، چڑ چڑاپن، عضلات کا درد، جنسی خواہشات میں تبدیلی، رات میں پسینہ آنا، سردرد، سرعت بول، نیند سے جلد آنکھ کا کھل جانا، فرج (مہبل) کی خشکی، مزاج میں تبدیلی، بے خوابی، تھکاوٹ اور جسمانی وزن کا بڑھنا، ہونٹ وٹھوڑی پر بال پیدا ہونا وغیرہ پایا جاتا ہے۔ مینسو-پی مذکورہ بالا علامات کے پیدا ہونے کے امکانات کو کم کر دیتا ہے اور ہڈیوں میں کیلشیم کو جذب کرنے کی صلاحیت کو بڑھا کر ان کی حفاظت کرتا ہے۔

**ترکیب استعمال**: دو-دو کیپسول دن میں دوبار دودھ کے ساتھ دیں۔ بہتر یہ ہے کہ اسے چھ مہینے یا اس سے بھی زیادہ مدت تک استعمال میں لائیں۔

نوٹ: مذکورہ ادویات کے علاوہ اشوکا کیپسول، روح عرق گلاب، ستاور کیپسول اور میتھی کیپسول بھی مفید ہیں۔

## کشادگی (مہبل کا پھیل جانا)

**(Vaginal Laxation)**

حبِ مرواریدی، ستاور کیپسول، سیلانی، فیمون جیلی، معجون سپاری پاک اور معجون موچرس ''کشادگی'' کی شکایت کو دور کرتی ہیں۔

## حکۃ المہبل (اندام نہانی کی خارش)

**(Vulva Pruritis)**

اطریفل شاہترہ، سیلانی، شربت عناب، فیمون جیلی اور معجون موچرس کا استعمال ''اندام نہانی کی خارش'' میں مفید ہے۔

## خروج الرحم (رحم کا باہر نکل آنا)

**(Prolapse of the Uterus)**

اشوکا کیپسول، فیمون جیلی، معجون سپاری پاک، معجون مقوی رحم اور معجون موچرس کا استعمال ''خروج الرحم'' کی شکایت میں مفید ہے۔

## جنسی خواہشات و جوش میں کمی

**(Depressed Libido)**

**ستاور کیپسول**: عورتوں کے لئے ایک بہترین ٹانک ہے اور عورتوں کی قوت بحال کرنے والی جڑی بوٹی کی حیثیت سے جانی جاتی ہے۔ یہ بانجھ پن، جنسی خواہش کی کمی، اسقاط حمل کے خطرات، بندش حیض، لیکوریا، ماہواری کی اینٹھن میں بہت مفید ہے اور اس کے اندر فم رحم میں پی ایچ کو متوازن رکھنے کی صلاحیت بھی پائی جاتی ہے۔ اسے حیض سے قبل کی تکالیف (پی ایم ایس) جیسے چھاتیوں کی غیر معمولی حساسیت، پیٹ کا پھولا ہونا، ماہواری کا بند ہو جانا، ماہواری کا رک رک کے آنا، لیکوریا اور ماہواری کی بندش وغیرہ میں مفید ہے۔ یہ پیڑو میں جلن جیسی بیماریوں جیسے رحم کی جھلی میں ورم وغیرہ میں مفید ہے۔ یہ اندرونی بافتوں میں دورانِ خون تیز کر کے انکو تقویت فراہم کرتی ہے۔ اس طرح یہ بانجھ پن کو دور کرتی ہے، رحم کو استقرار حمل کے لئے تیار کرتی ہے، اسقاط حمل کو روکتی ہے۔ صرف اتنا ہی نہیں بلکہ بچے کی ولادت کے بعد کسی اچھے ٹانک کی طرح ماں کی چھاتی میں دودھ بڑھاتی ہے، اندام نہانی اور بدلتے ہوئے ہارمون کو معمول پر لاتی ہے۔ عورتوں کی طویل المیعاد صحت کی برقراری میں اہم کردار ادا کرتی ہیں۔

**ترکیب استعمال**: ایک کیپسول دن میں دوبار کھانے سے پہلے پانی کے ساتھ دیں۔

**فیمون کیپسول**: یہ ایک عجیب نباتی دوا ہے جو جنسی، ذہنی اور جسمانی تسکین کے لئے نسوانی اعضاء تناسل (مہبل) میں تری، عضلاتِ مہبل میں ڈھیلا پن اور جنسی عمل میں تلذذ پیدا کر کے ان میں خواہشات کا اضافہ کرتی ہے۔ ایسی خواتین جن میں جنسی ہیجان میں کمی کی شکایت ہوتی ہے ان میں یہ بہت مؤثر ثابت ہوتی ہے۔ اکثر مریضوں میں جنسی ہیجان کو بھی بڑھاتی ہے۔ عام سستی اور عام جسمانی کمزوری میں بھی نہایت مفید ہے۔

**ترکیب استعمال**: ایک کیپسول بوقتِ شب جماع اور غذا سے ایک گھنٹہ قبل دودھ کے ساتھ دیں۔ عام سستی اور عام جسمانی کمزوری میں صبح ایک کیپسول پانی کے ساتھ دیں۔

نوٹ: حب عنبر مومیائی، دہلوی ایل۔ کبیر-SF، دہلوی ایل۔ کبیر کیپسول، کونچ کیپسول اور لبوب کبیر ''جنسی خواہشات و جوش میں کمی'' کی شکایت کو دور کرتے ہیں۔

## پستانوں کی نامکمل نشوونما

**(Underdeveloped Breasts)**

**فرم-اپ کیپسول**: چھاتیوں کے ریشوں میں ایک متوازن بڑھوتری پیدا کرتے ہیں۔ اس کے اجزاء ترکیبی بھی اسی چیز کو پیش نظر رکھ کر منتخب کئے گئے ہیں اور پھر انہی خواص کے مطابق انہیں تیار بھی کیا جاتا ہے۔ یہ نباتی اجزاء جسم کے اندر بلوغ کے بعد ایک مخصوص قسم کا نشاط پیدا کرتے ہیں اور پستانوں کے غدود میں ایک نئے قسم کا احساس پیدا ہوتا ہے اور پہلے کے مقابلہ اس میں زیادہ صحت مند ساخت وجود میں آتی ہے۔ نہ صرف چھاتیوں میں توانائی پیدا کرتے ہیں بلکہ ظاہری طور پر بھی ان کو ابھار کر مزید نشاط انگیز بناتے ہیں۔ خواتین کے ان بڑے اور خمدار پستانوں سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ وہ بدستور بڑھتے رہیں گے اور ان میں مسلسل پائیداری آتی رہے گی۔ اس طرح یہ دوا قدرتی طور پر انتہائی محفوظ، مؤثر اور غیر ہارمونی ثابت ہوتی ہے۔

**ترکیب استعمال**: دو۔ دو کیپسول غذا کے ساتھ ایک گلاس پانی کے ساتھ دیں۔ اس کے اثرات بیس دن کے اندر ہی ظاہر ہونے لگتے ہیں۔ پھر بھی پستانوں کی استواری اور سختی تین سے چھ مہینے کے بعد ہی واضح ہوتی ہے۔ اچھے نتائج کے لئے اسے فرم۔ اپ لوشن کے ساتھ استعمال کرائیں۔

**فرم۔اپ لوشن**: پستانوں کی نسیجوں (Tissues) کی بہتر نشونما کرکے انکو سڈول بنانے میں مدد کرتا ہے۔ اسکے اجزاء چھاتیوں اور انکی جلد کی نسیجوں کو تحریک دیکر دوبارہ نشونما کے قابل بناتے ہیں، جسکی وجہ سے ڈھیلے ہو چکے پستان دوبارہ سخت ہو کر اپنی صحیح حالت میں آجاتے ہیں۔ یہ قدرتی طور پر انتہائی محفوظ اور مؤثر ثابت ہوا ہے۔

**ترکیب استعمال**: انگلی پر لے کر ہر پستان پر الگ الگ لگائیں اور آہستہ آہستہ ہتھیلیاں گھما کر مالش کریں، ساتھ ہی اوپر کی جانب بھی ہلکا سا زور دیتی رہیں۔ تقریباً ۳ تا ۵ منٹ مالش کریں، یہاں تک کہ تمام لوشن جذب ہو جائے۔ دائیں ہاتھ کو نرمی کے ساتھ گھڑی کی سوئیوں کی سمت میں گھمائیں، جبکہ بائیں ہاتھ کو اسکی مخالف سمت میں۔ مالش سر پستان یعنی Nipple کو چھوڑ کر کریں۔ بہتر نتائج حاصل کرنے کیلئے صبح و رات روزانہ دو مرتبہ مالش کریں۔ جلد نتائج کے لئے اسے فرم۔ اپ کیپسول کے ساتھ استعمال کرائیں۔

نوٹ: مذکورہ ادویات کے علاوہ میتھی کیپسول بھی مفید ہیں۔

## بانجھ پن

**(Sterility)**

دہلوی ایل۔ کبیر - S F، دہلوی ایل۔ کبیر کیپسول، فیمون جیلی، گوکھرو کیپسول، لبوب کبیر، معجون سپاری پاک، معجون مقوی رحم اور معجون موچرس کا استعمال ''بانجھ پن'' کی شکایت میں مفید ہے۔

## اختناق الرحم (باؤ گولہ)

**(Hysteria)**

اکسیر خواتین، اکسیر خواتین-SF، تگر کیپسول، خمیرہ گاؤزباں عنبری جدوار عود صلیب والا، دہلوی گاؤزبانی عنبری جدواری-SF، دواء الشفاء، معجون مقوی رحم اور معجون نجاح کا استعمال ''اختناق الرحم'' کی شکایت کو دور کرتا ہے۔

## ورم رحم (رحم کی سختی)

**(Hardening of the Uterus)**

**مرہم داخلیون**: ورم قاذفین اور ورم نصیۃ الرحم کی شکایات کو تحلیل کرنے کے لیے مفید ہے۔ رحم کے ورم و سختی کو دور کرکے رحم کے افعال میں باقاعدگی لاتا ہے۔ رسولیاں اور گلٹیاں اس کے لگاتار استعمال سے گھل جاتی ہیں۔

**ترکیب استعمال**: ۵ گرام میں ہری مکوہ کا پانی ۵ ملی لیٹر ملا کر صاف کپڑے کی بتی اس میں تر کرکے دایہ سے اندام نہانی میں رکھوائیں۔ اگر ہری مکوہ نہ ملے تو تنہا مرہم استعمال کرائیں۔

## دودھ کی کمی

**(Supressed Lactation)**

**پنبہ دانہ کیپسول**: ولادت کے بعد دودھ میں کمی کو دور کرتا ہے۔ ولادت کے بعد رحم سے فاسد مادہ کے اخراج کیلئے اس کا استعمال نہایت مفید ہے۔

**ترکیب استعمال**: روزانہ ایک یا دو کیپسول دو بار کھانے کے بعد پانی کے ساتھ دیں۔

**لیکٹا۔ایم**: یہ کچھ اس طرح کی ایک محفوظ نباتی دوا ہے جو کہ غیر ہارمونی شیر افزا ہوتی ہے اور (خواتین کی چھاتیوں میں) دودھ کو زیادہ پیدا کرکے اس کی روانی کو بڑھاتی ہے۔ تقریباً دو دہائیوں سے اس قسم کی نباتی دواؤں اور دودھ کی افزائش والی تدابیر کا استعمال دورانِ رضاعت زیادہ ہونے لگا ہے۔ ان نباتی دواؤں میں وہ دوائیں بھی شامل ہوتی ہیں جن میں

دودھ کی افزائش کی تاثیر زیادہ ہوتی ہے۔ بہت سی خواتین میں دودھ پلانے کے دوران ان کا بچہ اپنی ماں کے جسم میں جو معدنی اجزاء دودھ کی پیدائش میں معاون ہوتے ہیں انہیں وہ زیادہ مقدار میں پہلے ہی جذب (چوس) کر لیتا ہے اس لئے وہ آئندہ مزید دودھ پلانے سے قاصر ہو جاتی ہیں۔ یہ وہ اجزاء ہوتے ہیں جو نہ صرف ماں کے دودھ کو بڑھاتے ہیں بلکہ خون میں مل کر ان کیمیاوی اجزاء کی بھی افزائش کرتے ہیں جن سے چھاتیوں میں دودھ کی مقدار بڑھ جاتی ہے۔ جب کسی ماں میں دودھ کی پیدائش کم ہو جاتی ہے، خواہ وہ برتھ کنٹرول والی گولیوں کی وجہ سے ہو یا کسی اور نامعلوم وجہ سے ہو، یہ ماں کی چھاتیوں میں دودھ کی پیدائش بڑھا دیتی ہے بالخصوص اس وقت جب کہ بچہ تین چار ماہ کا ہو جائے۔

**ترکیب استعمال**: دن میں دوبار دو سے تین کیپسول تک دودھ کے ساتھ دیں۔

**نوٹ**: مذکورہ ادویات کے علاوہ ستاور کیپسول، میتھی کیپسول اور موصلی سفید کیپسول بھی ''دودھ کی کمی'' کی شکایت میں مفید ہیں۔

## کثرت البن (دودھ کی زیادتی)
## (Galactorrhoea)

اگر کسی عورت کی چھاتیوں میں دودھ کی پیدائش ضرورت سے زیادہ بڑھ جائے تو معجون نانخواہ کے استعمال سے معتدل ہو جاتی ہے۔

## ولادت کے بعد کی شکایات
## (Post-Delivery)

**عرق دشمول**: ولادت کے بعد رحم سے فاسد مادہ کے اخراج کیلئے اس کا استعمال نہایت ضروری ہے۔

**ترکیب استعمال**: ۷۵ ملی لیٹر روزانہ صبح و شام شربت بزوری معتدل ۲۵ ملی لیٹر میں ملا کر پلائیں۔ سردی کے موسم میں عرق کو تھوڑا گرم کر کے پلائیں۔

**عرق زچہ**: ولادت کے بعد رحم سے فاسد مادہ کے اخراج کیلئے اس کا استعمال نہایت ضروری ہے۔

**ترکیب استعمال**: ۱۲۵ ملی لیٹر روزانہ صبح و شام شربت بزوری معتدل ۲۵ ملی لیٹر میں ملا کر پلائیں۔ سردی کے موسم میں عرق کو تھوڑا گرم کر کے پلائیں۔

## امراض مفاصل (جوڑوں کی بیماریاں)
## (Diseases of the Joints)
### وجع المفاصل، گھٹیا، نقرس و کمر کا درد
### (Rheumatism, Arthritis, Gout & Backache)

**اوسٹوپین ٹیبلیٹس**: درد کمر، اکڑا ہوا کندھا، ریڑھ کا درد، موچ، عرق النساء، وجع المفاصل، بدن میں کھنچاؤ اور عضلاتی درد اور اینٹھن میں مفید ہے۔

**ترکیب استعمال**: دو ٹیبلیٹس دن میں دو بار غذا کے بعد پانی کے ساتھ دیں۔

**اوسٹوپین مساج آئیل**: درد کمر، اکڑا ہوا کندھا، ریڑ کا درد، موچ، عرق النساء، وجع المفاصل، بدن میں کھنچاؤ اور عضلاتی درد اور اینٹھن میں مفید ہے۔

**ترکیب استعمال**: دن میں ۲-۳ مرتبہ تھوڑا سا تیل مقام ماؤف پر لگائیں اور آہستہ آہستہ ملیں یہاں تک کہ تیل جذب ہو جائے۔

**ایلو ویرا جیلی**: گٹھیا اور کمر کے درد کو دور کرتا ہے، کھانسی میں مفید ہے۔ جاڑوں میں اس کا استعمال خاص طور پر مفید ہے۔

**ترکیب استعمال**: ۲۵ گرام صبح سویرے یا رات کو سوتے وقت کھلا کر اوپر سے ۲۵۰ ملی لیٹر دودھ پلائیں۔

**حلوائے گھیکوار**: گٹھیا اور کمر کے درد کو دور کرتا ہے، کھانسی میں مفید ہے۔ جاڑوں میں اس کا استعمال خاص طور پر مفید ہے۔

**ترکیب استعمال**: ۲۵ گرام صبح سویرے یا رات کو سوتے وقت کھلا کر اوپر سے ۲۵۰ ملی لیٹر دودھ پلائیں۔

**دہلوی پی۔آر ٹیبلیٹس**: درد کمر، اکڑا ہوا کندھا، ریڑھ کا درد، موچ، عرق النساء، وجع المفاصل، بدن میں کھنچاؤ اور عضلاتی درد اور اینٹھن میں مفید ہے۔

**ترکیب استعمال**: دو ٹیبلیٹس دن میں دو بار غذا کے بعد پانی کے ساتھ دیں۔

**دہلوی روغن فاسفورس**: درد کمر، ریڑھ کا درد، موچ، عرق النساء، وجع المفاصل اور عضلاتی درد اور اینٹھن میں مفید ہے۔

**ترکیب استعمال**: روئی کی پھریری سے تھوڑا سا تیل مقام ماؤف پر لگائیں اور آہستہ آہستہ ملیں یہاں تک کہ تیل جذب ہو جائے۔ اسی عمل کو دن میں دو تین مرتبہ دوہرائیں۔ تیل لگاتے وقت گرمی کا محسوس ہونا اور دھوئیں کا اٹھنا اور اندھیرے میں چمکنا اس بات کی علامت ہے کہ تیل میں جوہر استخوان (فاسفورس) موجود ہے۔

**دہلوی سورنجان مفاصل کیپسول**: صدیوں کی آزمودہ معجون سورنجان کی تمام تر خصوصیات کے ساتھ دہلوی سورنجان

مفاصل کیپسول بلاشبہ جدید دور کے تقاضوں کو پورا کرتا ہے۔ گٹھیا، نقرس اور عرق النساء میں مفید ہے۔ جوڑوں سے گٹھیا کے مادّہ کو نکالتا ہے۔ قبض کو دور کرتا ہے۔

**ترکیب استعمال:** ایا۲ کیپسول رات کو سوتے وقت پانی سے استعمال کرائیں۔

**روغن بابونہ:** گٹھیا کے درد، کان کے درد اور دوسرے دردوں کو تسکین دیتا ہے۔ ورم کو تحلیل کرتا ہے۔

**ترکیب استعمال:** نیم گرم مالش کر کے روئی گرم کر کے باندھیں۔ کان کے درد میں اس کی ایک دو بوند کان میں نیم گرم ڈالیں۔

**روغن درد:** درد کمر، ریڑھ کا درد، موچ، عرق النساء، وجع المفاصل اور عضلاتی درد اور اینٹھن میں مفید ہے۔ جلے کٹے اور زخم میں بھی مفید ہے۔

**ترکیب استعمال:** دن میں ۲۔۳ مرتبہ تھوڑا سا تیل مقام ماؤف پر لگائیں اور آہستہ آہستہ ملیں یہاں تک کہ تیل جذب ہو جائے۔

**روغن مالکنگنی:** مقوّی اعصاب ہے۔ فالج، لقوہ، وجع المفاصل، نقرس، عرق النساء اور کمر کے درد کے لئے مفید ہے۔

**ترکیب استعمال:** نیم گرم روغن کی مالش کر کے اوپر سے گرم روئی باندھیں۔

**رھیوما:** گٹھیا اور ہڈیوں کے جوڑوں میں درد کے تقریباً دوسو اسباب ہیں جن سے جوڑوں میں دردناک اورام اور انکے عضلات و رباطات میں تکلیف پیدا ہو جاتی ہے۔ رھیوما ایک محفوظ نباتی دوا ہے جو ورم اور درد مخالف اجزاء سے تیار کی جاتی ہے۔ یہ مقامی ہارمون کو آپس میں مربوط کرتا ہے، جوڑوں کی نرماہٹ کو کم کرتا ہے اور درد و ورم و عضلات کی اکڑاہٹ کو بغیر کسی مضر ردِّ عمل کے دور کرتا ہے۔ یہ دوا مانع اورام ہے اور طویل عرصہ تک استعمال کی جاسکتی ہے۔

**ترکیب استعمال:** دو کیپسول دن میں دو بار غذا کے بعد پانی کے ساتھ دیں۔

**سلائے گوگل کیپسول:** طبی تحقیقات نے یہ ثابت کر دکھایا ہے کہ یہ گوند جوڑوں کے درد، دمہ، اور قولون کی قرحی سوزش میں مفید ہے اور اس کا کوئی مضر اثر بھی نہیں مرتب ہوتا جیسا کہ آج کل کی مروجہ دواؤں کا اثر پڑتا ہے۔ یہ جوڑوں میں خون کی سپلائی کو بہتر بناتا ہے نیز ان شریانوں کے اتصال کو بھی بحال کرتا ہے جو تشنج کی وجہ سے کمزور پڑ گئے ہیں۔ دراصل ہندوستان میں آسٹیو آرتھرائٹس، جوڑوں کے درد، بافتوں کے نرم ہو جانے کی وجہ سے درد، کمر کے نچلے حصے میں درد، ورم عضلی (مایوسائٹس) اور بافتوں کے ورم کے علاج میں سلائے۔ گوگل کو ایک تیر بہدف جڑی بوٹی کی حیثیت سے جانا جاتا ہے۔

**ترکیب استعمال:** روزانہ دو کیپسول دو بار کھانے سے پہلے پانی کے ساتھ دیں۔

**کشتہ گئودنتی:** آتشک، جوڑوں کا درد، گٹھیا، نقرس، فالج، لقوہ اور لکنت کے لیے مفید ہے۔ ہر قسم کے بخاروں میں بھی فائدہ دیتی ہے۔

**ترکیب استعمال:** ۶۰ ملی گرام یا دو قرص ۵ گرام معجون سونجان یا معجون جوگراج گوگل میں رکھ کر کھلائیں۔

**معجون چوب چینی:** تمام اعضاء کے درد کو دور کرتی ہے بالخصوص کمر اور وجع المفاصل کے لئے جس کا سبب آتشک ہو، نہایت مفید ہے۔ مصفّی خون ہے۔

**ترکیب استعمال:** ۵ گرام صبح یا شام پانی سے استعمال کرائیں۔

**معجون سورنجان:** گٹھیا، نقرس اور عرق النساء میں مفید ہے۔ جوڑوں سے گٹھیا کے مادّہ کو نکالتی ہے۔ قبض کو دور کرتی ہے۔

**ترکیب استعمال:** ۵ گرام تا ۱۰ گرام رات کو سوتے وقت پانی سے استعمال کرائیں۔

**نوپین ٹیبلیٹس:** درد کمر، اکڑا ہوا کندھا، ریڑھ کا درد، موچ، عرق النساء، وجع المفاصل، بدن میں کھنچاؤ اور عضلاتی درد اور اینٹھن میں مفید ہے۔

**ترکیب استعمال:** ۲۔۲ ٹکیاں بعد غذا دونوں وقت پانی سے کھلائیں۔

**نوٹ:** مذکورہ ادویات کے علاوہ اشوگندھا کیپسول، امیونو ہلدی، جوارش زرعونی عنبری بہ نسخہ کلاں، جوہر منقی، حب اذاراقی، حب اسگند، حب سورنجان، دہلوی بلو بام، دہلوی فلاسفین-SF، دہلوی فلاسفین کیپسول، روغن سرخ، روغن سورنجان، روغن کیمیا، سناء کیپسول، عاقر قرحا کیپسول، کرکما کیپسول، کیلویٹ۔سی، قرص مسکن، گوگل کیپسول، معجون اذاراقی، معجون تلخ، معجون عشبہ، معجون فلاسفہ اور ہلدی کیپسول بھی ''وجع المفاصل'' میں مفید ہیں۔

## آسٹیوپوروسز (تہجّج العظام)
## (Osteoporosis)

**اوسٹو-پی:** یہ ایک عجیب و غریب نباتی فارمولہ ہے جو ہڈیوں کی بناوٹ اور اسکے گھنے پن کو استوار و مضبوط بناتا ہے اور ہڈیوں میں انحطاط اور فریکچر ہونے کے امکانات کو کم کرتا ہے۔ اوسٹو-پی کیلشیم رکھنے والی ایک قدرتی دوا ہے جو خون میں ضرورت سے زائد اسکی مقدار ہونے نہیں دیتی۔ اس طرح یہ پیشاب کی نالیوں میں کیلشیم کے سنگ ریزوں کے جمع ہونے سے روکتی ہے اور مختلف ہارمون کے اجتماع کو بغیر کسی مضر ردِّ عمل کے متوازن رکھتی ہے۔

**ترکیب استعمال:** ایک یا دو کیپسول دن میں دو بار غذا کے بعد دیں۔

**نوٹ:** مذکورہ ادویات کے علاوہ پرل کیلشیم اور کیلوٹ۔سی بھی ''آسٹیوپوروسز'' میں مفید ہیں۔

## کھیل کود کی چوٹ

**(Sports Injuries)**

**ہلدی کیپسول**: یہ دوا کھیل کود کی چوٹ، جوڑوں کے درد اور گٹھیا وغیرہ میں مفید ہے۔ اس کے علاوہ جوڑوں کے عضلات و رباطات اور دوسری ہڈیوں میں دوران خون بڑھا کر انہیں مضبوط بناتی ہے۔

**ترکیب استعمال**: دو کیپسول دن میں دو بار غذا کے ساتھ دیں۔

نوٹ: مذکورہ ادویات کے علاوہ امیونو ہلدی اور کرکما کیپسول بھی مفید ہیں۔

## کیلشیم کی کمی

**(Calcium Deficiency)**

**کیلوویٹ-سی**: اس میں قدرتی کیلشیم اور وٹامن-سی شامل ہیں۔ کیلشیم کے اندر خصوصیت کے ساتھ ہڈیوں اور دانتوں کی مضبوطی اور ان کے نشو ونما کے ضروری اجزاء موجود ہوتے ہیں۔ حاملہ اور دودھ پلانے والی خواتین، بچوں اور نوعمر لوگوں میں کیلشیم کی اس سے زیادہ مقدار کی ضرورت ہوتی ہے جتنی کہ کیلشیم رکھنے والی غذاؤں سے حاصل ہوتی ہے۔ یہ دوا ہڈیوں کے تہج العظام (آسٹیوپوروسز) اور خون میں کولیسٹرول کی مقدار کو مناسب رکھتی ہے، اعصاب، عضلات اور ہاضمہ کو قوت بخشتی ہے اور قلبی عضلات کے افعال اور نیند کو معمول پر لاتی ہے۔ بچوں کے بڑھنے والی عمر میں اور خواتین میں دورانِ رضاعت (دودھ پلانا) ہڈیوں کو صحت مند بناتی اور ہڈیوں کے فریکچر کو جلد ٹھیک کرتی ہے۔ وٹامن سی بلڈ پریشر اور کولیسٹرول کو کم کرتی ہے، خون کو پتلا کرتی ہے اور آکسیجن کی آمیزش سے اسکی حفاظت بھی کرتی ہے۔ وٹامن سی شرائین کی سختی کو کم کرنے کے لئے ان کی دیواروں کو مضبوط بنا کر ان میں خون کے سفید ذرات کو چپکنے سے روک کر خراب ہونے سے بچاتی ہے۔ مناسب مقدار میں وٹامن سی لینے سے قلبی حملہ (Heart attack) سے بھی حفاظت ہوتی ہے۔

**ترکیب استعمال**: روزانہ دو-دو کیپسول دن میں دو بار پانی سے دیں۔

## امراض فساد خون وجلد

**(Diseases due to Impure Blood & of the Skin)**

### پھوڑے، پھنسی اور جلد کے دیگر امراض

**(Boils, Pimples and other Skin Eruptions)**

**اسکن-کلیئر سیرپ**: مصفّی خون ہے اور خون کی خرابی سے پیدا ہونے والے پھوڑے، پھنسیاں، مہاسے، کنٹھ مالا، گرمی کے ددوڑے و کھجلی، نکسیر، خسرہ، پیشاب میں جلن، سوزاک، آتشک و دوسری بیماریوں میں فوراً راحت پہنچاتا ہے۔ چہرے کو نکھارتا ہے اور اس میں جاذبیت پیدا کرتا ہے۔ جب موسم بدلتا ہے تب بھی اسے حفاظتی طور پر کام میں لایا جاتا ہے۔ گرمی کے موسم میں جب ملیریا پھیلا ہو تو ''اسکن-کلیئر سیرپ'' حفاظتی طور پر استعمال کرایا جا سکتا ہے۔

**ترکیب استعمال**: ۱۰ ملی لیٹر دودھ، تازہ پھلوں کے رس یا پانی میں ملا کر روزانہ صبح شام پلائیں۔ بچوں کو ۵ ملی لیٹر دیں۔

**اسکن-کلیئر-SF**: اسکن-کلیئر سیرپ کی مکمل خصوصیات کے ساتھ لیکن شوگر فری شکل میں۔

**ترکیب استعمال**: ۱۰ ملی لیٹر دودھ، تازہ پھلوں کے رس یا پانی میں ملا کر روزانہ صبح شام پلائیں۔ بچوں کو ۵ ملی لیٹر دیں۔

**اسکن-کلیئر کیپسول**: یہ جڑی بوٹیوں سے بنائی گئی ایک دوا ہے جو جسم سے ان سمیاتی مواد کے اخراج میں مدد کرتا ہے جو روزمرہ کی ماحولیاتی آلودگی اور کھانے پینے میں شامل سمیاتی رسوب کی بدولت ہمارے خون میں جمع ہو جاتی ہیں۔ ہر قسم کے جلدی امراض میں اپنی خون کی صفائی کی بدولت انتہائی مفید ہے۔ یہ بدن کو خوب صورت بناتا ہے اور جلد کے اندر طبعی چمک پیدا کرتا ہے۔

**ترکیب استعمال**: ۲-۲ کیپسول دن میں دو بار پانی سے دیں۔

**حب مصفی خون**: مصفّی خون ہیں۔ پھوڑے، پھنسیوں اور کھجلی کو بہت جلد دور کرتی ہیں۔ آتشک میں بھی مفید ہیں۔

**ترکیب استعمال**: ۲-۲ گولیاں صبح و شام پانی کے ساتھ استعمال کرائیں۔ بچوں کو ایک ایک گولی کھلائیں۔

**حسنِ جمال**: داغ، دھبوں اور جھرّیوں کو صاف کر کے چہرے کو خوبصورت اور چمکدار بناتا ہے۔

**ترکیب استعمال**: بقدرِ ضرورت پانی میں ملا کر پیسٹ بنائیں اور رات کو سوتے وقت چہرے پر لگائیں۔ صبح ہلکے (مائلڈ) صابن سے دھو ڈالیں۔

**شربت عشبہ خاص**: مصفّی خون ہے۔ فساد خون کی خرابی سے پیدا ہونے والے پھوڑے، پھنسیاں، مہاسے، گرمی کے ددوڑے و کھجلی، نکسیر، خسرہ، پیشاب میں جلن، سوزاک، آتشک و دوسری بیماریوں میں فوراً راحت پہنچاتا ہے۔

**ترکیب استعمال**: ۲۵ ملی لیٹر سے ۵۰ ملی لیٹر تک صبح پانی میں ملا کر پلائیں۔

**شربت عناب**: مصفّی خون ہونے کے علاوہ کھانسی، دردِ سر اور سینہ کے امراض میں بھی فائدہ کرتا ہے۔ خون کے جوش میں نفع دیتا ہے۔

**ترکیب استعمال**: ۲۵ تا ۵۰ ملی لیٹر پانی میں ملا کر پلائیں۔

**شربت مرکب مصفی خون**: مصفّی خون ہے۔ فساد خون کی

تمام بیماریوں مثلاً کھجلی، پھوڑے اور پھنسی وغیرہ میں مفید ہے۔ آتشک اور سوزاک میں بھی فائدہ دیتا ہے۔

**ترکیب استعمال:** ۲۵ سے ۵۰ ملی لیٹر پانی میں ملا کر پلائیں۔

**عرق چرائیتہ:** خون کو صاف کرتا ہے، خون کی خرابی سے پیدا ہونے والی بیماریوں کو دور کرتا ہے۔

**ترکیب استعمال:** ۱۲۵ ملی لیٹر صبح وشام معجون عشبہ کے ساتھ دیں۔

**عرق شاہترہ:** فساد خون کی تمام بیماریوں میں استعمال کرایا جاتا ہے۔ خون کی بڑھی ہوئی حدّت اور جوش کو کم کرتا ہے۔

**ترکیب استعمال:** ۱۲۵ ملی لیٹر عرق میں شربت عناب ۲۵ ملی لیٹر ملا کر پلائیں۔

**عرق عشبہ:** مصفّی خون ہے۔ آتشک میں مفید ہے۔ آتشک سے پیدا ہونے والی بیماریوں جیسے وجع المفاصل، گٹھیا وغیرہ کو دور کرتا ہے۔

**ترکیب استعمال:** ۱۲۵ ملی لیٹر معجون عشبہ ۵ گرام کے ہمراہ استعمال کرائیں۔

**عرق مرکب مصفّی خون:** سوداوی امراض، آتشک وسوزاک میں مفید ہے۔ خون صاف کر کے پھوڑے پھنسیوں کو دور کرتا ہے۔

**ترکیب استعمال:** ۱۲۵ ملی لیٹر ۲۵ ملی لیٹر شربت عناب ملا کر پلائیں۔

**عرق منڈی:** خون کو صاف کرتا ہے اور آنکھوں کو قوت بخشتا ہے۔

**ترکیب استعمال:** ۱۲۵ ملی لیٹر یہ عرق شربت عناب ۲۵ ملی لیٹر میں ملا کر استعمال کرائیں۔

**فریشن۔ اپ:** جلد کو نرم و نازک بنائے رکھتا ہے، ساتھ ہی الرجی اور سوجن سے بھی حفاظت کرتا ہے، حرارت کو دور کر کے جلد کو تسکین پہنچا کر ضرر پہنچنے سے محفوظ رکھتا ہے، قدرتی طریقہ سے جلد کے داغ دھبّے و چکنا پن ختم کرتا ہے۔ گرد وغبار دور کر کے جلد کو صاف کرتا ہے اور جلد میں قدرتی چمک پیدا کرتا ہے۔ اسکے علاوہ جلد کی خشکی ختم کر کے اس میں قدرتی رطوبت پیدا کرتا ہے، جسکی وجہ سے آپکی جلد نرم اور لچکدار ہو جاتی ہے۔

**ترکیب استعمال:** دن میں دو یا تین مرتبہ، یا بوقت ضرورت چہرے پر اسپرے کریں۔

**مصفّی اعظم:** مصفّی خون ہے۔ پھوڑے، پھنسی، داد اور کھجلی کو دور کرتی ہے۔ آتشک اور سوزاک میں مفید ہے۔

**ترکیب استعمال:** ۵ گرام صبح وشام پانی کے ساتھ استعمال کرائیں۔

**معجون عشبہ:** مصفّی خون ہے۔ فساد خون سے پیدا ہونے والی تمام بیماریاں جیسے پھوڑے، پھنسیوں، گٹھیا، داد، آتشک، سوزاک اور جذام وغیرہ میں مفید ہے۔ جوڑوں کے درد میں بھی مفید ہے۔

**ترکیب استعمال:** ۵ گرام تا ۱۰ گرام صبح وشام پانی سے استعمال کرائیں۔

**نیم کیپسول:** نیم بہت سی ناقابل علاج بیماریوں کے لئے شفاء ہے۔ نیم کے اجزاء کا استعمال ایک زبردست خون صفا اور دافع سمیات کے ساتھ ساتھ اکثر و بیشتر جلد کو صحت یاب رکھنے کے لئے بھی کیا جاتا رہا ہے۔ روایتی طور پر نیم کا استعمال گرمی دانے، کیل مہاسے، جلد کی سوزش، بال توڑ، زخم، کوڑھ، جلد کی خرابی، برص، معدہ کا السر اور لاکڑا وغیرہ کے لئے کیا جاتا رہا ہے۔ نیم کے معدل ہونے کی خصوصیت کی وجہ سے اسے خون کو صاف ستھرا کرنے اور سمومیات سے پاک رکھنے کے علاوہ جگر کی خرابیوں جیسے یرقان وغیرہ میں بھی خاص طور سے استعمال کیا جاتا ہے۔

نیم کی قوت مدافعت بڑھانے کی تاثیر جیسے مدافعتی سفید خون کے خلیوں کو بڑھانے کی تائید بہت سے سائنسی تجربات نے کی ہے۔ سائنسی تحقیقات نے یہ ثابت کیا ہے کہ نیم سفید لمفی خلیوں کو فعال بنا کے جسم کے مدافعتی نظام کو بڑھاتا ہے تاکہ جسم کے مدافعتی نظام کو تعفن اور دیگر درپیش خطرات سے تحفظ حاصل ہو سکے۔ مزید براں نیم خون میں شکر کی سطح کو بھی کم کرتی ہے۔

**ترکیب استعمال:** ایک کیپسول دن میں دو بار کھانا کھانے کے بعد پانی کے ساتھ دیں۔

نوٹ: اطریفل شاہترہ، روغن نیم، کریلا کیپسول، مرہم رال، مرہم کافوری، معجون چوب چینی اور معجون مصفّی خاص بھی ''پھوڑے، پھنسی اور جلد کے دیگر امراض'' میں خون کی صفائی کے لیے استعمال کرائی جاتی ہیں۔

## اکزیما
## (Eczema)

**ایکزی کریم:** جلد میں نمی پہنچا کر جلد کی خارش اور جلن کو تسکین پہنچاتی ہے اور دوبارہ جلد میں خشکی پیدا ہونے سے روکنے میں مدد کرتی ہے۔ ایکزی کریم متاثرہ جلد کی سُرخی کو بھی ختم کرتی ہے، اسکے علاوہ چھالے پڑنا اور مادّے کا رِسنا، پپڑی اور چھلکے بننے سے روکنے میں بھی مدد کرتی ہے۔

**ترکیب استعمال:** جلد کے متاثرہ حصّوں پر ایکزی کریم کی مطلوبہ مقدار روزانہ دو مرتبہ لگائیں۔

نوٹ: اسکن۔کلیئر سیرپ، اسکن۔کلیئر۔SF، اسکن۔کلیئر کیپسول، معجون عشبہ، معجون مصفّی خاص، روغن نیم اور نیم کیپسول بھی ''اکزیما'' میں مفید ہیں۔

## سوراءسس
## (Psoriasis)

**سورو-ایڈ کریم:** متاثرہ جلد کو سکون پہنچاتا ہے اور خشکی کو ختم کرتا ہے۔ جلد کے ورم کو بھی ختم کرتا ہے، اور پپڑیاں ختم کر کے جلد کو صاف کرتا ہے۔

**ترکیب استعمال:** جلد کے متاثرہ حصوں پر سورو-ایڈ کی مطلوبہ مقدار روزانہ دو مرتبہ لگائیں۔

## زخم
(Wounds)

**مرہم رال:** ناصور کو بھرتا اور خراب گوشت کو زخم سے دور کرتا ہے۔
**ترکیب استعمال:** زخم کو نیم گرم پانی سے دھو کر خشک کریں، پھر بعد میں مرہم لگائیں۔
**مرہم کافوری:** زخم کی جلن اور سوزش دور کر کے ٹھنڈک پہنچاتا ہے۔ زخموں کو مندمل کرتا ہے اور ورم کو تحلیل کرتا ہے۔
**ترکیب استعمال:** زخم کو نیم گرم پانی سے دھو کر خشک کریں، پھر بعد میں مرہم لگائیں۔

## خنازیر (رسولیاں)
(Scrofula)

**اطریفل غدوی:** خنازیر یعنی کنٹھ مالا کو خاص طور سے فائدہ دیتا ہے۔ دماغ اور معدہ کو فضلات سے صاف کرتا ہے۔
**ترکیب استعمال:** ۱۰ گرام عرق زیرہ یا پانی کے ساتھ کھلائیں۔
نوٹ: اسکن ۔کلیئر سیرپ، اسکن ۔کلیئر-SF، اطریفل شاہترہ، کشتہ قرن الایل اور معجون عشبہ بھی مفید ہیں۔

## برص
(Leucoderma)

**ڈرما ایڈ کریم:** جلد میں موجود باریک شرائین کو چوڑا کر دیتا ہے جس سے جلد کے اُس حصہ میں خون میں موجود مائیہ (Plasma) کا اجتماع بڑھ جاتا ہے، نتیجۃً جلد سُرخ ہو جاتی ہے اور جلد کا قدرتی رنگ تیار کرنے والے خلّیات (Melanoblasts) متحرک ہو جاتے ہیں۔ ڈرما ایڈ کے مستقل استعمال سے جلد اپنا قدرتی رنگ حاصل کرنا شروع کر دیتی ہے۔
**ترکیب استعمال:** مرہم کی مطلوبہ مقدار جلد کے سفید داغوں پر لگائیں۔
**روغن بابچی:** برص کے لئے مفید ہے۔
**ترکیب استعمال:** برص کے داغوں پر لگائیں۔
**سفوف برص:** بدن کے سفید داغوں (برص) کے لئے مفید و مجرب ہے۔ اس کے استعمال کے بعد سفید داغ جلد کا اصل رنگ لینے لگتے ہیں۔
**ترکیب استعمال:** ۵ گرام سفوف ۲۵ ملی لیٹر گرم پانی میں رات کو بھگو دیں۔ صبح صرف پانی نتھار کر پلائیں۔ پھوک میں تھوڑا سا دیسی سرکہ یا پانی ملا کر پیس کر داغوں پر لگائیں۔ یہ دوا کم از کم چالیس روز تک برابر استعمال کرانی چاہیے۔ بطور غذا صرف بیسنی روٹی بغیر نمک کی گھی زیادہ مقدار میں لگا کر کھلائیں۔ تیل اور لال مرچ سے پرہیز کرائیں۔

نوٹ: مذکورہ ادویات کے علاوہ مصفّی خون ادویات خاص طور سے اسکن ۔کلیئر سیرپ اور اسکن ۔کلیئر-SF کا استعمال نہایت ضروری ہے۔

## مہاسے
(Acne)

اسکن ۔کلیئر سیرپ، اسکن ۔کلیئر - S F، اسکن ۔کلیئر کیپسول، اطریفل شاہترہ، حسن جمال، سیب سرکہ، شربت مرکب مصفّی خون، عربین نسخہ، عرق چرائتہ، عرق شاہترہ، عرق مرکب مصفّی خون، معجون عشبہ اور نیم کیپسول ''مہاسوں'' کو دور کرنے کے لئے مفید ہیں۔

## قوبا (داد)
(Ringworms)

اندرونی طور پر اسکن ۔کلیئر سیرپ، اسکن ۔کلیئر-SF، اسکن ۔کلیئر کیپسول، اطریفل شاہترہ، شربت مرکب مصفّی خون اور نیم کیپسول جیسی دواؤں کا استعمال کرائیں۔

## شریٰ (پتی اچھلنا)
(Urticaria)

اسکن ۔کلیئر سیرپ، اسکن ۔کلیئر-SF، اسکن ۔کلیئر کیپسول اور جوارش کمونی مسہل کا استعمال ''پتی اچھلنے'' کی حالت میں مفید ہے۔

# امراض خبیثہ (گندی جنسی بیماریاں)
(Venereal Diseases)

## آتشک (آبلہ فرنگ)
(Syphilis)

**جوہر منقیٰ:** آتشک اور آتشک کی وجہ سے پیدا ہونے والے گٹھیا اور نقرس میں نہایت مفید ہے۔ پرانے سوزاک میں بھی فائدہ دیتا ہے۔ بدن میں سوداوی مادّہ کی وجہ سے اختلاج قلب اور گھبراہٹ رہتی ہو وہ بھی اس کے استعمال سے دور ہو جاتی ہے۔
**ترکیب استعمال:** ۳۰ ملی گرام بیج نکلی منقیٰ میں یہ بیج کی جگہ رکھ کر گولی سی بنا کر بغیر دانت لگائے پانی سے نگلوائیں (چبوائیں نہیں) اوپر سے ۲۵۰ ملی لیٹر دودھ پلائیں۔
**حب لیموں:** آتشک کے لئے مفید ہے۔
**ترکیب استعمال:** ایک ایک گولی صبح و شام پانی سے نگل لیں۔ مونگ کی دال اور کدو سے پرہیز کرائیں۔

**مرہم آتشک**: آتشک کے زخم کے اندر موجود آتشک کے جراثیم کو ہلاک کرتا ہے اور زخم کو مندمل کرتا ہے۔ زخم کو سڑنے نہیں دیتا۔
**ترکیب استعمال**: بقدرِ حاجت آتشک کے زخم پر لگائیں۔
**معجون مصفّی خاص**: آتشک میں مفید ہے، آتشک کے علاوہ جذام، داد، خارش، پرانے سوزاک اور پھوڑے پھنسیوں میں بھی فائدہ دیتی ہے۔
**ترکیب استعمال**: ۵۔۱۰ گرام صبح شربت عشبہ خاص ۴۰ ملی لیٹر یا پانی میں ملا کر پلائیں۔
نوٹ: مذکورہ ادویات کے علاوہ اسکن۔کلیئر سیرپ، اسکن۔کلیئر-SF، اطریفل شاہترہ، روغن صندل، شربت مرکب مصفّی خون، عرق راحت، عرق شاہترہ، عرق عشبہ، عرق مرکب مصفّی خون، گوکھرو کیپسول، مصفّی اعظم، معجون جوگراج گوگل، معجون چوب چینی، معجون عشبہ، معجون لنا اور نیم کیپسول بھی ''آتشک'' کی شکایت میں مفید ہیں۔

## سوزاک (پیشاب کی نالی میں مواد پڑ جانا)

(Gonorrhoea)

**اندمال**: نئے و پرانے سوزاک میں مفید ہے۔ اس کے استعمال سے پیشاب کی جلن، سوزش، پیپ اور ریم کا آنا بہت جلد دور ہو جاتا ہے۔ سوزاک کے بعد اکثر لوگوں کو جس جریان کی شکایت ہو جاتی ہے وہ جریان نہیں ہونے پاتا۔
**ترکیب استعمال**: ایک ایک قرص صبح و شام تازہ پانی یا شربت بزوری معتدل ۵۰ ملی لیٹر کے ہمراہ استعمال کرائیں۔
**روغن صندل**: پیشاب کی نالی کے زخم کو بھرتا اور جلن کو دور کرتا ہے۔ نئے اور پرانے سوزاک اور آتشک میں مفید ہے۔
**ترکیب استعمال**: ایک ملی لیٹر بتاشے پر ڈال کر ۲۵۰ ملی لیٹر دودھ کے ساتھ کھلائیں۔
**عرق راحت**: یہ نئے سوزاک کی مفید دوا ہے۔ یہ پیشاب کی نالی میں موجود سوزاک کے جراثیم کو ہلاک کر کے پیشاب کی نالی کے زخم اور سوجن کو دور کرتا ہے۔
**ترکیب استعمال**: ۱۰۔۱۰ ملی لیٹر صبح، دوپہر و شام استعمال کرائیں۔
نوٹ: مذکورہ ادویات کے علاوہ اسکن۔کلیئر سیرپ، اسکن۔کلیئر-SF، اطریفل شاہترہ، جوہر منقّی، سفوف اندری جلاّب، شربت مرکب مصفّی خون، عرق مرکب مصفّی خون، کشتہ قلعی، گوکھرو کیپسول، مصفّی اعظم، معجون عشبہ اور نیم کیپسول بھی ''سوزاک'' کی شکایت میں مفید ہیں۔

## امراض شعر (بالوں کی بیماریاں)

(Diseases of the Hair)

### بالوں کا گرنا

(Falling of Hair)

**ٹریٹ بالوں کا کالا صابن**: بالوں کو لمبا، گھنا، چمکدار اور سیاہ بناتا ہے۔ بالوں کی جڑوں کو مضبوط کرتا ہے، خشکی دور کرتا ہے اور بالوں کو قبل از وقت سفید ہونے سے روکتا ہے۔
**ترکیب استعمال**: روزانہ نہاتے وقت یا حسب ضرورت اس صابن کے سیاہ جھاگ سر کے تمام بالوں پر اور خاص طور پر بالوں کی جڑوں میں نرم انگلیوں سے اچھی طرح ملیں اور کچھ دیر بعد سر کو ہلکے گرم پانی سے دھولیں۔ یہی عمل دوبارہ بھی کریں۔ بہترین نتائج کے لئے نہانے کے بعد بالوں میں ٹریٹ ہربل ہیئر آئیل لگائیں۔ بہت گرم پانی سے بالوں کو کبھی نہ دھوئیں۔
**ٹریٹ پاؤڈر**: بالوں کو ملائم اور لمبا کرتا ہے۔ نیز بالوں کو خشکی سے محفوظ اور صاف رکھتا ہے۔
**ترکیب استعمال**: دو بڑے چمچے (۲۵ گرام) ٹریٹ پاؤڈر رات کو تھوڑے سے گرم پانی میں بھگو دیں۔ صبح کو بالوں میں اچھی طرح لگا کر دس پندرہ منٹ کے بعد بالوں کو اچھی طرح پانی سے دھولیں۔ بالوں کو تولیہ سے خشک کر کے ''ٹریٹ ہربل ہیئر آئیل'' کی مالش کی جائے۔
**ٹریٹ ہَربَل شیمپو**: ۸ قدرتی جڑی بوٹیوں کا ایک نادر مجموعہ ہے، جو بالوں کو لمبا کرنے اور قدرتی کالا پن برقرار رکھنے میں مدد کرتا ہے۔ تمام بیماریوں سے محفوظ رکھتے ہوئے یہ بالوں کو گھنے، لمبے اور ریشم کی طرح ملائم بنائے رکھتا ہے۔ اسکے علاوہ یہ بالوں کو گرنے سے بھی روکتا ہے اور سر کی بھوسی سے بھی نجات دلاتا ہے۔ ٹریٹ ہَربَل شیمپو خالص دیسی طریقہ علاج پر مبنی فارمولہ ہے اور بالوں کیلئے مکمّل طور پر محفوظ ہے۔ اسے ہر عمر اور ہر موسم میں استعمال کیا جا سکتا ہے۔ اسکے مستقل استعمال سے بالوں کے حسن و جمال اور چمک دمک میں مزید اضافہ ہوتا ہے۔
**ترکیب استعمال**: ۳-۵ ملی لیٹر ٹریٹ ہَربَل شیمپو کو گیلے بالوں میں لگا کر ایک منٹ تک مالش کریں۔ اسکے بعد پانی سے دھولیں۔ ضرورت پڑنے پر اس عمل کو دو مرتبہ کریں۔
**ٹریٹ ہربل ہیئر آئیل**: ۱۹ قیمتی جڑی بوٹیوں اور مغزیات کے اصلی روغنیات سے تیار کردہ مصنوعی خوشبو، رنگ و کیمیکل سے پاک جدید تحقیق کا ''ٹریٹ ہربل ہیئر آئیل'' بالوں کو گرنے اور وقت سے پہلے سفید ہونے سے روکتا ہے اور خشکی سے مکمل نجات دلاتا ہے۔ ''ٹریٹ ہربل ہیئر آئیل'' بالوں کے لئے اولین غذا ہے۔ ''ٹریٹ ہربل ہیئر آئیل'' ایسی قیمتی جڑی بوٹیوں سے تیار کیا جاتا ہے جو بالوں کو لمبے، گھنے، چمکیلے اور سیاہ بالوں کی افزائش کے لئے صدیوں سے مشہور ہیں۔ ''ٹریٹ ہربل ہیئر آئیل'' کا

کچھ عرصے پابندی سے استعمال آپ کے قیمتی بالوں کو ہمیشہ کے لئے مضبوط وسیاہ کرتا ہے۔

**ترکیب استعمال**: روزانہ صبح نہانے کے بعد اور رات کو سوتے وقت دس پندرہ منٹ تک ہلکے ہاتھوں سے مالش کریں۔ بالوں کے بہترین نتائج کے لئے بالوں کو ٹریٹ بالوں کا کالا صابن یا ٹریٹ پاؤڈر سے دھوئیں۔ اگر نہانے کے بعد ٹریٹ ہربل ہیئر آئیل لگانا ہو تو پہلے تولئے سے اچھی طرح بالوں کو خشک کرلیں۔

**ٹریٹ ہیئر کیئر کیپسول**: بالوں اور دماغ کو تقویت پہنچانے والی ۱۵ یونانی مفرد دواؤں کا ایک متوازن مجموعہ ہے، جو بالوں کی نشوونما اور انکی سیاہی قائم رکھنے میں معاون ثابت ہوتا ہے۔ تمام بیماریوں سے محفوظ رکھتے ہوئے یہ بالوں کو گھنے، لمبے اور چمکدار سیاہ بنائے رکھتا ہے۔

**ترکیب استعمال**: ایک کیپسول روزانہ ایک یا دو مرتبہ پانی کے ساتھ کھلائیں۔

**روغن آملہ خاص**: بالوں کی جڑوں کو مضبوط بناتا اور ان کو گرنے سے بچاتا ہے۔ نیز بالوں کی سیاہی قائم رکھتا اور ان کو ملائم اور چمک دار بناتا ہے۔ سر کی خشکی دور کرنے اور دماغ کو تروتازہ رکھنے میں مفید ہے۔

**ترکیب استعمال**: سر کے بالوں پر لگائیں۔

**روغن چنبیلی**: بالوں کو دراز کرتا اور ان کو چمکیلا اور چمکدار بناتا ہے۔

**ترکیب استعمال**: بقدرِ حاجت بالوں پر لگائیں۔

**ھِم-تُلسی تیل**: بالوں کی جڑوں کو مضبوط بناتا اور ان کو گرنے سے بچاتا ہے۔ نیز بالوں کی سیاہی قائم رکھتا اور ان کو ملائم اور چمک دار بناتا ہے۔ سر کی خشکی دور کرتا اور دماغ کو ٹھنڈا رکھتا ہے۔ سر درد میں مفید ہے۔

**ترکیب استعمال**: سر کے بالوں پر لگائیں۔

نوٹ: دہلوی روغن زراریح اور روغن بیضۂ مرغ بھی ''بالوں کو گرنے'' سے روکتے ہیں۔

## بالوں کا قبل از وقت سفید ہوجانا

(Premature Greying of Hair)

''بالوں کے قبل از وقت سفید ہونے'' کی صورت میں اطریفل اسطوخودوس، آملہ کیپسول، ٹریٹ بالوں کا کالا صابن، ٹریٹ پاؤڈر، ٹریٹ ہربل شیمپو، ٹریٹ ہربل ہیئر آئیل، ٹریٹ ہیئر کیئر کیپسول، جوارش جالینوس، جوارش زرعونی عنبری بہ نسخہ کلاں، دہلوی جاروب دماغ - S F، دہلوی جاروب دماغ (اسطوخودوس) کیپسول، دہلوی روغن زراریح، دہلوی گیلینوس-SF، دہلوی گیلینوس پلز، روغن آملہ خاص اور روغن بیضۂ مرغ کا استعمال مفید ہے۔

## بالخورہ

(Alopecia Areata)

**دواء بالخورہ**: چکتوں کی شکل میں بال غائب ہونے کی شکایت کی خاص دوا ہے۔ چکنے چکتوں پر بالوں کو ازسرنو اگاتی ہے۔

**ترکیب استعمال**: کاربولک صابن یا نیم کے پتوں کے جوشاندے سے مقام بالخورہ دھوئیں اور اس کے بعد اس دوا کی مالش کریں۔

**دہلوی روغن ذراریح**: بالخورہ میں مفید ہے۔ بالوں کی جڑوں کو مضبوط بناتا ہے اور ان کو گرنے سے بچاتا ہے۔

**ترکیب استعمال**: چکتوں پر پھریری سے لگائیں یا بالوں پر مالش کریں۔

**روغن بیضۂ مرغ**: بالخورہ کی شکایت میں مفید ہے۔ جس جگہ بال نہ نکلتے ہوں اس روغن کی مالش کرنے سے بال نکل آتے ہیں۔ بالوں کو بڑھاتا بھی ہے اور ان کو وقت سے پہلے سفید ہونے سے روکتا ہے۔

**ترکیب استعمال**: جس جگہ بال نکالنا چاہیں وہاں اس کی روزانہ مالش کریں۔

نوٹ: سیب سرکہ بھی ''بالخورہ'' میں مفید ہے۔

## سر کی جوئیں

(Lice)

روغن نیم اور سیب سرکہ سر کے بالوں میں لگانے سے ''جوؤں'' کو مارتے ہیں۔

## امراض عامہ

(Miscellaneous Diseases)

### حُمّی عام (عام بخار)

(Fever)

**دافع بخار**: ہر قسم کے بلغمی، صفراوی و مرکب بخاروں میں مفید ہے۔

**ترکیب استعمال**: ایک ایک ٹکیہ صبح وشام پانی سے استعمال کرائیں۔

**شربت خاکسی**: موتی جھرہ، چیچک، خسرہ اور میعادی بخار میں مفید ہے۔

**ترکیب استعمال**: ۲۵ ملی لیٹر نیم گرم پانی یا عرق گاؤزباں ۱۲۵ ملی لیٹر میں ملاکر پلائیں۔

صبح نہار منہ ۲۵ ملی لیٹر شربت نیلوفر میں ملاکر پلائیں۔

**عرق نیلوفر**: صفرا کے غلبے کو دور کرتا ہے، حرارت کو تسکین دیتا ہے اور پیاس بجھاتا ہے۔

**ترکیب استعمال**: ۱۲۵ملی لیٹر صبح نہار منہ ۲۵ملی لیٹر شربت نیلوفر میں ملا کر پلائیں۔

**گلو کیپسول**: بخار، جگر کے بافت میں تخصیص گھٹنا، ذیابیطس، ورم جگر، پیلیا، ضعف جگر، ضعف مدافعت کی وجہ سے دیرپا تعفن اور تلی کی سوجن میں مفید ہے۔

**ترکیب استعمال**: ایک کیپسول دن میں دو بار کھانے کے بعد پانی کے ساتھ دیں۔

نوٹ: حب شفاء، شربت بنفشہ، شربت نیلوفر، صحت بخش، عرق اجوائن، قرص مسکن، کشتہ گئو دنتی اور گاؤزباں کیپسول بھی ''حمّی عام'' کو دور کرتے ہیں۔

## ڈینگو بخار
## (Dengue Fever )

**پپیتہ لیف کیپسول**: ڈینگو بخار میں خون میں Platelet Count کم ہو جاتا ہے۔ اسکے استعمال پر وہ جلد اپنی صحیح سطح پر آجاتا ہے۔

**ترکیب استعمال**: دو کیپسول دن میں دو بار کھانے کے بعد پانی کے ساتھ دیں۔

## ملیریا بخار
## (Malarial Fever )

تر پھلا کیپسول، حب شفاء، دافع بخار، شربت بزوری معتدل، شربت بنفشہ، شربت نیلوفر، صحت بخش، عرق برنجاسف، عرق گاؤزبان، عرق نیلوفر، کشتہ گئو دنتی اور کلیہ بزوری-SF بھی ''ملیریا بخار'' میں مفید ہیں۔

## موتی جھرا
## (Typhoid)

خمیرہ مروارید، شربت خاکسی، صحت بخش، کشتہ گئو دنتی، کشتہ مرجان اور کشتہ مروارید ''موتی جھرا'' میں مفید ہیں۔

## خسرہ
## (Measles)

اسکن ۔کلیئر سیرپ، اسکن ۔کلیئر -SF، جواہر مہرہ، خمیرہ مروارید اور شربت خاکسی کا استعمال ''خسرہ'' میں مفید ہے۔

# امراض اطفال (بچوں کے امراض)
# (Diseases of Children)

## بدہضمی وقبض
## (Indigestion /Constipation)

**دہلوی نیچورل بے بی ٹانک**: جسم میں کیلشیم کی کمی کو پورا کر کے ہڈیوں کو مضبوط بناتا ہے۔ عام جسمانی کمزوری، قبض، بدہضمی، دودھ ڈالنا، نزلہ زکام میں مفید ہے۔ بھوک بڑھاتا ہے۔ دانت نکالنے میں معاونت کرتا ہے۔

**ترکیب استعمال**: ۱/۴ تا ایک چائے کا چمچہ پانی میں ملا کر یا تنہا صبح و شام پلائیں۔

**دہلوی نیچرل گھٹی**: بچوں میں اپھارا، بدہضمی، دودھ ڈالنا، قے و بھوک کی کمی کی شکایت، نیز دانت نکالنے کے زمانے کی تکالیف میں مفید ہے۔

**ترکیب استعمال**: ایک قطرہ سے لے کر ۳۰ قطرے تک عمر کے مطابق صبح وشام پلائیں۔

نوٹ: انرجائین، پودینول، دہلوی نیچورل ہیلتھ ٹانک، عربین نسخہ اور عرق عجیب کا استعمال ''بدہضمی وقبض'' میں بھی مفید ہے۔

## امّ الصبیان
## (Infantile Epilepsy)

**حب جند**: اُم الصبیان اور مرگی میں مفید ہے۔

**ترکیب استعمال**: بچوں کو ایک ایک گولی صبح ماں کے دودھ میں گھول کر پلائیں مرگی میں بڑوں کو دو دو گولیاں صبح و شام پانی سے دیں۔

**خمیرہ مروارید**: خفقان (دل کی دھڑکن)، وحشت اور گھبراہٹ دور کرتا ہے۔ دل کو طاقت دیتا ہے۔ امّ الصبیان (بچوں کی مرگی) اور عام جسمانی کمزوری میں بہت مفید ہے۔ موتی جھرہ اور خسرہ جیسی بیماریوں میں دل اور حرارت غریزی کی حفاظت کرتا ہے اور ان بیماریوں کے بعد کی کمزوری کو بہت جلد دور کرتا ہے۔ عورتوں کے مرض سیلان اور ان کی کمزوری میں مفید ہے۔

**ترکیب استعمال**: بچوں کو ان کی عمر کے مطابق ایک گرام سے ۳ گرام تک اور بڑی عمر والوں کو ۵ گرام صبح نہار منہ و شام پانی یا عرق گاؤزبان کے ساتھ استعمال کرائیں۔

**دہلوی خمیرہ موتی -SF**: خمیرہ مروارید کی مکمل خصوصیات کے ساتھ لیکن شوگر فری شکل میں۔

نوٹ: اپی۔کیپ، حب صرع، خمیرہ گاؤزباں عنبری جدوار عود صلیب والا اور دہلوی نیچورل بے بی ٹانک بھی ''اُمّ الصبیان'' میں مفید ہیں۔

## عام کمزوری

**(General Weakness)**

آملینا، انرجائین، پرینی، برینی ویٹا، خمیرہ مروارید، دہلوی نیچورل بے بی ٹانک، دہلوی نیچورل گھٹی، دہلوی نیچورل ہیلتھ ٹانک، موصلی کیسر پراش اور موصلی کیسر کیپسول ''بچوں کی عام کمزوری'' میں مفید ہیں۔

## بچوں کے دست

**(Diarrhoea)**

پودینول، دہلوی نیچورل بے بی ٹانک، دہلوی نیچورل گھٹی اور عرق عجیب ''بچوں کے دستوں'' میں مفید ہیں۔

## ڈبہ اطفال (پسلی چلنا)

**(Infantile Pneumonia)**

قیروطی آرد کرسنہ اور کشتہ قرن الایل ''ڈبہ اطفال'' میں مفید ہیں۔

## شہیقہ (کالی کھانسی)

**(Whooping Cough)**

شربت اعجاز، کف نو سیرپ، لعوق بادام، لعوق سپستان اور لعوق سپستان خیار شنبری ''کالی کھانسی'' میں مفید ہیں۔

## عام جسمانی کمزوری

**(General Debility)**

**اسپیرولینا کیپسول**: خون کی کمی، کینسر، قوت مدافعت میں کمی، جگر کی خرابی، جگر کی سوزش، جگر کا تشنج اور پروٹین کی کمی میں مفید ہے۔

**ترکیب استعمال**: ایک یا دو کیپسول دن میں دو بار کھانے کے بعد پانی کے ساتھ دیں۔

**اشوگندھا کیپسول**: اسے ایک اعتدال بخش اور شباب و قوت بحال کرنے والی ایک ایسی جڑی بوٹی ہونے کا امتیاز حاصل ہے جس میں لمبی عمر، جوانی کی ترنگ اور ذہنی بالیدگی پیدا کرنے کی صلاحیت ہے۔ اسے مرد اور عورت دونوں ہی استعمال کر سکتے ہیں۔ یہ دماغ کو سکون دیتا ہے اور اور پرسکون فرحت بخش نیند لاتا ہے۔ معدل ہونے کی وجہ سے یہ جسم کے توازن کو برقرار رکھتا ہے اور ذہنی دباؤ کو دور کرتا ہے۔ یہ جسم میں عدم توازن کو روکتا ہے جو ناقص غذا، بے خوابی، جسمانی یا ذہنی دباؤ یا فضاء میں کیمیائی و زہریلے اثرات پھیلنے کی وجہ سے پیدا ہوتا ہے۔ خاص طور سے یہ ذہنی دباؤ کے نتیجے میں پیدا ہونے والے امراض جیسے ہائی بلڈ پریشر، ذیابیطس اور عام کمزوری وغیرہ میں انتہائی مفید ہے۔ ایک قوت بخش جڑی بوٹی ہونے کی وجہ سے یہ جسم کے بافتوں خاص طور سے اعصاب اور ہڈیوں کو مناسب غذا کی فراہمی کے ساتھ ساتھ گردہ کے اوپر کے غدود اور اعضائے تناسل کے افعال کو درست کرنے میں بھی مدد کرتا ہے۔ چونکہ اس میں لوہا بہت زیادہ ہوتا ہے اس لئے خون کی قلت والے مریضوں کے لئے اس کا استعمال بہت مفید ہے۔ اہل مغرب اشواگندھا کو ایک قوت باہ بڑھانے والی جڑی بوٹی کی حیثیت سے جانتے ہیں۔ اپنی اسی خاصیت کی وجہ سے یہ بانجھ پن کا بہترین علاج ہے اور سب کچھ ٹھیک ٹھاک ہونے کا احساس پیدا کرتا ہے، مباشرت کے عمل کو خوشگوار بناتا ہے اور جریان کو دور کرتا ہے۔ ایستادگی میں کمی اور مادہ منویہ کی خرابی کو دور کرنے کے لئے اس کے استعمال کی سفارش کی جاتی ہے۔

**ترکیب استعمال**: روزانہ ایک کیپسول دو بار کھانے سے پہلے پانی کے ساتھ دیں۔

**انرجائین**: خالص نباتاتی اجزاء کے جوہر سے بنا ایک نہایت مفید ترین جنرل ٹانک ہے جو کیمیاوی اجزاء سے قطعی پاک ہے۔ اس کے استعمال سے بھوک بڑھتی ہے، ہاضمہ درست رہتا ہے، تغذیہ کے نقائص دور ہوتے ہیں اور کام کرنے کی قوت اور طاقت بحال رہتی ہے۔ جسمانی اور دماغی محنت کرنے والے افراد کے لئے مفید ہے۔ قوت مدافعت کو بڑھاتا ہے اور طویل بیماری اور آپریشن کے بعد کی کمزوری کو دور کرتا ہے۔ دل اور دماغ کی کمزوری کو دور کرتا ہے۔ معدے اور جگر کے افعال کو درست کر کے خون صالح پیدا کرتا ہے۔ دودھ پلانے والی حاملہ عورتوں کے لئے بھی یکساں مفید ہے۔ رحم مادر میں پلنے والے بچے کے لئے بھی مفید غذائیت فراہم کرتا ہے۔ بچوں کی بہتر نشو ونما کر کے جسم کو مضبوط اور ٹھوس بناتا ہے اور ان کی بڑھوتری کے دوران بڑھتی ہوئی عمر کے تمام تقاضوں کو پورا کرتا ہے۔ عام جسمانی اور دماغی تھکان کو دور کر کے کام میں جی لگانے کا جذبہ ابھارتا ہے۔ یہ ہر عمر کے نہ صرف کمزور اور مریض افراد بلکہ عموماً صحت مند افراد کے لئے بھی ہر موسم میں بلا کسی مضر اثرات کے استعمال کیا جانے والا ایک بھرپور جنرل ٹانک ہے۔

**ترکیب استعمال**: روزانہ بڑوں کے لئے ۲۰ ملی لیٹر ناشتے سے پہلے اور شام کے کھانے سے پہلے اور بچوں کے لئے ۱۰ ملی لٹر ناشتے سے پہلے اور شام کے کھانے سے پہلے۔

**انرجائین SF-**: انرجائین کی مکمل خصوصیات کے ساتھ لیکن شوگر فری شکل میں۔

**ترکیب استعمال**: روزانہ بڑوں کے لئے ۲۰ ملی لیٹر ناشتے سے پہلے اور شام کے کھانے سے پہلے۔

**اینرجی۔ایڈ**: اس میں لمبی عمر، جوانی کی ترنگ اور ذہنی بالیدگی پیدا کرنے کی صلاحیت ہے۔ اسے مرد اور عورت دونوں ہی استعمال کر سکتے ہیں۔ یہ دماغ کو سکون دیتا ہے اور اور پرسکون فرحت بخش نیند لاتا ہے۔

معدل ہونے کی وجہ سے یہ جسم کے توازن کو برقرار رکھتا ہے اور ذہنی دباؤ کو دور کرتا ہے۔ یہ جسم میں عدم توازن کو روکتا ہے جو ناقص غذا، بے خوابی، جسمانی یا ذہنی دباؤ یا فضاء میں کیمیائی و زہریلے اثرات پھیلنے کی وجہ سے پیدا ہوتا ہے۔ خاص طور سے یہ ذہنی دباؤ کے نتیجے میں پیدا ہونے والے امراض جیسے ہائی بلڈ پریشر، ذیابیطس اور عام کمزوری وغیرہ میں انتہائی مفید ہے۔ ایک قوت بخش جڑی بوٹی ہونے کی وجہ سے یہ جسم کے بافتوں خاص طور سے اعصاب اور ہڈیوں کو مناسب غذا کی فراہمی کے ساتھ ساتھ گردہ کے اوپر کے غدود اور اعضائے تناسل کے افعال کو درست کرنے میں بھی مدد کرتا ہے۔ چونکہ اس میں لوہا بہت زیادہ ہوتا ہے اس لئے خون کی قلت والے مریضوں کے لئے اس کا استعمال بہت مفید ہے۔

**ترکیب استعمال**: ۲-۲ قرص دن میں دوبار پانی کے ساتھ دیں۔

**آملینا** : آج کی تیز رفتار جدید سماجی زندگی کی وجہ سے انسانی صحت کو خودساختہ مضر اثرات نے متاثر کیا ہے۔ آملینا سر سے پیر تک تندرستی دیتا ہے اور انسانی جسم کی ضروریات کو پورا کرتا ہے۔ آملینا قوّت لحمیّہ کی غذائیت میں کمی کو پر کرتا ہے کیونکہ اس میں لحمیّہ (پروٹین)، کاربوہائڈریٹ اور حیاتین (وٹامن) خصوصاً وٹامن 'سی' موجود ہیں۔ آملینا کا خصوصی ہربل فارمولا جسم کو وہ تمام ضروری اجزاء فراہم کرتا ہے جو بدن اور پٹھوں کیلئے ضروری ہوتے ہیں، ۔ آملینا ان تمام لوگوں کے لئے یکساں مفید ہے جو دماغی کام میں مشغول رہتے ہیں مثلاً طلبا، سائنسداں، وکلاء، اکاؤنٹنٹ اور انجینئر وغیرہ۔ زیادہ وقت تک ذہنی مشقت ایک طرح کی خالی الذہنی کی کیفیت پیدا کر دیتی ہے جسکی وجہ سے دماغ بوجھل ہو جاتا ہے جو ذہنی تھکاوٹوں کی خاص پہچان ہے۔ یہ دوا کھلاڑیوں، جسمانی محنت کش افراد، گھریلو خواتین وغیرہ کے لئے بھی یکساں طور پر مفید ہے جنکے پٹھوں کو قوّت کی کافی ضرورت ہوتی ہے۔ یادداشت کی کمزوری، تناؤ، تھکاوٹ، طبیعت میں گراوٹ، کمزوری، سستی و بے حسی، بے خوابی، بھوک کی کمی، بینائی کی کمزوری، کھانسی اور دستوں وغیرہ میں بھی آملینا مفید ہے۔

**ترکیب**: روزانہ صبح وشام ۲۰ گرام کھلائیں۔

**جیون-رکشک** : لاغر بدن کو بھاری بھرکم بناتا ہے اور جسم کو طاقتور اور مظبوط بناتا ہے۔ اسکے استعمال سے چہرے پر لالی آجاتی ہے اور قوت میں اضافہ ہوتا ہے۔

**ترکیب استعمال**: تین کیپسول دن میں دوبار پانی کے ساتھ دیں۔

**حب خاص**: دل، دماغ، جگر و معدے کی کمزوری کو دور کرتی ہے۔ نظام اعصاب و قوت مردانہ پر اچھا اثر ڈالتی ہے۔ ضغط الدّم ضعیف (لو بلڈ پریشر) کو نارمل کرتی ہے۔

**ترکیب استعمال**: ایک گولی صبح وشام یا وقت ضرورت پانی یا دودھ سے استعمال کرائیں۔

**حب سلاجیت**: مشہور وید چرک لکھتے ہیں: ''کوئی بھی قابل علاج بیماری ایسی نہیں ہے جسے سلاجیت کے استعمال سے دور نہ کیا جا سکتا ہو''۔ پیشاب سے متعلق بیماریوں، ذیابیطس، پتے کی پتھری، یرقان، خونی بواسیر، تلّی اور جگر کے بڑا ہو جانے، نظام ہضم کے امراض، بھوک کی کمی، پیٹ کے کیڑے، استسقاء، گردے و مثانہ کی پتھری، جریان، ہسٹیریا، خون کی کمی، موٹاپا اور ہڈیوں کے فریکچر میں خاص ٹانک کا کام کرتا ہے۔

**ترکیب استعمال**: ایک گولی صبح وشام دودھ کے ساتھ استعمال کرائیں۔

**دھلوی کلونجی آئل**: دھلوی کلونجی آئل سو فیصدی خالص ہے۔ مارکیٹ میں موجود کلونجی آئل کے مقابلہ میں آپ دہلوی کلونجی آئل کو خالص اور اعلیٰ درجہ کی کوالٹی کا پائیں گے۔ جیسا کہ جناب رسالتمآب ﷺ نے فرمایا کہ شونیز (کلونجی) میں موت کے سوا تمام امراض کی شفاء ہے۔ اپنے امراض سے شفاء پانے کے لئے اس کا استعمال کیجئے۔

**ترکیب استعمال**: ۵ ملی لیٹر سے ۱۰ ملی لیٹر صبح شام استعمال کرائیں۔ مفصل ترکیب دوا کے ہمراہ ہے۔

**دھلوی معجون کلونجی**: جناب رسالتمآب ﷺ نے فرمایا کہ ''سیاہ دانہ (کلونجی) میں موت کے سوا ہر بیماری کے لئے شفا ہے۔'' دہلوی کی تیار کردہ معجون کلونجی حسب ذیل امراض میں شفاء ثابت ہو چکی ہے۔ بال گرنا، دردسر، بے خوابی، کان کا درد، دانت کا درد، گلے اور سانس کی نالی کا ورم، جلدی بیماری، پھنسی، مہاسہ، کوڑھ، جذام، خوشنما رنگ و روپ اور دلکش چہرے کے لئے، پتھری گلانے کے لئے، حرارت اور گردش خون کے نظام کے لئے، ہیضہ، معدہ اور آنتوں کی گیس کے لئے و عام جسمانی کمزوری کے لئے۔

**ترکیب استعمال**: ۵ گرام صبح استعمال کرائیں۔ مفصل ترکیب دوا کے ہمراہ ہے۔

**دھلوی نیچورل ہیلتھ ٹانک**: ہربل ٹانک ہے جو جسمانی تھکاوٹ، سستی کو دور کرکے جسم میں چستی و توانائی پیدا کرتا ہے۔ خون کی پیدائش کو بڑھاتا ہے۔ ایام حمل و رضاعت میں عورتوں کی کمزوری کو دور کرکے جسم کو تغذیہ پہنچاتا ہے۔ بھوک بڑھاتا ہے اور ہاضمہ درست رکھتا ہے، بیماری کے بعد کی کمزوری اور دوسری جسمانی کمزوریوں میں مفید ہے۔ مردوں، عورتوں و بچوں کے لئے ہر موسم میں یکساں مفید ہے۔

**ترکیب استعمال**: بچوں کے لئے ۵ ملی لیٹر سے ۱۰ ملی لیٹر (ایک سے دو چائے کے چمچے) تک صبح ناشتے سے پہلے اور شام کو پلائیں۔ بڑوں کے لئے ۲۰ ملی لیٹر (چائے کے چار چمچے) صبح ناشتے سے پہلے اور شام کو۔

**دھلوی نیچورل ہیلتھ ٹانک SF-**: دہلوی نیچورل ہیلتھ ٹانک کی مکمل خصوصیات کے ساتھ لیکن شوگر فری شکل میں۔

**ترکیب استعمال**: ۲۰ ملی لیٹر (چائے کے چار چمچے) صبح ناشتے سے پہلے اور شام کو۔

**شربت فولاد**: عام جسمانی کمزوری دور کرتا ہے۔خون کے پتلے پن کو دور کرتا ہے، حمرۃ الدّم (ہیموگلوبن) کی کمی کو دور کرتا ہے اور خون کی سرخی میں اضافہ کر کے چہرے کو سرخ بناتا ہے۔ جگر کے فعل کو بیدار کر کے ہضم کی خرابی اور بھوک کی کمی کو دور کرتا ہے۔

**ترکیب استعمال**: ۵ سے ۱۰ ملی لیٹر بعد غذا استعمال کرائیں۔

**شلاجیت کئیرو شلاجیت کیپسول**: ' کوئی بھی مرض ایسا نہیں ہے جس کا علاج شلاجیت سے نہ کیا جا سکتا ہو یا اسے کنٹرول نہ کیا جا سکتا ہو'۔ یہ بات مشہور ہندوستانی وید چرک نے پہلی صدی قبل از مسیح میں کہی تھی۔ اسکا استعمال وید اور حکیم بہت سے امراض میں کرتے آئے ہیں۔ اسے اعضاء بول وتناسل کی بیماریوں، ذیابیطس، پتے کی پتھری، یرقان، خونی اور درد والی بواسیر، جگر اور تلی کا بڑھ جانا، گیس کے ساتھ بدہضمی، ہاضمہ کی خرابی، پیٹ کے کیڑے، مثانے اور گردے کی پتھری، اختلاج الاعصاب، جنسی تھکاوٹ، ہسٹیریا، خون کی کمی اور ہڈی ٹوٹنے میں استعمال کیا جاتا ہے۔ یہ صفراء کے جمع ہو جانے، پھیپھڑوں کی دق، پرانی اور شدید ہوائی نالیوں کی سوزش، ہوائی نالی کے پھیل جانے اور دمہ میں بھی انتہائی مؤثر ہے۔ سلاجیت پیشاب میں البیومن، بےتحاشہ پیاس، بار بار پیشاب آنا، سوزش وجلن اور تھکاوٹ میں بھی مفید ہے۔ نیز یہ صفراء جاری کرنے والا، ملین اور خون صفا ہے۔ یہ قوت مدافعت کے لئے محرک ہے۔ بڑھاپے میں فعالیت اور قوت بخشتا ہے۔ یہ کولیسٹرول کو کم کرنے اور موٹاپے کا بہترین علاج ہے۔

**ترکیب استعمال**: شلاجیت کئیر۔۱۰ ملی لیٹر دن میں دوبار۔
شلاجیت کیپسول۔ایک یا دو کیپسول دن میں دوبار کھانے کے بعد پانی کے ساتھ دیں۔

**عرق ماء اللحم خاص**: مشہور ومعروف ٹانک ہے جو دل، دماغ اور معدہ کو طاقت دیتا ہے۔ اعصابی اور عام جسمانی کمزوری، خون کی کمی، طبیعت کی افسردگی دور کرتا ہے، جسم میں تازگی اور توانائی پیدا کرتا ہے اور بھوک بڑھاتا ہے۔ غذائیت سے بھرپور ٹانک ہے۔ بیماری کے بعد کی کمزوری دور کرتا ہے۔ مردوں اور عورتوں کے لئے یکساں طور پر فائدہ مند ہے۔ مردانہ قوت کو بڑھاتا ہے اور رحم کو طاقت دیتا ہے۔ بہترین جنرل ٹانک ہے جو جاڑوں میں خاندان کا ہر فرد استعمال کر سکتا ہے۔

**ترکیب استعمال**: ۲۵۔۲۵ ملی لیٹر صبح شام دودھ میں ملا کر استعمال کرائیں۔

**عرق ماء اللحم دوآتشہ**: مشہور ومعروف ٹانک ہے جو دل، دماغ اور معدہ کو طاقت دیتا ہے۔ اعصابی اور عام جسمانی کمزوری، خون کی کمی، طبیعت کی افسردگی دور کرتا ہے، جسم میں تازگی اور توانائی پیدا کرتا ہے اور بھوک بڑھاتا ہے۔ غذائیت سے بھرپور ٹانک ہے۔ بیماری کے بعد کی کمزوری دور کرتا ہے۔ مردوں اور عورتوں کے لئے یکساں طور پر فائدہ مند ہے۔ مردانہ قوت کو بڑھاتا ہے اور رحم کو طاقت دیتا ہے۔ بہترین جنرل ٹانک ہے جو جاڑوں میں خاندان کا ہر فرد استعمال کر سکتا ہے۔ یہ عرق ماء اللحم خاص سے زیادہ طاقتور ہے۔

**ترکیب استعمال**: ۵۰ ملی لیٹر تازہ جوس یا دودھ میں ملا کر پلائیں۔ دن میں دو مرتبہ ۲۵۔۲۵ ملی لیٹر صبح شام بھی پلا سکتے ہیں۔

**کشتہ طلاء**: یہ خالص سونے سے تیار کیا ہوا کشتہ ہے جو اعضاء رئیسہ کو تقویت دیکر حرارت غریزی کی حفاظت کرتا ہے۔ عام جسمانی کمزوری کو دور کرتا ہے، بھوک کو بڑھا کر غذا کو جزو بدن بناتا ہے جس کی وجہ سے جسم میں عمدہ خون بکثرت پیدا ہونے لگتا ہے۔ آلات تناسل کو طاقت دیکر قوت مردانہ بڑھاتا ہے۔ بہترین مقوی اعصاب ہے۔ جاڑوں کے موسم میں جوان اور بوڑھے دونوں استعمال کر سکتے ہیں۔

**ترکیب استعمال**: ۳۰ ملی گرام یا ایک قرص دواء المسک معتدل جواہر والی ۵ گرام یا لبوب کبیر ۵ گرام کے ہمراہ استعمال کرائیں اور اوپر سے ۲۵۰ ملی لیٹر دودھ پلائیں۔

**کلونجی کیپسول**: جہاں تک تنفس کی بالائی نالیوں کی کیفیات کا تعلق ہے تو کلونجی میں دافع ہسٹامائن جیسے اثرات پائے گئے ہیں جو تنفس کی بالائی نالیوں کی بیماری جیسے دمہ، ہوائی نالیوں کی سوزش، کھانسی اور فلو وغیرہ میں نہایت مفید ثابت ہوئے ہیں۔ بیج کا تیل دودھ پلانے والی عورتوں کی چھاتیوں میں دودھ بڑھاتا ہے اور اسی خاصیت کی وجہ سے اس کا استعمال بطور دودھ آور بھی کیا جاتا ہے۔ اس کے بیج حیض کے ایام کو باقاعدگی بخشتے ہیں۔ جگر کی بیماریوں میں بھی اس کے مثبت اثرات مرتب ہوتے ہیں۔ حابس ادویہ کے ساتھ اس کا عام استعمال اسہال اور پیچش میں ہوتا ہے۔ اس کے بیج میں اسٹیرول (چربی سوز تیزابی مادہ) کا پورا خزانہ ہوتا ہے خاص طور سے بیٹا سیٹوزٹیرول جسے مانع کینسر کی حیثیت سے جانا جاتا ہے۔ اسی خاصیت کی بنا پر اس کا استعمال اعضاء کو سن کرنے اور پیٹ، آنکھ اور جگر کے ٹیومر میں بھی ہوتا ہے۔ اس کے علاوہ یہ کھانسی، آنکھوں کی سوزش، پانی سے وحشت، یرقان، فالج، بواسیر اور میعادی بخار میں بھی فائدہ مند ہے۔

**ترکیب استعمال**: ۲ کیپسول دن میں دوبار کھانے کے ساتھ پانی سے دیں۔

**موصلی کیسر پراش**: موصلی کیسر پراش ۲۳ مقوی بدن یونانی مفرد ادویہ سے تیار کیا ہوا خاص مرکب ہے۔ موصلی کیسر پراش دواء نہیں ہے، بلکہ بطور ایک معاون صحت ہے، جو تمام دن آپکے جسم کو چست درست رکھتا ہے۔ موصلی کیسر پراش سر سے پاؤں تک جسم کے تمام اعضاء کو تقویت پہنچاتا ہے۔ موصلی کیسر پراش کا ہر جز جسم کے ہر حصہ اور ہر نسیج کو تقویت پہنچا کر

متحرک کر دیتا ہے۔

**ترکیب استعمال**: ۳-۷سال: آدھا چمچہ دن میں ایک مرتبہ، دودھ یا پانی کے ساتھ۔

۸-۱۴سال: ایک چائے کا چمچہ دن میں ایک یا دو مرتبہ، دودھ یا پانی کے ساتھ۔

۱۵سال اور اس سے زیادہ عمر والوں کے لئے: دو چائے کے چمچے دن میں ایک یا دو مرتبہ، دودھ یا پانی کے ساتھ۔

**موصلی کیسر پراش -SF**: موصلی کیسر پراش کی مکمل خصوصیات کے ساتھ لیکن شوگر فری شکل میں۔

**ترکیب استعمال**: دو چائے کے چمچے دن میں ایک یا دو مرتبہ، دودھ یا پانی کے ساتھ۔

**موصلی کیسر کیپسول**: موصلی کیسر کیپسول ۲۳ مقوی بدن یونانی مفرد ادویہ سے تیار کیا ہوا خاص مرکب ہے۔ موصلی کیسر کیپسول دواء نہیں ہے، بلکہ بطور ایک معاون صحت ہے، جو تمام دن آپکے جسم کو چست درست رکھتا ہے۔ موصلی کیسر کیپسول سر سے پاؤں تک جسم کے تمام اعضاء کو تقویت پہنچاتا ہے۔ موصلی کیسر کیپسول کا ہر جز جسم کے ہر حصہ اور ہر نسیج کو تقویت پہنچا کر متحرک کر دیتا ہے۔ موصلی کیسر کیپسول کو ہر عمر اور ہر موسم میں بلا ضرر استعمال کیا جا سکتا ہے۔

**ترکیب استعمال**: ۱۵سال اور اس سے زیادہ عمر والوں کے لئے: ایک کیپسول دن میں ایک یا دو مرتبہ دودھ یا پانی کے ساتھ۔

۷-۱۴سال: ایک کیپسول دن میں ایک مرتبہ دودھ یا پانی کے ساتھ۔ موصلی کیسر کیپسول کو خالی پیٹ بھی استعمال کرایا جا سکتا ہے۔

نوٹ: مذکورہ ادویات کے علاوہ امیونو ہلدی، برینی، پاور-جین، جواہر مہرہ، حب جواہر، حب عنبر مومیائی، خمیرہ آبریشم حکیم ارشد والا، خمیرہ گاؤزباں عنبری جواہر والا، خمیرہ مروارید، دواء المسک معتدل جواہر والی، دہلوی ارشد گولڈ پلز، دہلوی اعصاب پلس، دہلوی خمیرہ آبریشم ارشدی-SF، دہلوی خمیرہ موتی-SF، دہلوی گاؤزبانی عنبری جواہری-SF، دہلوی دواء المعتدل جواہری-SF، دہلوی ڈی۔ایم۔ایم جواہری کیپسول، دہلوی عنبر سلاجیت کیپسول، عرق عنبر، کرکما کیپسول، موصلی سفید کیپسول اور ہارٹ۔کیئر بھی ''عام جسمانی کمزوری'' کو دور کرتے ہیں۔

## گھریلو ادویات

**(Household Medicines)**

**آئروویٹا**: آئرن آکسیجن لے جانے والے سرخ خون کے خلیوں کی تشکیل میں اہم کردار ادا کرتا ہے۔ آئروویٹا جسم میں لوہے کی کمی کے لئے استعمال کرایا جاتا ہے۔ اسکے استعمال سے نشوونما اور اچھی صحت میں مدد ملتی ہے۔ ہیموگلوبن کی سطح کو بڑھاتا ہے اور بھوک کی کمی کو دور کرتا ہے۔ طویل بیماری کے بعد صحت بحال کرنے کے لئے مفید ہے۔ حمل اور بڑھتے ہوئے بچوں میں آئرن کی کمی کو دور کرتا ہے۔ چہرے میں چمک پیدا کرتا ہے۔

**ترکیب استعمال**: صبح ناشتہ کے وقت ۲۰ ملی لیٹر پلائیں۔

**برینی ویٹا**: ہر موسم کے لئے ایک قدرتی مزیدار قوت بخش مکس۔ اس میں وٹامن B1، وٹامن B2، وٹامن E، کیلشیم، آئرن اور پروٹین موجود ہیں۔ اس میں اینٹی آکسیڈینٹ خصوصیات ہوتی ہیں جو عمل تکسید (بوسیدگی) سے جسم کی حفاظت کرتی ہیں۔ توانائی کی سطح بڑھاتا ہے، موڈ کو اچھا رکھتا ہے، ذہن اور حافظہ کو تیز کرتا ہے، بھوک بڑھاتا ہے اور ہاضمہ درست رکھتا ہے۔ فرحت بخشتا ہے اور پیاس بجھاتا ہے۔

**ترکیب استعمال**: ۱ چمچہ(۱۰گرام) ایک گلاس ٹھنڈا یا گرم دودھ میں ملا کر پلائیں۔

**پودینول**: ہنگامی حالات میں پیش آنے والے امراض مثلاً چوٹ، سوجن، زہریلے جانور کا کاٹنا و ڈنک مارنا، سر، کان و دانت کا درد، پیٹ درد، قولنج، دست، متلی و قے، ریاح و بدہضمی میں مفید ہے۔ ہیضہ کی شروعات میں قے اور دستوں کو روکتی ہے اور معدے کی کمزوری کو دور کرتی ہے۔ ہیضہ جب بڑے پیمانے پر پھیلا ہو تو پودینول حفاظتی طور پر استعمال کرائی جا سکتی ہے۔

**ترکیب استعمال**: دوا کے ہمراہ ہے۔

**ترپھلا کیپسول**: پیٹ میں درد، جوڑوں میں سوجن، دمہ، پیٹ پھولنا، خون کی خرابی، سانس کی نالیوں میں ورم، دل کی شریانوں کا نقص، نزلہ، زکام، قبض، کانسی، بخار، ریاح، ورم معدہ، بال گرنا، سر درد، بدہضمی، بھوک کی کمی، بواسیر، قبل از وقت بڑھاپا، قبل از وقت بال کا سفید ہونا اور بینائی کی کمزوری میں مفید ہے۔

**ترکیب استعمال**: دو کیپسول دن میں دوبار کھانے کے بعد پانی کے ساتھ دیں۔

**تُلسی کیپسول**: اپھارا، مرض الزہیمر، جوڑوں میں سوجن، دمہ، خون کی خرابی، سرفہ، ضعف قلب، نزلہ زکام، موٹاپا، سر درد، کھانسی، خناق، افسردگی (ڈپریشن)، ذیابیطس، دست و پیچش، پیشاب کا درد کے ساتھ و مشکل سے آنا، Eosinophilia، بخار، ضعف معدہ، نقرس، بالوں کا جھڑنا، منہ کی بدبو، ہچکی، خون میں زائد چکنائی، ہائی بلڈ پریشر، ہسٹیریا، بدہضمی، فلو، بھوک کی کمی، برص، ملیریا بخار، متلی، استسقاء، قلت منی، ضعف مدافعت کی وجہ سے دیرپا تعفن، بلغم، بواسیر، قبل از وقت بال کا سفید ہونا، گٹھیا، موسمی بخار، جنسی کمزوری، ورم جوف انفی (سائنس)، جلد کے امراض، گلے میں خراش، تناؤ، زچگی کے بعد دودھ میں کمی، سل و دق، قے اور سانس باہر چھوڑنے میں سیٹی بجنے جیسی آواز نکلنا میں مفید ہے۔

**ترکیب استعمال**: ایک کیپسول دن میں دوبار کھانے سے پہلے پانی

کے ساتھ دیں۔

**دھلوی بلو بام**: درد ِسر، نزلہ وزکام، سینے کی جکڑن، گلے کی خراش، کھانسی، عصبی درد جیسے عرق النساء، نقرس اور جوڑوں کے درد کے علاوہ چوٹ لگ جانے، موچ آجانے اور روز مرہ کی مختلف تکلیفوں کو دور کرنے کی کامیاب دوا ہے۔

**ترکیب استعمال**: دوا کے ساتھ ہے۔

**دھلوی تلبینہ** : حضرت عائشہ صدیقہؓ روایت فرماتی ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا ''دل کے مریض کے لئے تلبینہ تمام مسائل کا حل ہے۔ یہ دل سے غم کو اتار دیتا ہے۔'' (بخاری۔مسلم)

جب رسول اللہ ﷺ کو بتایا کہ فلاں کے پیٹ میں تکلیف ہے اور وہ کھانا بھی نہیں کھا سکتا تو فرمایا کرتے: ''تمہارے پاس یہ مفید اناج تلبینہ جو موجود ہے وہ اسے کھلاؤ۔ میں اس ذات کی قسم کھاتا ہوں جس کے قبضے میں میری جان ہے کہ یہ پیٹ کو اس طرح دھو کر صاف کر دیتا ہے جس طرح کوئی شخص اپنے چہرے کو پانی سے دھو کر اس پر سے غلاظت اتار دیتا ہے۔''

تلبینہ بیماری کی کمزوری اور اس کے جسم میں قوت مدافعت کو بڑھانے کے لئے تجویز فرمایا گیا ہے۔ لیکن اس کی اصل اہمیت دل کی بیماریوں کو دور کرنے کے لئے قرار پائی۔ کولیسٹرول کو کم کرتا ہے۔

**ترکیب استعمال**: ایک کپ پانی یا دودھ گرم کریں اور اس میں 2 چمچے (30 گرام) تلبینہ ملا لیں۔ تقریباً 10 منٹ تک پکائیں۔ گانٹھ بننے سے بچنے کے لئے مسلسل چمچہ چلاتے رہیں۔ پھر اس میں دھیرے دھیرے چمچہ چلاتے ہوئے دودھ ملا کر مقدار 200 ملی لیٹر کرلیں۔ اگر شوگر کے مریض نہ ہوں تو دہلوی ملٹی فلورا شہد، کھانڈ یا گڑ ملا کر نوش فرمائیں۔ مزید فوائد اور ذائقے کے لئے میوے اور تازہ پھل بھی شامل کر سکتے ہیں۔

**دھلوی صحہ ٹون**: صفراوی مزاج اشخاص کے دل کو طاقت دیتی ہے۔ دماغ کو بھی قوت دیتی ہے۔ ضعف معدہ کو دور کرتی ہے۔ مقوی اعصاب ہے۔

**ترکیب استعمال**: ۵ گرام صبح نہار منھ کھلائیں۔

**دھلوی نیچورل شھد ملٹی فلورا**: شہد جتنا خوش ذائقہ ہوتا ہے اس سے کہیں زیادہ صحت بخش ہوتا ہے۔ یہ قدرتی کاربوہائیڈریٹ کا خزانہ ہے جو جسم کو طاقت اور مضبوطی دیتا ہے۔ یہ فوری قوت اور اعضاء کو مضبوط کرنے اور کھلاڑیوں کی کارکردگی میں اضافے کے لئے ہمیشہ مشہور رہا ہے۔ کثرت کرنے یا اسکول جانے سے قبل ایک چمچہ شہد نہایت مفید مانا گیا ہے۔

**ترکیب استعمال**: ۱۰ ملی لیٹر روزانہ۔

**زعفران**: زعفران اعصابی امراض کو دور کرنے اور بخار، مالیخولیا اور جگر کے بڑھ جانے میں استعمال ہوتی ہے۔ یہ غیر مسلسل کھانسی اور دمہ اور بچوں کے زکام میں مفید ہے۔ خون کی کمی، آئرن کی کمی کی وجہ سے رنگ اڑ جانا اور منی کی کمزوری میں بھی مفید ہے۔ خون کے دوران کو تیز کرتی ہے اور دل، دماغ اور جگر کو تقویت دیتی ہے۔ زعفران حیض کھل کر لانے میں مدد کرتی ہے، ماہواری کے دوران درد اور کثرت حیض میں بھی مفید ہے۔ زعفران میں 'crocetin' نامی ایک کیمیکل ہوتا ہے جو خون میں آکسیجن کی مقدار میں اضافہ کرتا ہے اور نتیجتاً خون کی شریانوں کی گندگی کم ہو جاتی ہے۔ اس میں اینٹی آکسیڈینٹ خصوصیات ہوتی ہیں جو عمل تکسید (بوسیدگی) سے جسم کی حفاظت کرتی ہیں۔

**ترکیب استعمال**: ۲۵۰ ملی گرام سے ۵۰۰ ملی گرام تک۔

**سیب سرکہ**: یہ گوشت اور سبزیوں کے ثقیل ریشوں کو تحلیل کر کے قابلِ ہضم بنانے میں معدہ کی مدد کرتا ہے۔ اسے زہروں کے خلاف بطور تریاق بھی استعمال کیا جاتا ہے۔ اسے مہاسوں، داد، جوؤں اور بالخورہ میں خارجی طور پر استعمال کیا جاتا ہے۔ سیب سرکہ HDL یعنی اچھے کولیسٹرول کو بڑھاتا ہے اور ٹرائی گلیسرائڈس کی مقدار کم کرتا ہے۔ سرکہ میں موجود میگنیشیم جسم میں سوڈیم کی سطح کو متوازن رکھتا ہے، جسکی وجہ سے بلڈ پریشر صحیح حالت پر قائم رہتا ہے۔ دہلوی کے خام، بغیر چھنے ہوئے، غیر پاسطوری (Un-pasteurized) سیب سرکہ میں ایک خاص قسم کے خامرے (enzymes) پائے جاتے ہیں، جو عملِ تخمیر کے ذریعہ ہی وجود میں آتے ہیں۔ اس سرکہ کو عملِ تطہیر (pasteurization) کے لئے تیز گرمی کے عمل سے نہیں گزرنا پڑتا، اور اسی وجہ سے اچھے قسم کے بیکٹیریا ختم نہیں ہوتے ہیں۔ یہی وہ زندہ خامرے (living enzymes) ہوتے ہیں، جو سرکہ کی صحت کی بحالی سے متعلق خصوصیات کے لئے ذمہ دار ہوتے ہیں۔ اس قسم کے سرکہ کو استعمال کرنے سے مہاسے، تیزابیت، کولیسٹیرول، قبض اور ہائی بلڈ پریشر جیسے امراض سے شفا حاصل ہوتی ہے۔

**ترکیب استعمال**: دوا کے ہمراہ ہے۔

**عرق عجیب**: اندرونی طور پر یہ پیٹ پھولنا، متلی وقے، پیٹ درد، قولنج، نزلہ وزکام۔ بیرونی طور پر زہریلے جانور کا کاٹنا وڈنک مارنا، سر کا درد اور شقیقہ میں مفید ہے۔ ہیضہ کی شروعات میں قے اور دستوں کو روکتی ہے اور معدے کی کمزوری کو دور کرتی ہے۔ ہیضہ جب بڑے پیمانے پر پھیلا ہو تو پودینول حفاظتی طور پر استعمال کرائی جا سکتی ہے۔

**ترکیب استعمال**: دوا کے ہمراہ ہے۔

**نورس**: ۹ مقوّی جڑی بوٹیوں کا مرکّب ہے۔ قدرتی طریقہ سے جسم کو زہریلے اثرات سے پاک کرتا ہے۔ جسم کی قوّتِ مدافعت کو مضبوط کرتا ہے۔ دل کو صحت مند رکھنے میں مدد کرتا ہے۔ تناؤ اور گھبراہٹ کے اثرات کو کم کرتا ہے۔ قلب کے فعل کو صحیح رکھتے ہوئے بلڈ پریشر کو اعتدال پر رکھتا ہے۔ جسمانی طاقت اور شباب بحال کرتا ہے۔ عمر دراز کرتا ہے اور جواں مردی میں اضافہ کرتا ہے۔ بلڈ پریشر کی زیادتی اور عام جسمانی کمزوری میں مفید ہے۔ شہوت کو زیادہ کر کے جنسی صلاحیت کو دوبالا کرتا ہے۔ افسردگی و تناؤ دور کرتا ہے۔

جگر کی حفاظت کرتا ہے اور پیشاب کی نالیوں کی صفائی کرتا ہے۔ بدہضمی، پیٹ گیس، سینہ کی جلن، قبض، تیزابیت اور معدہ و آنتوں کے زخم میں آرام پہنچاتا ہے۔ وزن کم کرنے میں مدد کرتا ہے۔ قبل از وقت بڑھاپے کو روکتا ہے۔ جسمانی طاقت بڑھاتا ہے۔ دماغی طاقت اور ذہنی مستعدی میں اضافہ کرتا ہے۔ جلد و بالوں میں چمک پیدا کرتا ہے۔

**ترکیب استعمال:** ۲۰-۳۰ ملی لیٹر دن میں دومرتبہ۔ حسبِ ذائقہ ۲۰-۳۰ ملی لیٹر پانی ملاکر بھی استعمال کراسکتے ہیں۔ شہد بھی شامل کیا جاسکتا ہے۔

## آیورویدک دوائیں
## (Ayurvedic Medicines)

**آروگیہ وردھنی وٹی:** قوت ہضم بڑھاتی ہے اور جسم میں ہضم کے عمل کو درست کرتی ہے۔ مصفی خون، افزائش خون، مقوی قلب، چربی کو کم کرنے والی، پیشاب پاخانہ لانے والی، جگر، تلی، گردے، رحم، آنت وغیرہ جسم کے کسی بھی اندرونی اور باہری ورم کو کم کرنے والی، جلودر، میعادی بخار، پیلیا، الرجی وغیرہ و بہت سے جلدی امراض کا خاتمہ کرتی ہے۔

**ترکیب استعمال:** ایک گولی سے دو گولی پانی یا دودھ کے ساتھ دیں۔

**بسنت کسماکر رس:** ذیابیطس میں نہایت مفید ہے۔ عام جسمانی کمزوری کو دور کرتا ہے۔ مادّہ تولید بکثرت پیدا کرتا ہے اور اس کو غلیظ بناتا ہے۔ جریان کی شکایت کو دور کرتا ہے اور مادّہ تولید میں استقرار حمل کی استعداد پیدا کرتا ہے۔ ضعف دماغ اور ضعف قلب میں بھی مفید ہے۔ ہر ایک عضو سے خون جاری ہونے کو دور کرتا ہے۔

**ترکیب استعمال:** ایک قرص صبح وشام کھلائیں۔ تفصیلی ترکیب استعمال دوا کے ہمراہ ہے۔

**بسنت مالتی رس (گولڈ):** ملیریا، عام جسمانی کمزوری، دمہ، کھانسی، نمونیہ اور دبلاپن میں مفید ہے۔ بھوک کی کمی اور بیماری کے بعد کی کمزوری کو دور کرتا ہے اور جسم کو طاقت دیتا ہے۔

**ترکیب استعمال:** ایک قرص صبح وشام کھلائیں۔

**بھاسکر لون چورن:** معدہ و آنتوں کی اکثر بیماریوں کو دور کرتا ہے۔ بدہضمی، بھوک نہ لگنا، قے، دست، کھٹی ڈکاریں، پیٹ میں درد، سنگرہنی کے پتلے دست، عورتوں کی زمانہ حمل کی قے، ان سب بیماریوں میں یہ مفید ہے۔

**ترکیب استعمال:** ایک گرام سے ۳ گرام تک چھاچھ سے کھلائیں۔

**ترپھلا چورن:** ورم، ملیریا، بخار، فساد خون، مادّہ تولید کی خرابی، قبض، آنکھوں کی بیماریاں اور صفرا کی زیادتی کو دور کرتا ہے۔ اس کے استعمال سے حرارت غریزی بڑھتی ہے۔

**ترکیب استعمال:** ۲ گرام سے ۶ گرام تک دن میں ایک یا دومرتبہ کھلائیں۔

**چنتامنی رس (گولڈ):** ہرطرح کے دل کے امراض، دل کا درد، دل کی دھڑکن کا بدلتے رہنا، دماغی کمزوری، نیند نہ آنا اور گھبراہٹ میں مفید ہے۔

**ترکیب استعمال:** ایک گولی صبح وشام پانی سے دیں۔

**چندرپربھا وٹی:** ذیابیطس اور بول زلالی (ایلبیومینوریا) کے لئے نہایت مفید ہے۔ مثانہ کی کمزوری سے باربار پیشاب آتا ہو یا قطرہ قطرہ ٹپکتا ہو، رات کو سوتے میں پیشاب نکل جاتا ہو، فوطے بڑھ گئے ہوں، یہ سب شکایتیں اسکے استعمال سے دور ہو جاتی ہیں۔ جریان اور رقت و سرعت کے لئے بھی مفید ہے۔ گردوں اور مثانہ کو طاقت دیتی ہے۔ مرد و عورت دونوں کے لئے مفید ہے۔

**ترکیب استعمال:** ۲-۲ گولیاں صبح وشام ۲۵۰ ملی لیٹر دودھ کے ساتھ استعمال کرائیں۔

**دھلوی چیون پراش اسپیشل:** یہ آیورویدک کا ایک مشہور ''جنرل ٹانک'' ہے جو تازہ ہرے آملوں اور چند جڑی بوٹیوں کے ایک خاص مرکب سے تیار ہوتا ہے جس کے بارے میں پرانی کتابوں میں لکھا ہوا ہے کہ چیون جو بہت ہی کمزور اور بوڑھے تھے وہ اسکے استعمال کرنے سے دوبارہ نوجوان ہوگئے تھے۔ کمزور جسم کو جوانی طاقت دینے کے لئے بہترین ٹانک ہونے کے ساتھ ساتھ یہ نزلہ و زکام، کھانسی و دمہ میں فائدہ دیتا ہے۔ منھ سے خون آنا اور سل میں پھیپھڑوں کو قوت بخشتا ہے۔ دائمی بخار، گلے کی خرابی، آواز بیٹھ جانا، خون کی کمی، کیلشیم کی کمی و قبض کو دور کرتا ہے۔ دل، دماغ، معدہ اور جگر کو طاقت دیتا ہے اور حافظہ کو بڑھاتا ہے۔ ہرموسم میں ہرعمر کے اشخاص اس کو استعمال کراسکتے ہیں۔

**ترکیب استعمال:** عمر کے مطابق ایک سے ۲ چمچے (۱۲ گرام سے ۲۴ گرام) روزانہ پانی یا دودھ کے ساتھ استعمال کرائیں۔

**سدھ مکردھوج:** یہ عام جسمانی کمزوری کو دور کرنے کے لئے اکسیر ہے۔ نظام ہضم اسکے استعمال سے درست ہو جاتا ہے۔ دودھ، گھی، مکھن وغیرہ کے ہضم کرنے کی صلاحیت بڑھ جاتی ہے، مردہ رگوں پٹھوں میں نئی لہر اور نئی زندگی پیدا ہو جاتی ہے۔ دل و دماغ کی اتنی قوت بڑھ جاتی ہے کہ کئی مسلسل کام کرنے سے تھکن پیدا نہیں ہوتی، علاوہ ازیں یہ قوت باہ اور حرارت غریزی کو بڑھاتی ہے۔ کھانسی، دمہ اور سل و دق میں مفید ثابت ہوتی ہے۔

**ترکیب استعمال:** ایک گرام سے تین گرام تک چھاچھ سے کھلائیں۔

**سیتوپلادی چورن:** پرانے بخار، عام جسمانی کمزوری، کھانسی، دمہ، سل، منھ سے خون آنا، نزلہ و زکام اور ہاتھ پیروں میں جلن کے لئے بہترین دوا ہے۔

**ترکیب استعمال:** ایک گرام سے ۳ گرام تک ۱۰ گرام شہد میں ملاکر صبح وشام چاٹنے کو دیں۔

**سوت شیکھر رس (گولڈ)**: یہ تیزابیت کی زیادتی جس کی وجہ سے ڈکار، قے، سینے اور گلے میں جلن، ضرورت سے زیادہ پت، پت اور املتا کی وجہ سے قولنج، کھانسی، دمہ، حلق میں سوزش، اسہال اور بدہضمی میں مفید ہے۔
**ترکیب استعمال**: ا قرص صبح وشام استعمال کرائیں۔
**لکشمی ولاس رس (گولڈ)**: یہ نئے و پرانے ہر طرح کے بخار اور خشک و بلغمی کھانسی کی مشہور دوا ہے۔ سر درد، بدن درد، سردی، زکام، میعادی بخار میں مفید ہے۔
**ترکیب استعمال**: ایک گولی ۴-۴ گھنٹے کے وقفہ سے ۳-۴ پان کے رس اور شہد کے ساتھ دیں۔
**مہا لکشمی ولاس رس (گولڈ)**: بلغم، صفراء اور سوداوی امراض کی بہترین دوا ہے۔ یہ ماڈہ منویہ اور مادہ تولید میں اضافہ کرتی ہے، جگر کو طاقت دے کر اسکے ورم کو دور کرتی ہے اور خون کی خرابی میں مفید ہے۔ تپ دق، درد، ضعف معدہ، سانس، کھانسی میں بھی مفید ہے۔
**ترکیب استعمال**: ایک گولی صبح وشام مرض کے مطابق مناسب بدرقہ سے دیں۔
**مہایوگراج گوگل**: آم وات، گٹھیا، فالج ولقوہ میں مفید ہے۔
**ترکیب استعمال**: ا-ا گولی دن میں ۲ مرتبہ پانی سے کھلائیں۔
**ورھت واتچنتامنی رس (گولڈ)**: عصبی نظام کے امراض، بےخوابی، ہچکی وغیرہ میں مفیدً ہے۔
**ترکیب استعمال**: ا قرص صبح وشام شہد سے کھلائیں۔
**ھنگ واشٹک چورن**: بدہضمی، ضعف معدہ، ہیضہ، سنگرہنی کے دست، باؤ گولہ، ریحی درد اور اپھارہ کو دور کرتا ہے۔ بھوک لگاتا اور غذا کو ہضم کرتا ہے۔ جب معدہ میں غذا ہضم نہ ہوتی ہو اس کے استعمال سے بڑا فائدہ ہوتا ہے۔
**ترکیب استعمال**: ۲ گرام سے ۴ گرام تک صبح وشام کھانا کھانے کے بعد تھوڑے پانی سے کھلائیں۔

# طبی دنیا میں ایک انوکھی پیشکش

## شگر فری



# خمیرہ جات اور معجونیات

’دہلوی‘ برانڈ محسن دہلوی کا ہے جو۴۲ سالوں سے زاید عرصے سے یونانی سے وابستہ ہیں۔حکیم محسن دہلوی شمع گروپ کے بانی جناب حافظ محمد یوسف دہلویؒ کے پوتے اور محمد الیاس دہلوی کے فرزند ہیں۔وسیع تجربے کے بنا پرانہیں اپریل ۲۰۱۵ سے آیورویدک‘ سدھا اور یونانی ڈرگس کے تکنیکی ایڈوائزری بورڈ (ASUDTAB) ،وزارت آیوش،حکومت ہند کا ممبر چنا گیا اور اب انہیں فارموکو پیا کمیشن فار انڈین میڈیسن اینڈ ہومیوپیتھی ، وزارت آیوش،حکومت ہند کی سائنٹیفک باڈی کا بھی ممبر چنا گیا ہے۔

محسن دہلوی کبھی اپنی کامیابی پر تھمے نہیں ۔انہوں نے جدید دور کی ضروریات کو ذہن میں رکھتے ہوئے یونانی کو جدید نہج پر آگے بڑھایا ہے۔آج ہندوستان دنیا میں ذیابیطس کی راجدھانی بن چکا ہے جہاں ٹائپ۔۲ ذیابیطس سے متاثر تقریباً ۵ کروڑ افراد ہیں۔انہوں نے ۲۰۰۶ میں شگر فری کیپسول کی شکل میں یونانی دوائیں پیش کیں ، جو ہندستان میں پہلی باو راب تک کی واحد کوشش ہے۔

گہری تحقیق کے بعدانہوں نے اب شگر فری خمیرہ جات اور معجونیات پیش کی ہیں جو زمانہ قدیم سے یونانی کی انتہائی مقبول اور اہم مرکبات ہیں۔ دنیا میں کوئی دوسری کمپنی نے ابھی تک اس طرف توجہ نہیں کی۔ان مرکبات میں چینی کو چھوڑ کر کچھ بھی نہیں ہٹایا گیا ،اس کی جگہ ساربیٹول اور فرکٹو آلیگوسیکرائڈ (ایف اوایس) سے بنے مرکب کا بیس استعمال ہوا ہے۔اب ذیابیطس کے مریض اور جو لوگ چینی کو غیر ضروری سمجھتے ہیں ، پورے اعتماد کے ساتھ ان مرکبات کو استعمال کر سکتے ہیں۔

فرکٹو آلیگوسیکرائڈ (ایف اوایس) ایک قسم کی نباتاتی شکر ہے جو پیاز، لہسن، چکوری، ستاور، کیلا اور آرٹچوک وغیرہ میں پائی جاتی ہے۔صد فیصد نباتاتی جز ہونے کی بنا پر یہ آنتوں میں مفید جرسوموں کی افزائش میں مدد کرتی ہے۔ چونکہ چھوٹی آنت اور معدہ اسے ہضم نہیں کر پاتے لہذا یہ بڑی آنت میں ہضم کر پھول جاتا ہے اور مفید جرثوموں کی افزائش میں معاون ہوتا ہے نیز نقصاندہ جرثوموں کو ختم کرتا ہے۔ یہ شکر سے 0.8 گنا زیادہ میٹھا ہوتا ہے لیکن شکر کے مقابلے میں صرف 1/3 حصہ کیلوری ہی بناتا ہے۔

انسانی جسم غذا میں موجود کیلشیم کا محض ۳۰ فیصد حصہ ہی استعمال کر پاتا ہے لیکن ایف اوایس کے استعمال سے انسانی جسم کیلشیم ، آئرن ، میگنیشیم اور زنک وغیرہ کو بہ آسانی ہضم کر سکتا ہے۔ چناچہ ہڈیاں مضبوط ہوتی ہیں اور ان کا کھوکھلا پن دور ہو جاتا ہے۔

یہ خون میں موجود نقصاندہ چربی یا کولیسٹرال کو بھی کم کرتا ہے اور دانتوں کو کمزور ہونے سے بچاتا ہے۔اس کا استعمال کینسر سے مدافعت کی قوت بھی پیدا کرتا ہے۔

چینی کے استعمال سے متعدد مضرِ صحت مسائل پیدا ہوتے ہیں جیسے موٹاپا، ذیابیطس، دل کی بیماریاں وغیرہ، جبکہ ایف اوایس میں کوئی مضر اثرات نہیں ہوتے۔ایف او ایس میں شکر کے مقابلے صرف 1/3 حصہ کیلوری ہوتی ہے اور اس کا گلیسیمک انڈیکس بھی کم ہوتا ہے، جو ذیابیطس کے مریضوں کے لئے فائدہ مند ہے۔’یاماشیتا وغیرہ‘ کی طرف سے کئے جانے والے مطالعہ میں ذیابیطس ٹائپ۔۲ کے مریضوں میں، جن کا سیرم گلوکوز کنٹرول میں نہیں تھا، ظاہر ہوا کہ ۱۴ دن کے لئے غذا میں ایف یو ایس کے ۸ گرام استعمال سے سیرم گلوکوز میں کمی آئی۔صحت مند افراد کے ساتھ ایک اور مطالعہ میں گلیسیمک کنٹرول میں کوئی تبدیلی نہیں آئی۔انہیں کھانے سے پہلے خون میں گلوکوز میں ۸ فیصد کی کمی آئی، مجموعی کولیسٹرال میں ۶ فیصد کی کمی آئی اور ایل ڈی ایل کولیسٹرال میں ۱۰ فیصد کی کمی آئی۔

## (سیکرین، ایسپارٹم، سکرالوز یا کسی دوسری مصنوعی مٹھاس سے پاک)

**شگر فری مرکبات:** دہلوی اطریفل جروب دماغ-SF، دہلوی ایل کبیر-SF، دہلوی کمون-SF، دہلوی گیلینوس-SF، دہلوی جوارش میسٹک-SF، دہلوی دواء المعتدل جواہری-SF، دہلوی خمیرہ آبریشم ارشدی-SF، خمیرہ آبریشم عنّابی-SF، دہلوی گاؤزبانی عنبری جواہری-SF، دہلوی گاؤزبانی عنبری جدواری-SF، دہلوی خمیرہ موتی-SF، دہلوی آردخرمین-SF، دہلوی ثعلب مصری-SF، دہلوی فلاسفین-SF، اور دہلوی معجون ڈی۔ورد-SF۔

This is a Copyright/
Registered Trade Mark
owned by Mohsin Dehlvi
Nature is Our Laboratory

**Dehlvi Naturals**
An ISO 9001:2008 and GMP Certified Company
4 - Club Road, Delhi - 110 054
Customer Care: 011- 42141431 • Website: www.dehlvi.com

**Over 90 years of tradition and trust continues...**

M Tahir +91 9891319310